ماہنامہ

راہنمائے عملیات

لاہور

June 2018 Rs.60/-

از قلم: خالد اسحاق راٹھور

تدریس عملیات

عملیات کے طلباء کی مکمل راہنمائی

عملیات کی تعلیم دینے والوں کے لیے خصوصی تحریر

راٹھور پبلشرز
راٹھور مینشن 11/2 محمد نگر گڑھی شاہو لاہور

لکی نمبرز
نقش اولاد نرینہ
تسخیر جنات
مداح وقداح
برج سرطان
شب برات دن بارات
تھیما منڈی اور علم نجوم

مسائل کا نورانی حل

لوحِ شرف قمر	روزمرہ زندگی سے متعلق کسی بھی معاملہ کے فوری روحانی حل کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
لوحِ شرف شمس	عزت، شہرت، کامیابی، حکومت، سیاست، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، نوکری میں استحکام اور ترقی، اولادِ نرینہ، سرکاری نوکری
لوحِ شرف عطارد	تعلیم، حافظہ اور زبان دانی، کاروبار تجارت اور رزق، نوکری، دماغی امراض، اندرون و بیرون ملک سفر
لوحِ شرف زہرہ	عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے
لوحِ شرف مریخ	مخالفین پر غلبہ، دشمنوں کو شکست، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ صحت، قوت جسمانی اور مردانہ حیوانی طاقت۔
لوح شرف مشتری	مال و دولت، تجارت و کاروبار میں اضافہ، جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت مالی۔
لوحِ شرف زحل	جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے۔ وراثتی جائیداد کا مسئلہ
لوح خوش قسمتی	جب مسائل کا کوئی حل نظر نہ آئے تو عمومی خوش قسمتی کے لیے واحد علاج، بہترین مثبت اثرات۔
لوح بدنظری	بچہ کا ایک دم دودھ یا پڑھائی چھوڑ دینا، کاموں نوکری کا اچانک خاتمہ یا خرابی، چلتے کاروبار کی بندش، اچانک بیماری کا جکڑ لینا، بھوک کا خاتمہ، مرتبہ سے بلاوجہ گرنا۔
زعفرانی نقوش	بیماری چاہے کوئی بھی ہو اور کتنی پرانی یا موذی کیوں نہ ہو، ایک کورس اپنا اثر دیکھائے گا۔
طلسم تسخیر و حاجت	رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو سحر سے حفاظت، حفظ و امان یا کسی بھی مطلب و مقصد کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔
لوح نورانی و کبیر	حروف نورانی کی یہ لوح نوکری، روزگار، بزنس، اولاد، سفر، خوش قسمتی، صحت تندرستی، تعلیم حافظہ عقل و دانش، روحانیات، ردسحر، تحفظ یا جو بھی کوئی اور نیک مقصد ہو اس کے لیے موثر۔
لوح زچگی	زچہ و بچہ کی حفاظت، ان کو سحر، جادو، ٹونا اور ہر قسم کے سحری اور جسمانی نقائص اور اثرات سے حفاظت۔

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

سرپرست
خالد اسحاق راٹھور، ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر
عبدالباسط راٹھور

سب ایڈیٹر
عبدالحی راٹھور

قیمت
راہنمائے عملیات -/60 فی شمارہ

راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/850 زرسالانہ

راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/55 ڈالرز زرسالانہ (بیرون ملک)

خالد روحانی جنتری	-/250
خالد ہندی جنتری	-/250

جملہ حقوق
جملہ حقوق بحق خالد روحانی جنتری، خالد ہندی جنتری اور راہنمائے عملیات محفوظ ہیں۔ کسی بھی جریدہ میں شائع شدہ تحریر کو ادارہ کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔ ایسا کرنے پر کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت کاروائی کا حق ادارہ کو حاصل ہے۔

ویب سائٹ
www.khalidrathore.com

ای میل
kirathor@yahoo.com

فیس بک
Rehnuma-e-amliyat
Eastern Artist

دفتری اوقات کار
صبح 11:00 تا شام 06:00 تک

تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون نمبرز
0300-8442060
0321-4753240
0300-4783518
042-36293245
042-36374864

ترسیل زر:
آن لائن بنک اکاونٹ

A/C # 05570017139203
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.

بیرون ملک

Western Union, Xpress money, Ria

منی آرڈر

خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان۔

ایزی پیسہ

عبدالباسط راٹھور
Account & Phone No.
03464387683

عبدالحی راٹھور
Account & Phone No.
03464387682

موبی کیش
Account & Phone No.
03008442060

فہرست مضامین

محبان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	3
دنیا ستاروں کی روشنی میں	6
عملیاتی، روحانی وظائف واعمال	8
خالد روحانی جنتری جون 2018	10
کونسی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟	11
جسمانی امراض سے صحت	12
آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟	16
نقش اولاد نرینہ	26
تھیما منڈی اور علم نجوم کے بنیادی تصورات	30
تسخیر جنات	34
مداح وقداح	37
برج سرطان	43
شب برات دن بارات	45
لکی نمبرز	48
آئیں دماغ لڑائیں	49
کرشماتی نمبرز	49
مقدر کا سکندر	50
مہورت	51
آج کا دن کیسا گزرے گا؟	54

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 22 شمارہ 4

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور

طویل اور مختصر دورانیہ کی خاص عملیاتی کلاسز

بنیادی چلہ	ہر وہ فرد جو عامل بننے کا خواہش مند ہو اس کو یہ خصوصی چلہ کروایا جاتا ہے۔ اس کی برکت سے عامل ہر قسم کی رجعت اور بندش سے محفوظ رہتا ہے۔ عامل کا ذاتی تحفظ، آنے والے سائلین پر جو منفی اثرات اور جکڑ ہوتی ہے اس سے حفاظت۔ عاملین کی یہ شکایت کہ کسی نے ان کی روحانی قوت کو سلب کر لیا یا بندش کر دی ہے سے بچاؤ اور روحانی مدارج میں بڑھوتی کے لیے موثر ترین عمل ہے۔ (ایک کلاس۔ پانچ سو روپے)
عمل سات سلام	جسمانی امراض کے علاج کے لیے سات سلام کا عمل بہت زیادہ موثر مانا جاتا ہے۔ اس عمل کے ذریعے آپ کسی بھی جسمانی اور روحانی مرض کا علاج کامیابی سے کر سکتے ہیں۔ (ایک کلاس۔ فیس دو ہزار پانچ سو روپے)
عمل الحمد شریف	الحمد شریف کو سورۃ فاتحہ کا نام دینے کے علاوہ حمد، ام القرآن، سبع المثانی، کنز، اساس، مناجات، شفاء، دعا، کافیہ، وافیہ اور راقیہ کے ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ یہ تمام نام اُن احکام اور اثرات کو ظاہر کرتے ہیں جو اس سورۃ کے تابع ہیں۔ اس سورۃ کو رزق سے لے کر صحت اور صحت سے لے کر سحر و جادو کے دفع کرنے میں موثر مانا جاتا ہے۔ (ایک کلاس۔ فیس ایک ہزار پانچ سو روپے)
عمل سورہ جن	جنات کی تسخیر اور جناتی چلہ کشی اور جناتی علاج کے لیے سورہ جن کا عمل اپنے اندر خاص خصوصیات کا حامل ہے۔ اس سورۃ کا عامل جنات کی تسخیر سے لے کر مختلف مسائل کے حل کے لیے جناتی اعمال کا ماہر بن سکتا ہے۔ (ایک کلاس۔ فیس پانچ ہزار روپے)
چہل کاف	انسانی زندگی کے مختلف سمتوں میں روحانی عملیات کے لیے اس کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ موثر اور مجرب۔ (ایک کلاس۔ فیس دو ہزار پانچ سو روپے)
حزب البحر	تحفظ، کاٹ، جادو اور ایسے تمام امور میں استعمال ہونے والا غیر معمولی عمل۔ (ایک کلاس۔ فیس دو ہزار دو سو روپے)
عمل اللہ الصمد	ایسا عمل جس کے پُر تاثیر ہونے اور دنیا سے بے نیاز کر دینے کی تاثیر سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ (ایک کلاس۔ دو ہزار روپے)
عمل بسم اللہ	زبان، ہاتھ اور نقوش میں تاثیر پیدا کرنے کے لیے ایک خاص چلہ۔ (ایک کلاس۔ فیس ایک ہزار چھ سو روپے)
کپڑا ناپنے کا عمل	سحر و جادو معلوم کرنے کا ایک خاص عمل جس میں کپڑا پڑھائی کرنے سے چھوٹا یا بڑا ہو جاتا ہے۔ (ایک کلاس۔ فیس پانچ ہزار روپے)
زکوۃ اصغر	عامل بننے کے لیے خاص منزل اور خاص زکوۃ۔ عمل میں تاثیر اور کامیابی کا خاص چلہ۔ (فیس پانچ ہزار پانچ سو روپے)
زکوۃ اکبر	میدان عملیات کی سب سے بڑی زکات اور سب سے طاقتور عامل بننے کا واحد اور آخری طریقہ۔ (فیس سات ہزار روپے)

نوٹ:۔ بیرون شہر کے خواہشمند بذریعہ ڈاک بھی کورس کر سکتے ہیں۔ فرد کی عملیاتی امور کو سنبھالنے کے لیے تیاری کے حوالے سے تمام طلباء کو بنیادی چلہ کروایا جاتا ہے۔ داخلہ کے لیے دو عدد تصاویر شناختی کارڈ کی کاپی اور تعلیمی اسناد بمعہ داخلہ فارم جمع کروائیں۔

کلاسز

علم نجوم، علم اعداد اور علم عملیات پر کلاسز جاری ہیں

	ماہ	داخلہ فیس	ماہانہ فیس
علم نجوم	4	10,000	1100
علم اعداد	3	5000	1100
علم عملیات	6	5000	1000

رسول محبان صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ

ان صفحات کو ان محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

ہماری اس کہانی کا ہیرو اصحاب رسول ﷺ میں سے وہ شخص ہے جس کا نام عبداللہ بن حذافہ سہمی ہے۔ ممکن تھا کہ تاریخ اس شخص کی طرف بھی کوئی توجہ نہ کرتی، لیکن اسلام نے آپ کو دو ہم عصر اور اپنے وقت کے عظیم بادشاہوں---بادشاہ ایران کسریٰ اور بادشاہ روم قیصر سے ملاقات کا موقع فراہم کر دیا اور ان سے ملاقات ایک تاریخی داستان بن گئی۔

نبی کریم ﷺ نے اپنے کچھ صحابہ کے ذریعہ سے شاہان عجم کے پاس دعوتی خطوط ارسال فرمائے اور ان کو اسلام کی دعوت دینے کا ارادہ کیا۔ یہ مہم ایک پُرخطر سفر تھا جس پر روانہ ہونا موت کے منہ میں جانے کے اور اس سے زندہ سلامت واپس آنا نیا جنم پانے کے مترادف تھا۔ لہذا آپ ﷺ نے صحابہ کرام کو مشورہ کے لیے جمع کیا اور ان کے سامنے خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے۔ حمد وثنا کے بعد فرمایا ''میں تم سے کچھ لوگوں کو شاہان عجم کے یہاں سفارت پر بھیجنا چاہتا ہوں۔ تم لوگ اس میں مجھ سے اختلاف نہ کرنا جیسا کہ بنی اسرائیل نے عیسیٰ علیہ السلام سے اختلاف کیا تھا''۔

جواب میں صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ اللہ کے رسول ﷺ ہم کو جہاں چاہیں بھیج دیں۔ ہم آپ ﷺ کا ہر پیغام خوشی خوشی پہنچانے کے لیے تیار ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے ملوک عرب اور شاہان عجم کے پاس اپنے خطوط پہنچانے کے لیے چھ صحابہ کو طلب فرمایا۔ ان میں سے ایک جناب عبداللہ ابن حذافہ سہمیؓ تھے۔ انہیں بادشاہ ایران کسریٰ کے یہاں پیغام پہنچانے کے لیے منتخب کیا گیا۔(۱)

بیوی بچوں سے رخصت ہوئے اور اونٹنی پر تن تنہا اپنی منزل مقصود کا رخ کیا، وہ راستے کے نشیب و فراز کو طے کرتے اور مصائب سفر کو برداشت کرتے ہوئے ایران پہنچے تو درباریوں سے کسریٰ کے ساتھ ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا اور ان کو اس خط سے بھی آگاہ کر دیا جسے وہ بادشاہ کے لیے لے کر آئے تھے۔ خبر ملتے ہی کسریٰ نے اپنے دربار کی تزئین و آرائش کا حکم دیا اور اپنے تمام بڑے افسروں کو دربار میں طلب کیا۔ تیاریاں مکمل ہوئیں تو جناب عبداللہ بن حذافہؓ کو دربار میں طلب کیا۔ اس وقت ان کے جسم پر ہلکا سا کمبل اور معمولی سی عبا تھی اور ان کے حلیہ سے بدوی عربوں کی سادگی کا اظہار ہو رہا تھا۔ لیکن ان کا سر بہت بڑا اور قد کافی لمبا تھا اور ان کے سینے میں عظمت اسلام اور دل میں عزت اسلام کی آتش جوالہ شعلہ زن تھی۔ کسریٰ نے ایک درباری کو اشارہ کیا کہ وہ خط ان سے لے لے، مگر آپ نے کہا کہ نہیں! رسول اللہ ﷺ کا حکم ہے کہ میں یہ خط اپنے ہاتھ سے آپ کے حوالہ کروں اور میں رسول اللہ ﷺ کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کر سکتا۔ کسریٰ نے درباریوں سے کہا کہ چھوڑ دو، اس کو میرے پاس آنے دو۔ لہذا آپؓ نے خط کسریٰ کے حوالے کیا۔ اس نے اپنے عرب سیکرٹری کو بلایا (جو حیرہ کا باشندہ تھا) اور اسے اپنے سامنے خط کھولنے اور اس کو پڑھنے کا حکم دیا۔ اس نے خط کھول کر پڑھنا شروع کیا۔

''اللہ رحمان و رحیم کے نام سے۔ محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے شاہ ایران کسریٰ کو سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے.....''(۲)

خط کا اتنا حصہ سنتے ہی اس کے سینے میں غیظ و غضب کی آگ بھڑک اٹھی، اس کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا اور گردن کی رگیں تن گئیں۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے خط کا آغاز اپنے نام سے کیا تھا۔ اس نے سیکرٹری کے ہاتھ سے خط جھپٹ لیا اور اس کے مندرجات کو جانے بغیر اسے پرزہ پرزہ کرتے ہوئے چیخ اٹھا ''میرا غلام اور مجھے اس طرح خط لکھ رہا ہے؟''۔ پھر اس نے

> **حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ**
>
> حضرت عمرؓ نے آپ کے بارے میں فرمایا کہ ''ہر مسلمان پر یہ حق ہے کہ وہ عبداللہ بن حذافہؓ کے سر کو بوسہ دے اور یہ حق سب سے پہلے میں ادا کر رہا ہوں''۔ اور پھر انہوں نے جناب عبداللہ بن حذافہؓ کے سر کا بوسہ لیا۔

جناب عبداللہ بن حذافہؓ کو دربار سے نکال باہر کرنے کا حکم دیا۔ دربار سے نکلے تو انہیں اگلے حالات کا کچھ پتہ نہیں تھا کہ اب کیا معاملہ پیش آئے گا۔ پھر انہوں نے اپنے دل میں کہا ''اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ کا خط پہنچانے کے بعد اب میرا جو بھی حشر ہو مجھے اس کی قطعی کوئی پرواہ نہیں''۔

کسریٰ کا غصہ فرو ہوا تو اس نے جناب عبداللہؓ کو دوبارہ اپنے سامنے پیش کیے جانے کا حکم دیا لیکن وہ ہر طرح کی تلاش کے بعد بھی نہیں ملے۔

جناب عبداللہؓ جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے واقعات کی مکمل روداد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گوش گزار کر دی۔ پوری سرگذشت سن کر آپ ﷺ نے صرف اتنا فرمایا مزق اللّٰہ ملکہ ''اللہ تعالیٰ اس کی سلطنت کو پارہ پارہ کردے''(۳)

ادھر کسریٰ نے اپنے یمن کے گورنر باذان کو لکھا کہ اس شخص کے پاس جس نے حجاز میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے، اپنے دو قوی اور بہادر آدمیوں کو بھیجو اور انہیں حکم دو کہ اسے پکڑ لائیں اور میرے سامنے پیش کریں۔ حسب حکم باذان نے اپنے دو بہترین آدمی رسول اللہ ﷺ کی طرف روانہ کیے اور آپؐ کے لیے ایک خط بھی بھیجا جس میں لکھا کہ ''آپ بلا تاخیر ان کے ساتھ کسریٰ کے سامنے پیش ہونے کے لیے چلے آئیں''۔ ساتھ ہی انہیں ہر طرح کی معلومات کے لیے بھی کہا۔

وہ دونوں تیزی سے طائف پہنچے۔ ایک تجارتی قافلے نے انہیں بتایا کہ محمد ﷺ یثرب میں ہیں۔ اس کے بعد تاجر خوش خوش مکہ پہنچے اور قریش کو خوش خبری دیتے ہوئے کہا کہ ''یہ بات تمہارے لیے بڑی خوش کن اور مسرت انگیز ہے کہ ''کسریٰ'' محمد (ﷺ) کے درپے آزار ہو گیا ہے اور اس نے تمہیں اس کے شر سے بچا لیا ہے۔ ادھر ان دونوں نے مدینہ پہنچ کر باذان کا خط آپ ﷺ کے حوالے کرتے ہوئے ساتھ چلنے کا پیغام دے دیا۔ اور ان کی بات ماننے پر کسریٰ سے رعایت دلوانے کا بھی کہا۔ یہ بھی کہا کہ انکار کی صورت میں کسریٰ آپ اور آپ کی پوری قوم کو تباہ و برباد کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔

آپ ﷺ نے یہ باتیں سن کر مسکراتے ہوئے فرمایا کہ ''آج تو تم لوگ اپنی قیام گاہ پر واپس جاؤ، کل پھر آنا''۔ دوسرے دن انہوں نے حاضر ہو کر پھر پوچھا کہ ''کیا آپ ﷺ نے ہمارے ساتھ چلنے اور کسریٰ سے ملنے کے لیے خود کو تیار کر لیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ آج کے بعد تم کسریٰ سے نہیں مل سکو گے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے بیٹے ''شیرویہ'' کو فلاں مہینے کی فلاں رات اس کے اوپر مسلط کر کے اسے ہلاک کر دیا ہے''۔

دہشت و حیرانی کے آثار ان کے چہروں پر نمایاں تھے اور وہ ٹکٹکی باندھ کر آپ ﷺ کی طرف دیکھنے لگے۔ پھر بولے جانتے ہیں آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں؟ کیا یہ بات ہم باذان کو لکھ دیں؟ ''ہاں، اور اس کو یہ بھی لکھ دینا کہ میرا دین کسریٰ کی سلطنت کے آخری حدود تک پہنچے گا اور اسے یہ بھی لکھ دو کہ اگر تم اسلام قبول کر لو تو میں تمہارا یہ سارا زیر حکومت علاقہ تمہارے سپرد کر کے تم کو تمہاری قوم کا حکمراں بنا دوں گا'' آپ ﷺ نے جواب دیا۔

وہ دونوں واپس پہنچے اور باذان کو خبر دی، اور وہ اس بارے میں سوچنے لگا۔ چند روز بعد ''شیرویہ'' کا خط باذان کے پاس پہنچا، جس میں اس نے لکھا تھا کہ ''میں نے کسریٰ کو قتل کر دیا ہے۔ میں نے اس کو اپنی قوم کے انتقام میں قتل کیا ہے۔ اس نے ہماری قوم کے اشراف کو قتل کرنا، ان کی عورتوں کو کنیز بنانا اور ان کے اموال کو غصب کرنا اپنا شیوہ بنا لیا تھا۔ جب میرا یہ خط تمہارے پاس پہنچے تو اپنے پاس موجود تمام لوگوں سے میری اطاعت و فرمانبرداری کا عہد لے لو''۔

باذان نے اس خط کو پڑھتے ہی ایک طرف پھینک کر اپنے دخول اسلام کا اعلان کر دیا اور اس کے ساتھ ہی یمن میں رہنے والے سارے ایرانیوں نے اسلام قبول کر لیا۔(۴)

قیصر روم سے ملاقات کی کہانی ملاحظہ کریں۔

امیر المومنین جناب عمر فاروقؓ نے ۱۳ھ میں رومیوں سے جنگ کرنے کے لیے ایک فوج روانہ کی جس میں جناب عبداللہ بن حذافہؓ بھی شامل تھے۔ رومی فوج کو ہدایت تھی کہ اگر کسی مسلم سپاہی کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہو

راٹھور تسویۃ البیوت

زائچہ سازی کے لیے جن کتب کی ضرورت ہوتی ہے ان میں سے ایک اہم ترین اور نایاب تکنیکی کتاب ''راٹھور تسویۃ البیوت'' ہے۔ لگن سارنی، تسویۃ البیوت، Table of House، گھروں کی درجات وغیرہ سب مختلف نام ہیں لیکن ان سب کا معنی ایک ہی ہے۔ ''راٹھور تسویہ البیوت'' ایک ایسی کتاب ہے جو دنیا میں کسی بھی جگہ کا زائچہ بنانے کے لیے ایک ماہر نجوم کو لازم درکار ہو گی۔ یہ کتاب کسی مغربی کتاب کا چربہ یا نقل نہیں ہے۔ بلکہ پاکستان کے ماہرین علم نجوم کی ضروریات کو سامنے رکھ کر اُردو زبان میں جناب خالد اسحاق راٹھور نے محنت شاقہ سے تیار کی ہے۔

جائیں تو اسے قتل نہ کریں بلکہ زندہ اس کے سامنے پیش کریں۔ اللہ کی مرضی! اتفاق سے جناب عبداللہ بن حذافہؓ رومی فوجیوں کے ہاتھوں گرفتار ہو گئے، اور بادشاہ کے سامنے پیش کرتے ہوئے کہا کہ ''یہ شخص محمد ﷺ کے ان اصحاب میں سے ہے جنہوں نے بالکل آغاز دعوت کے زمانے میں ان کی پکار پر لبیک کہا تھا۔ ہم اس کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہو گئے اور حسب حکم آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں''۔

قیصر انہیں دیر تک بغور دیکھتا رہا۔ پھر ان سے کہنے لگا ''میں تمہارے سامنے ایک بات پیش کر رہا ہوں''۔ ''وہ کیا بات ہے؟'' آپؓ نے پوچھا۔ ''تم نصرانیت قبول کر لو۔ اگر تم نے میری بات مان لی تو میں تمہیں رہا کر دوں گا اور تمہارے ساتھ عزت و تکریم کا بہترین سلوک کروں گا''۔

آپؓ نے اس کی پیش کش کو پائے نفرت و حقارت سے ٹھکرا دیا اور حد درجہ حزم و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے جواب دیا ''یہ ناممکن ہے۔ موت مجھے تمہاری اس پیش کش سے ہزاروں گنا زیادہ محبوب ہے''۔

قیصر نے انہیں بارہا شیشے میں اتارنے کی کوشش کی، لیکن ناکام رہا۔ آپؓ نے اس کی ہر پیش کش ٹھکرا دی اور کسی دھمکی سے مرعوب نہ ہوئے۔

پھر قیصر نے انہیں چرخی پر باندھنے کا حکم دیا۔ حکم کی تعمیل ہوئی۔ جلاد سے رومی زبان میں کہا کہ ''اس کے دونوں ہاتھوں کے آس پاس تیر چلاؤ (وہ اس وقت بھی انہیں نصرانیت قبول کرنے کی دعوت دے رہا تھا)، مگر انہوں نے انکار کر دیا۔ پھر اس نے جلاد کو ان کے پاؤں کے اردگرد تیر مارنے کا حکم دیا۔ (اس دوران میں بھی وہ انہیں اپنا دین چھوڑنے کی دعوت دیتا رہا، لیکن انہوں نے پھر بھی انکار کیا) تب قیصر نے جلاد کو رک جانے کا اشارہ کیا اور تختہ دار سے نیچے اتار دیا گیا۔ پھر ایک بڑی سے دیگ میں تیل ڈلوایا اور اسے آگ پر رکھوا دیا۔ جب تیل کھولنے لگا تو اس نے مسلم قیدیوں میں سے دو آدمیوں کو بلوایا اور ان میں سے ایک کو کھولتے ہوئے تیل میں ڈلوایا۔ اس میں پڑتے ہی اس کے بدن کا گوشت الگ ہو گیا اور ہڈیاں نظر آنے لگیں۔

قیصر نے جناب عبداللہ بن حذافہؓ کی طرف رخ کرتے ہوئے پھر ان کو نصرانیت قبول کرنے کی دعوت دی۔ مگر انہوں نے پہلے سے بھی زیادہ سختی کے ساتھ اس کی دعوت کو رد کر دیا۔

مایوسی پر انہیں بھی اسی دیگ میں ڈالنے کا حکم دیا جس میں ان کے دونوں ساتھیوں کو ڈالا گیا۔ جب انہیں کشاں کشاں دیگ کی طرف لے جایا جا رہا تھا، ان کی آنکھیں اشک آلود ہو گئیں۔ سپاہیوں نے قیصر سے کہا کہ یہ رو رہا ہے۔ قیصر سمجھا کہ اب ان کی ہمت جواب دے گئی ہے۔ اس نے سپاہیوں سے کہا کہ اسے میرے پاس لاؤ۔ جب آپؓ اس کے پاس پہنچے تو اس نے پھر اس خواہش کا اعادہ کیا کہ وہ نصرانیت اختیار کر لیں، مگر جب انہوں نے انکار کر دیا تو اس نے دریافت کیا کہ پھر تم رو کیوں رہے تھے؟

''میرے دل میں یہ خیال آیا کہ عبداللہؓ! اس وقت تم اس دیگ میں ڈال دیئے جاؤ گے اور تمہاری جان نکل جائے گی، حالانکہ میری خواہش تھی کہ کاش میرے بدن میں اتنی ہی جانیں ہوتیں جتنے بال ہیں اور وہ تمام جانیں ایک ایک کر کے اللہ کے دین کے لیے اس دیگ میں ڈالی جاتیں۔ اسی خیال پر مجھے رونا آ گیا''۔ جناب عبداللہؓ نے جواب دیا۔

''اچھا کیا تم میرے سر کو بوسہ دے سکتے ہو؟'' ہرقل نے پوچھا۔ ''اگر تم ایسا کرو تو میں تم کو رہا کر دوں گا''۔

''اور میرے دوسرے تمام مسلمان ساتھیوں کو بھی؟'' جناب عبداللہؓ نے سوال کیا۔

''ہاں، دوسرے تمام مسلمان قیدیوں کو بھی تمہارے ساتھ رہا کر دیا جائے گا''۔ قیصر نے جواب دیا۔

جناب عبداللہ بن حذافہؓ کہتے ہیں کہ میں نے دل میں سوچا کہ یہ اللہ کا ایک دشمن ہے، اگر میں اس کے سر کو بوسہ دے دوں تو یہ اس کے بدلہ میں مجھے اور تمام مسلمان قیدیوں کو رہا کر دے گا۔ ایسا کر لینے میں میرا کیا نقصان ہے؟''

پھر انہوں نے قریب جا کر اس کے سر کا بوسہ لے لیا اور ہرقل نے اپنے آدمیوں سے کہا کہ تمام مسلمان قیدی جمع کر کے عبداللہ بن حذافہؓ کے حوالے کر دیے جائیں اور اس کے حکم کی تعمیل کی گئی۔

جناب عبداللہ بن حذافہؓ خلیفہ کی خدمت میں پہنچے تو انہوں نے اپنی یہ سرگذشت ان کو سنائی۔ جس کو سن کر وہ بہت خوش ہوئے اور قیدیوں کو دیکھا تو فرمایا کہ ''ہر مسلمان پر یہ حق ہے کہ وہ عبداللہ بن حذافہؓ کے سر کو بوسہ دے اور یہ حق سب سے پہلے میں ادا کر رہا ہوں''۔ اور پھر انہوں نے جناب عبداللہ بن حذافہؓ کے سر کا بوسہ لیا۔

حوالہ جات

(۱) و (۳) صحیح بخاری، کتاب المغازی، حدیث ۴۴۲۴ (۲) سیرت النبیؐ مولفہ امام ابن کثیر ۲: ۳۵۴، ۳۵۵ (۴) فتح الباری بہ حوالہ الرحیق المختوم صفحہ ۴۸۲ و ۴۸۳ / رحمت اللعالمینؐ جلد ۱ صفحہ ۲۲۶ و ۲۲۷۔

❁❁❁

اصل جواہرات سے بنی تسبیحات دستیاب ہیں۔

از: عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

ملکی اور بین الاقوامی حالات ■ سٹاک مارکیٹ کا جائزہ

پاکستان

ملک کی سیاسی صورتحال میں تناؤ اور تنقید میں اضافہ ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔ سیاسی جوڑ توڑ اور الزام تراشیوں میں ایک دوسرے کی ذاتیات پر بھی کیچڑ اچھالا جائے گا۔ ملک میں لاقانونیت بڑھے گی۔ عدلیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی سے عوام غیر مطمئن رہے گی۔

ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے پر زور دیا جائے گا۔ البتہ انڈیا کے ساتھ تناؤ اور سرحدی خلاف ورزیوں کے واقعات میں اضافے کی توقع ہے۔ ایران اور افغانستان کی طرف سے بھی سرحدی خلاف ورزیوں کے واقعات پیش آسکتے ہیں۔ خطرناک ہتھیاروں کی دوڑ میں پاکستان کو مزید کامیابیاں ملتی ہوئی نظر آتی ہیں۔

ملک میں صحت کے مسائل میں اضافہ ہوگا۔ حادثات کی شرح بڑھے گی۔ نیز وبائی امراض اور جلدی امراض بھی بڑھنے کی توقع ہے۔ بے روزگاری کی شرح میں بھی نسبتاً اضافہ ہوگا۔ ملک میں اعلیٰ تعلیم کا حصول کمزور اور غریب طبقے کے لیے ناممکن ہوتا جائے گا۔ آئندہ آنے والے وقت میں اعلیٰ تعلیم کا حصول مزید مہنگا اور ناممکن ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔

فصلوں کی پیداوار بہتر بنانے اور جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ پانی کے مسائل حل ہونے کی بجائے مزید خراب اور ابتر صورتحال اختیار کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

نواز شریف صاحب کے لیے جاری وقت مشکلات اور کمزور فیصلوں کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ قانونی مشکلات مزید بڑھتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔ البتہ عوامی مقبولیت میں بہتری کی توقع ہے۔ جہاں ان کے سیاسی حریف ان پر الزامات اور تنقید کی بوچھاڑ کرتے تو نظر آئیں وہاں نواز شریف صاحب بھی مزید سختی سے مقابلہ کی پوزیشن میں بڑھتے نظر آتے ہیں۔

عمران خان صاحب کے لیے مقبولیت کے حوالے سے قدرے بہتر وقت ہے۔ ان کے ساتھ چلنے والوں میں مزید اہم شخصیات کی شمولیت متوقع ہے۔ البتہ اس عرصے میں انہیں اپنی گفتگو کے دوران زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ ورنہ جذباتی انداز میں ایسی گفتگو یا بیانات دے سکتے ہیں جس کی بعد میں تردید یا وضاحت کرنی پڑ جائے۔



آصف علی زرداری صاحب اس ماہ کے آخری عشرے سے کافی زیادہ متحرک اور بہتر حکمت عملی کے ساتھ میدان سیاست میں نظر آئیں گے۔ سندھ کے علاوہ دوسرے صوبوں میں بھی اپنی سیاسی اپیل بڑھانے پر زور دیں گے۔

اسٹاک مارکیٹ

پہلا عشرہ قدرے مندی کے رجحان کو ظاہر کر رہا ہے۔ آخری دو عشروں میں اونچ نیچ کے ساتھ قدرے بہتری دیکھنے کو ملے گی۔

مالیاتی ادارے

یکم تا 13 تاریخ کا عرصہ اونچ نیچ کے ساتھ مندی کے رجحان کو ظاہر کر رہا ہے۔ اس کے بعد قدرے بہتری دیکھنے کو ملے گی۔

آئل اینڈ گیس سیکٹر

اس ماہ اونچ نیچ کے ساتھ ملا جلا رجحان رہے گا۔ البتہ آخری

عشرے میں قدرے تیزی کی توقع ہے۔

ٹیلی کام سیکٹر

اونچ نیچ کے ساتھ قدرے مندی کا رجحان رہے گا۔ خصوصاً آخری ہفتے میں۔

ٹیلی کام سیکٹر

پہلے دو ہفتے قدرے تیزی کے رجحان کو ظاہر کر رہے ہیں۔ اس کے بعد قدرے ملا جلا رجحان رہے گا۔

سیمنٹ سیکٹر

مجموعی طور پر ملا جلا رجحان رہے گا۔ البتہ آخری ہفتے میں مندی کا رجحان بڑھے گا۔

فوڈ سیکٹر

پہلے عشرے میں قدرے تیزی دیکھنے کو ملے گی۔ آخری دو عشروں میں ملا جلا رجحان رہے گا۔

کھیل اور کھلاڑی

حقیقت یہ ہے کہ کھیل کا میدان بھی عملی طور پر میدان جنگ ہوتا ہے۔ ہاں اُصولوں میں فرق ہوتا ہے۔ تاہم کامیابی کے لیے پوری توانائی کا استعمال دونوں جگہوں پر ہوتا ہے۔ کسی بھی کھیل کا شوق ہو بطور کھلاڑی بلڈ سٹون کا استعمال آپ کے اندر غیر معمولی گرم جوشی اور طاقت پیدا کرنے کے ساتھ آگے بڑھنے اور کامیاب ہونے کی اُمنگ دیتا ہے۔ سو کھلاڑیوں کو بلڈ سٹون کا استعمال کرنا چاہیے۔ یہ جسم اور دماغ دونوں کو تیزی، چستی اور طاقت دینے کا باعث ہوگا۔

بلڈ سٹون

بین الاقوامی حالات

امریکہ

دوسرے ممالک کے ساتھ تنازعات بڑھتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ معاشی حوالے سے بھی اچھا وقت نہیں۔ اسٹاک مارکیٹ میں بھی قدرے مندی کا رجحان رہے گا۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات خراب ہونے کی توقع ہے۔ البتہ دوست ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر ہونے اور تجارتی سرگرمیاں بڑھنے کی توقع ہے۔ ملک میں اسٹریٹ کرائم کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ بے روزگاری کی شرح میں بھی اضافے کی توقع ہے۔

برطانیہ

اسٹاک مارکیٹ میں اُتار چڑھاؤ کے ساتھ مندی کا رجحان رہے گا۔ عوام حکومتی اقدامات سے قدرے غیر مطمئن نظر آئے گی۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔ ملک میں بے روزگاری کی شرح کو کم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ جس کے مثبت نتائج آئیں گے۔

چین

حکومت کے لیے جاری وقت مشکلات میں اضافے کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ امریکہ کے ساتھ جاری سرد جنگ مزید بڑھنے کی توقع ہے۔ چین کے ملک اور ملک سے باہر جاری بڑے منصوبوں میں التواء کا عنصر آتا ہوا نظر آئے گا۔ ملک میں طب کے شعبے پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اسٹریٹ کرائم کی شرح میں کمی آئے گی۔ فصلوں کی پیداوار بہتر بنانے اور ٹیکنالوجی میں جدت لانے کے حوالے سے بھی کافی کام ہوگا۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ بھی کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔

انڈیا

حکومتی کارکردگی سے عوام قدرے غیر مطمئن رہے گی۔ حکومت کے خلاف تنقید اور احتجاجوں میں بھی اضافہ ہوتا ہوا نظر آئے گا۔ ملک میں صحت کے مسائل بڑھتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ فصلوں کی پیداوار میں بہتری آئے گی۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات استوار کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ البتہ دشمن ممالک کے ساتھ کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔

ایران

ایران کے خلاف ہونے والی بین الاقوامی سازشوں میں اضافہ ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ ملک کے اندر بھی انتشار کی فضاء بحال ہوتی دکھائی دے گی۔ فصلوں کی پیداوار اُمید کے مطابق ہوتی نظر نہیں آتی۔ دوست ممالک کے ساتھ تجارت بڑھانے پر زور دیا جائے گا۔ ملک میں صحت کے مسائل اور بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہوگا۔

افغانستان

ملک کے اندر سیکورٹی کی صورتحال قدرے غیر تسلی بخش رہے گی۔ ملک میں جرائم پیشہ عناصر کافی متحرک نظر آئیں گے۔ ملک میں حکومت اور طالبان کے درمیان ہونے والے تصادم کے واقعات میں اضافہ ہوگا۔ نیز امریکی افواج کی کاروائیوں میں بھی تیزی آتی ہوئی نظر آئے گی۔ ملک میں صحت کے مسائل بڑھتے اور وبائی امراض پھیلنے کی بھی توقع ہے۔

اس ماہ کے خاص

عملیاتی روحانی وظائف و اعمال

تحریر: عبدالباسط راٹھور

نظرات کواکب پر مضامین کا ایک خاص سلسلہ

مخالفین کے درمیان الفت کے لیے

شمس تسدیس یورانس

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	22-06-18	23-06-18	24-06-18
وقت	08:51	10:58	13:04

اگر دو گروہ یا لوگ آپس میں لڑ پڑیں اور ان کے لیے درمیان صلح کرانی مقصود ہو تو درج ذیل عمل کے ذریعے حصول مقصد کر سکتے ہیں۔ ناراض بہن بھائیوں، میاں و بیوی، رشتے داروں اور دوستوں کے درمیان صلح اور تعلقات میں بہتری کے حوالے سے تیار کر سکتے ہیں۔

آیت عمل: " والف بین قلوبھم لو انفقت مافی الارض جمیعا ماالفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیز حکیم" (سورۃ الانفال)

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۹۳۲	۹۳۵	۹۳۹	۹۲۵
۹۳۸	۹۲۶	۹۳۱	۹۳۶
۹۲۷	۹۴۱	۹۳۳	۹۳۰
۹۳۴	۹۲۹	۹۲۸	۹۴۰

والف بین قلوبھم لو انفقت مافی الارض جمیعا ماالفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیز حکیم

جن دو اشخاص کو ملانا مقصود ہو تو ان کی تصویر کی پشت پر یہ عمل زعفران سے تحریر کر کے آپس میں سرخ دھاگے سے باندھ دیں۔ دھاگہ باندھتے ہوئے یہ ورد 101 دفعہ کریں۔ ورد کو 40 دن تک روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ تصویر کو تقریباً ایک فٹ گڑھا کھود کر اس طرح دفنائیں کہ اس کے اوپر اور نیچے کوئی بھاری پتھر یا اینٹ رکھ دیں۔

صدقہ: جس دن تصویر کو دفنائیں۔ اس دن شرینی پکا کر بانٹیں۔

بخور: دوران عمل حب اگربتی اور عطر تسخیر و محبت سلگائیں۔

خوبصورت اولاد کے لیے

شرف قمر

	ابتداء شرف قمر	اختتام شرف قمر
تاریخ	10-06-18	10-06-18
وقت	12:33:25	14:17:53

حصول اولاد ہر شادی شدہ جوڑے کی خواہش ہوتی ہے اور ہر شخص چاہتا ہے کہ اس کی اولاد خوبصورت اور نیک ہو۔ حصول اولاد کے حوالے سے چند مجرب اعمال پہلے پیش کیے جا چکے ہیں۔ البتہ اس دفعہ جو عمل پیش کیا جا رہا ہے۔ وہ حصول اولاد کے ساتھ ساتھ خوبصورتی کا پہلو بھی اپنے ساتھ لیے ہوئے ہے۔

آیت عمل: "لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم" (سورہ التین، 4)

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم

۴۷۱	۴۶۸	۴۶۰	۴۷۴
۴۶۱	۴۷۳	۴۷۲	۴۶۷
۴۷۶	۴۶۲	۴۶۶	۴۶۹
۴۶۵	۴۷۰	۴۷۵	۴۶۳

لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم

۴۷۴	۴۶۰	۴۶۸	۴۷۱
۴۶۷	۴۷۲	۴۷۳	۴۶۱
۴۶۹	۴۶۶	۴۶۲	۴۷۶
۴۶۳	۴۷۵	۴۷۰	۴۶۵

لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم

ایک عدد نقش بادی چال سے تیار کریں اور 3 عدد نقش آبی چال سے بادی چال سے تیار کیے گئے نقش کو کمرہ میں ایسی جگہ لٹکائیں جہاں وہ ہوا سے ہلتا رہے اور نظروں کے سامنے ہو۔ آبی چال سے تیار کیے گئے نقوش میاں بیوی کو پینے کے لیے دیں۔ ایک نقش 7 دن استعمال کرائیں۔ نیز درج بالا آیت عمل کا ورد اپنا معمول بنالیں۔

بخور:۔ بخور نورانی کا استعمال کریں۔

صدقہ:۔ دیسی مرغ ذبح کروا کر صدقہ دیں۔

رکے ہوئے کاروبار کی بڑھوتری

عطارد تثلیث مشتری

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	19-06-18	20-06-18	20-06-18
وقت	12:26	00:43	13:08

حلال رزق کے حصول اور مالی تنگی سے نجات کے لیے نہایت موثر عمل ہے۔ اگر کسی شخص کا کاروبار ایک سطح پر جا کر رک گیا ہے اور اس میں آگے بڑھنے کے مواقع موجود ہونے کے باوجود کوئی سبب پیدا نہیں ہو رہا تو اس عمل کو ایک دفعہ ضرور آزمائیں۔ اللہ تعالیٰ کے بابرکت ناموں سے آپ کو ضرور فائدہ ہوگا۔

اسماء الحسنٰی

یا اللہ یا واسع یا واجد یا غنی یا وھاب یا علی

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا واسع یا واجد یا غنی یا وھاب یا علی

۳۵۳	۳۵۰	۳۴۲	۳۵۶
۳۴۳	۳۵۵	۳۵۴	۳۴۹
۳۵۸	۳۴۴	۳۴۸	۳۵۱
۳۴۷	۳۵۲	۳۵۷	۳۴۵

یا اللہ یا واسع یا واجد یا غنی یا وھاب یا علی

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا واسع یا واجد یا غنی یا وھاب یا علی

۳۵۶	۳۴۲	۳۵۰	۳۵۳
۳۴۹	۳۵۴	۳۵۵	۳۴۳
۳۵۱	۳۴۸	۳۴۴	۳۵۸
۳۴۵	۳۵۷	۳۵۲	۳۴۷

یا اللہ یا واسع یا واجد یا غنی یا وھاب یا علی

دو عدد نقش بادی چال سے تیار کریں اور تین عدد نقش آبی چال سے۔ آبی چال سے تیار کیے گئے نقوش کو 21 دن پئیں، یعنی ہر نقش 7 دن۔ پینے والے نقوش ختم ہونے کے بعد جو پہلی جمعرات آئے اس دن بادی چال سے تیار کیے گئے نقش کو گلے میں ڈال لیں اور دوسرا نقش دکان میں لٹکائیں۔

خیال رہے کہ دکان میں نقش فریم کر کے نہ لگائیں بلکہ اس طرح لٹکائیں کہ ہوا سے ہلتا رہے۔ انشاء اللہ کاروبار میں بڑھوتری ہوگی۔

صدقہ:۔ زردہ پکا کر تقسیم کریں۔

بخور:۔ لوبان اور مشک کی اگربتی سلگائیں۔

خالد روحانی جنتری.....جون 2018 / رمضان 1439 / جیٹھ 2075

ماہانہ تقویم					امور قمر			لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	جون	رمضان	جیٹھ	جوزا	برج	ابتداء	منزل	ابتداء	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
جمعہ	1	16	18	12			بلعہ	16:17	04:59	19:03	05:40	19:19	05:04	19:20	05:31	19:29	05:00	19:12	05:14	19:11
ہفتہ	2	17	19	13			سعود	18:22	04:58	19:03	05:40	19:20	05:03	19:20	05:31	19:30	04:59	19:13	05:14	19:12
اتوار	3	18	20	14	دلو	03:06	اخبیہ	20:33	04:58	19:04	05:40	19:20	05:03	19:21	05:31	19:30	04:59	19:13	05:14	19:12
پیر	4	19	21	15			مقدم	22:38	04:58	19:04	05:40	19:21	05:03	19:21	05:31	19:31	04:59	19:14	05:14	19:13
منگل	5	20	22	16	حوت	15:53			04:58	19:05	05:40	19:21	05:03	19:22	05:30	19:31	04:59	19:14	05:13	19:13
بدھ	6	21	23	17			موخر	00:27	04:58	19:05	05:40	19:21	05:03	19:23	05:30	19:32	04:58	19:15	05:13	19:14
جمعرات	7	22	24	18			رشا	01:44	04:57	19:06	05:40	19:22	05:02	19:23	05:30	19:32	04:58	19:15	05:13	19:14
جمعہ	8	23	25	19	حمل	02:25	ثرطین	02:25	04:57	19:06	05:40	19:22	05:02	19:24	05:30	19:33	04:58	19:16	05:13	19:15
ہفتہ	9	24	26	20			بطین	02:21	04:57	19:07	05:40	19:23	05:02	19:24	05:30	19:33	04:58	19:16	05:13	19:15
اتوار	10	25	27	21	ثور	09:03	ثریا	01:30	04:57	19:07	05:40	19:23	05:02	19:24	05:30	19:33	04:58	19:17	05:13	19:16
							دبران	23:55												
پیر	11	26	28	22			ہقعہ	21:40	04:57	19:07	05:40	19:23	05:02	19:25	05:30	19:34	04:58	19:17	05:13	19:16
منگل	12	27	29	23	جوزا	11:52	ہقعہ	18:54	04:57	19:08	05:40	19:24	05:02	19:25	05:30	19:34	04:58	19:18	05:13	19:16
بدھ	13	28	30	24			ذراعہ	15:43	04:57	19:08	05:40	19:24	05:02	19:26	05:30	19:35	04:58	19:18	05:13	19:17
جمعرات	14	29	31	25	سرطان	12:19	نثرہ	12:19	04:57	19:08	05:40	19:24	05:02	19:26	05:30	19:35	04:58	19:18	05:13	19:17
جمعہ	15	30	ہاڑ	26			طرفہ	08:51	04:57	19:09	05:40	19:25	05:02	19:26	05:30	19:35	04:58	19:19	05:13	19:18
ہفتہ	16	شوال	2	27	اسد	12:20	جبہ	05:25	04:57	19:09	05:40	19:25	05:02	19:27	05:30	19:36	04:58	19:19	05:13	19:18
اتوار	17	2	3	28			زہرہ	02:14	04:57	19:09	05:40	19:25	05:02	19:27	05:30	19:36	04:58	19:19	05:13	19:18
							صرفہ	23:21												
پیر	18	3	4	29	سنبلہ	13:40	عوا	20:54	04:58	19:10	05:40	19:26	05:02	19:27	05:30	19:36	04:58	19:20	05:13	19:18
منگل	19	4	5	30			سماک	18:55	04:58	19:10	05:40	19:26	05:03	19:28	05:31	19:37	04:58	19:20	05:14	19:19
بدھ	20	5	6	31	میزان	17:29	غفرہ	17:29	04:58	19:10	05:41	19:26	05:03	19:28	05:31	19:37	04:58	19:20	05:14	19:19
جمعرات	21	6	7	سرطان			زبانہ	16:34	04:58	19:11	05:41	19:26	05:03	19:28	05:31	19:37	04:59	19:20	05:14	19:19
جمعہ	22	7	8	2			اکلیل	16:11	04:58	19:11	05:41	19:27	05:03	19:28	05:31	19:37	04:59	19:21	05:14	19:19
ہفتہ	23	8	9	3	عقرب	00:10	قلب	16:17	04:59	19:11	05:41	19:27	05:03	19:29	05:32	19:37	04:59	19:21	05:14	19:20
اتوار	24	9	10	4			شولہ	16:52	04:59	19:11	05:42	19:27	05:04	19:29	05:32	19:38	04:59	19:21	05:15	19:20
پیر	25	10	11	5	قوس	09:29	نعائم	17:51	04:59	19:11	05:42	19:27	05:04	19:29	05:32	19:38	05:00	19:21	05:15	19:20
منگل	26	11	12	6			بلدہ	19:11	05:00	19:11	05:42	19:27	05:04	19:29	05:32	19:38	05:00	19:21	05:15	19:20
بدھ	27	12	13	7	جدی	20:52	ذابح	20:52	05:00	19:11	05:42	19:27	05:05	19:29	05:33	19:38	05:00	19:21	05:15	19:20
جمعرات	28	13	14	8			بلعہ	22:47	05:00	19:12	05:43	19:27	05:05	19:29	05:33	19:38	05:01	19:21	05:16	19:20
جمعہ	29	14	15	9					05:01	19:12	05:43	19:28	05:05	19:29	05:33	19:38	05:01	19:21	05:16	19:20
ہفتہ	30	15	16	10	دلو	09:36	سعود	00:52	05:01	19:12	05:43	19:28	05:04	19:29	05:34	19:38	05:01	19:21	05:16	19:20

روحانی مشورے

اس کے تین ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا مفید ثابت ہوگا۔ یہ کتاب آپ کو بازاری عاملوں سے بچانے، بہتر اور درست راہنمائی کرنے کا باعث ہوگی۔ اس کتاب میں انسانی زندگی سے متعلق قریباً ایک ہزار امور و مسائل کے حل کے بارے میں اسماء الحسنیٰ کے حوالے سے آسان اور مجرب اعمال کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ اعمال ایسے ہیں کہ علم عملیات کے بنیادی اصولوں سے نابلد فرد بھی توجہ و یقین سے ان سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ کتاب درج ذیل حصوں پر مشتمل ہے۔ روحانی مشورے و اعمال، برکات بسم اللہ، حروف کی روحانی و عملیات تفسیر و تاثیر، بخاری اور ترمذی سے رسول ﷺ کی دعائیں اور روحانی علاج استخارے اور اسم اعظم جیسے امور بھی اس کتاب میں زیر بحث آئے ہیں۔

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راشد

کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش و عملیات تیار کرنے والے عامل یا عام لوگ جن کو نجوم و عملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی ظاہری سعادت و نحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تا کہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون سے زیادہ سے زیادہ بہتر اور قوت اور طریق سے عمل تیار کر سکیں۔ یہ ایسے ہی ہے کہ زہرہ اور مشتری کی باہم سعد نظر کو ہر مسئلہ کا حل مانا جاتا ہے۔ لیکن اگر بلحاظ زائچہ بہ وقت اور نظر بلحاظ حساب قوی نہ ہو تو عمومی بیان کردہ احکامات کبھی پیدا نہ ہوں گے۔ اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر..... یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ؟

جون

زہرہ تثلیث مشتری	01-06-18 00:52	01-06-18 19:29	02-06-18 14:09	بلحاظ کواکب اور نظر صرف سعادت دیکھنے کو ملتی ہے تاہم بلحاظ زائچہ و کواکبی پوزیشن درحقیقت ایسا نہیں ہے۔ کامیابی کا تناسب کچھ زیادہ نہ ہوگا۔
عطارد تثلیث مریخ	01-06-18 06:24	01-06-18 19:14	02-06-18 07:57	یہ کواکبی حالت چالیس تا پچاس فی صد تک سعد اعمال میں کامیابی کی مظہر ہے۔ بہت ضروری نہ ہو تو اگلے کسی وقت عمل کر لیں۔
عطارد قران شمس	05-06-18 11:45	06-06-18 07:02	07-06-18 02:19	بلحاظ نظر ایسا وقت ہے جب کواکبی حالت کامیابی کے لیے زیادہ موثر نہیں۔
عطارد مقابلہ زحل	15-06-18 19:20	16-06-18 06:47	16-06-18 18:21	نحس نظر ہے اور اس وقت تیار کردہ اعمال نحس و نقوش نحس ساٹھ تا پینسٹھ فی صد سے زیادہ نتائج نہ لائیں گے۔ اثرات وقتی ہوں گے۔
عطارد تثلیث مشتری	19-06-18 12:26	20-06-18 00:43	20-06-18 13:08	نظری اعتبار سے سعد و طاقت ور قت ہے۔ تاہم حقیقی اعتبار سے زائچہ وقت سعد اعمال کے موثر نہ ہونے کا مظہر ہے۔ عمل کو کسی اور وقت کے لیے موخر کر دیں۔
زہرہ مقابلہ مریخ	20-06-18 23:51	21-06-18 21:55	22-06-18 19:47	یہ نظر ایسے اعمال کے لیے مجرب ہے جن میں کسی کو نقصان یا تکلیف پہنچانا مقصود ہے۔ جاری کواکبی حالات میں یہ نظر ستر تا اسی فی صد تک کامیابی لائے گی۔
زہرہ تربیع مشتری	25-06-18 02:15	25-06-18 22:20	26-06-18 18:28	نظر تو نحس ہے لیکن جاری صورت حال میں جزوی کامیابی ہوگی مکمل کامیابی کا امکان نہیں۔
شمس مقابلہ زحل	26-26-18 19:07	27-06-18 18:29	28-06-18 17:51	نحس اعمال کا اثر مکمل طور پر واقع نہ ہوگا۔ تاہم چالیس تا پچاس فی صد تک ناقص اُمور کے اعمال کامیاب رہیں گے۔

اصل جواہرات سے بنی تسبیحات دستیاب ہیں۔

جسمانی امراض سے صحت

آخری قسط

(جواہراتی طلسمات اوران کے سحری اثرات)

ہیں۔ ابتداء ناگہانی طور پر کمزوری، متلی اور بخار سے ہوتی ہے۔ جسم میں درد ہوتا ہے اور بچوں میں اسہال بھی ہو سکتے ہیں۔ نبض کی رفتار بخار سے متناسب ہونے کی بجائے کمزور ہوتی ہے۔ ایک ہفتے بعد کمر اور پیٹ پر گلابی دانے نمودار ہوتے ہیں جسے موتی جھرہ کہتے ہیں۔ اس مرحلے پر تلی بڑھ جاتی ہے۔ گلا خراب ہوجاتا ہے اور پیٹ کی سوزش بڑھ کر آنت پھٹ کر موت کا باعث بن سکتی ہے۔ مریض کی نبض کا فوری کمزور ہونا اور چہرے پر زردی اور پسینے اس بات کی علامت ہیں کہ آنت میں سوراخ ہوکر پیٹ کے اندر جریان خون ہورہا ہے۔ مزید برآں نمونیہ، دل کی بیماریاں، جوڑوں میں تکلیف، ہڈیوں میں سوزش، پتہ کی سوزش اور خون کی نالیوں کی بندش ایسی پیچیدگیاں ہیں جو بخار ٹوٹنے کے بعد بھی اپنے اثرات دکھاتی رہی ہیں۔ ٹائی فائیڈ کے مریض کو ہر حالت میں بستر پر رکھا جائے۔ غذا میں ٹھوس کی بجائے سیال اشیاء زیادہ دیں لیکن اس میں تیزابی مشروبات اور کھٹی چیزیں شامل نہ ہوں۔ غذا زود ہضم، مقوی اور کم سے کم پھوک والی ہو چنانچہ نیم ابلا انڈہ، جو کا پانی، یخنی اور میٹھے پھلوں کا جوس مفید ہے۔ دلیہ اور ساگودانہ بھی پکا کر دے سکتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ کمزوری دور کرنے کے لیے وٹامن بی اور سی کافی مقدار میں دیں۔

پتھروں سے علاج

زمرد، لاجورد اور حجر القمر استعمال کریں۔

تپ دق (Tuberculosis)

متعدی بیماریوں میں سب سے زیادہ ہونے والی بیماری تپ دق ہے۔ یہ ایک جراثیمی سوزش ہے جو بیماریوں سے تندرست افراد کو جراثیم کے ذریعہ لگ جاتی ہے۔ مریض کو سانس، کھانسی اور چھینک کے ذریعہ جراثیم گردونواح میں پھیل جاتے ہیں وہ لوگ جن کی قوت مدافعت کم ہو، وہ اس ماحول میں سانس لیں تو جراثیم ان کی سانس کی نالیوں میں داخل ہوکر وہاں سوزش کردیتے ہیں۔ تپ دق جسم کے کسی حصہ کو متاثر کرسکتی ہے مثلاً ہڈیاں، جلد، گردے، آنتیں لیکن مشہور قسم پھیپھڑوں کی دق ہے۔ کھانسی، بلغم، گلا بیٹھنا، وزن میں کمی، بھوک میں کمی، مسلسل کمزوری، رات کو پسینے اور بخار اس کی اہم علامات ہیں۔ بیماری بڑھنے پر بلغم کی مقدار میں اضافہ کے ساتھ خون بھی آنے لگتا ہے۔ احتیاطی تدابیر احتیاط کر کے اس جان لیوا مرض سے چھٹکارا حاصل کیا جاسکتا ہے۔ رہائشی کمروں میں ہوا اور روشنی کا معقول انتظام ہونا چاہیے۔ کمزوری اور بیماری کے دنوں میں بند کمروں اور بھیڑ بھاڑ سے پرہیز کریں۔ غذا میں دودھ، تازہ سبزیاں، مچھلی اور زیتون کا تیل استعمال کریں۔ چھوٹے بچوں کو تپ دق سے بچاؤ کے لیے بی سی جی کا ٹیکہ ضرور لگوائیں۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان اور نیلم استعمال کریں۔ شدید صورتوں میں سفید مروارید بطور اضافی علاج استعمال کیا جاسکتا ہے۔

تپ محرکہ (Typhoid)

ٹائی فائیڈ کے جراثیم گندے ہاتھوں، مکھیوں اور مٹھائیوں کے ذریعہ تندرست افراد کے جسم میں داخل ہوکر اسے دو ہفتوں میں بیمار کردیتے

کالی کھانسی

(Whooping Gough)

پانچ سال تک کی عمر کے بچوں میں شدید ترین متعدی بیماری کالی کھانسی ہے۔ جب یہ بیماری کسی ایک بچے کو ہوجائے تو اس کے قریب آنے والوں کو سات سے چودہ دن کے اندر سانس کی نالیوں میں شدید قسم کی سوزش اور کھانسی شروع ہوجاتی ہے۔ کھانستے کھانستے بچے کی سانس الٹ جاتی ہے۔ ایک دن میں درجنوں دورے پڑ سکتے ہیں جس کی وجہ سے کھایا پیا قے کی صورت میں نکل آتا ہے۔ دودھ پیتے بچوں کے لیے دودھ پینا ایک مسئلہ بن جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں کمزوری، نمونیا، دماغ میں جریان خون اور آنکھوں میں خون پہنچنے کی تکالیف ہوسکتی ہیں۔ بیماری عام طور پر 21 دن رہتی

ہے۔طب جدید میں اس کا حتمی علاج نہیں ہے۔کھانسی کے سیرپ دے کر مرض کی شدت کو کم کیا جاسکتا ہے۔بچوں کو وبا کے دنوں میں بھیڑ بھاڑ میں نہ جانے دیں۔بچوں کو کالی کھانسی سے بچاؤ کے ٹیکے اب حکومت کی طرف سے مفت لگتے ہیں۔یہ ٹیکہ اسی فیصد بچوں کو بیماری سے محفوظ کر دیتا ہے۔اس لیے بچوں کو شروع ہی میں یہ لگوالینا چاہیے۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان، سرخ کپڑا، سرخ دھاگہ اور کاپر کی انگوٹھی استعمال کریں۔

☆☆☆

امراض اور رنگ

ہر رنگ مخصوص مطلوبہ شعاعوں کے حامل ہوتے ہیں جن کی بدولت انسان بیماری سے صحت یابی کی طرف قدم بڑھاتا ہے۔اس لیے مختلف امراض کے ضمن میں مختلف رنگوں کے استعمال کا ذکر فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔

مختلف اعضائے جسم پر رنگوں کا اثر

کوئی رنگ جسم کے ایک عضو کے لیے مفید ہوتا ہے جب کہ دوسرے عضو کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے اس لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ جسکے کس عضو کے لیے کون سا رنگ مناسب ہوتا ہے جس کی تفصیل ذیل میں رقم کی جارہی ہے۔

1۔ سر اور دماغ: بنفشی رنگ
2۔ گردن اور حلق: نیلا یا گہرا نیلا رنگ
3۔ پیٹ: پیازی رنگ
4۔ معدہ، جگر اور آنت: سرخ، آسمانی، زرد اور بنفشی۔
5۔ پوشیدہ اعضاء: زرد رنگ
6۔ اعضائے بطن زیریں: سبز یا زردی مائل سبز یا نیلاہٹ مائل سبز۔
7۔ اعضائے تناسل: سرخی اور نارنجی رنگ۔

امراض میں رنگوں کا استعمال

ذیل میں مختلف امراض میں متعلقہ رنگوں کے استعمال پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

1۔ پھوڑا: آغاز میں سرخ اور زرد رنگ۔درمیانی مرحلہ میں۔۔ارغوانی رنگ۔شدید صورت حال میں۔۔۔سفید اور نیلا رنگ۔
2۔ دورے کا بخار: سردی لگنے پر۔۔۔آسمانی رنگ۔ بخار کی شدت میں۔۔۔۔زرد رنگ۔
3۔ بندش حیض: زرد اور سرخ رنگ۔
4۔ قلت خون: سرخ یا ارغوانی رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔بنفشی رنگ۔
5۔ وہم وفکر: آسمانی رنگ۔
6۔ آواز بند ہونا: سفید اور زرد رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔۔گہرا نیلا رنگ۔
7۔ مرگی: آسمانی رنگ۔
8۔ نزلہ: گہرا نیلا رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔۔ ارغوانی رنگ۔
9۔ سرطان: سبز رنگ یا نیلا رنگ۔
10۔ ہیضہ: آسمانی رنگ یا سبز رنگ۔
11۔ دردقولنج: آسمانی رنگ۔
12۔ قبض: زرد رنگ۔
13۔ سل: زرد اور سفید یا ارغوانی رنگ۔شدید بیماری کی

علم نجوم کے موضوع پر چند ہی کتب دستیاب ہیں۔جہاں تک وقتی نجوم کا تعلق ہے تو اس پر قابل اعتماد مواد اور کتب کا اُردو زبان میں انتہائی فقدان ہے۔خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات نے اپنے طویل تجربے کی روشنی میں علم نجوم کی ایک اہم شاخ ''وقتی نجوم'' پر یہ کتاب تحریر کی ہے۔وہ طالب جو اس حوالے سے کتاب کی تلاش میں سرگرداں تھے، اب اِن کو وقتی نجوم کے موضوع پر عظیم خزانے سے بڑی نعمت اِس کتاب کی شکل میں دستیاب ہوگئی ہے۔نجوم کے ہر ماہر اور طالب علم کو اس کتاب کا مطالعہ مفید اور نئی سمت دینے کا سبب بنے گا۔علم کے متلاشیوں کے لیے ایک خزانہ۔

صورت میں۔۔۔سبز یا نیلا رنگ۔

14۔ طاعون: آسمانی رنگ یا سبز رنگ۔

15۔ نمونیا: ہلکا یا گہرا آسمانی رنگ یا سفید رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔۔گہرا آسمانی رنگ۔

16۔ زہر: آسمانی رنگ۔

17۔ خارش: آسمانی رنگ۔

18۔ گنٹھیا: سفید یا آسمانی رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔سبز رنگ۔

19۔ کساح: بنفشی یا آسمانی رنگ۔

20۔ عرق النساء: سفید اور ہلکا آسمانی رنگ۔

21۔ جراثیمی امراض: آغاز میں سرخ اور زرد رنگ۔بعد میں۔۔۔ارغوانی رنگ۔بخار کی شدت میں۔۔۔آسمانی رنگ۔پیپ کے اخراج کے لیے۔۔۔سبز رنگ۔آخری درجہ میں۔۔۔سفید اور آسمانی رنگ۔نقاہت بعد از مرض کے لیے۔۔۔سرخ رنگ۔

22۔ تپ محرقہ: آسمانی رنگ۔قبض کی صورت میں۔۔۔زرد رنگ۔

23۔ پیشاب کی بندش: اودا رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔۔سبز اور زرد رنگ۔

24۔ بول فی الفراش: سبز اور ارغوانی رنگ۔

25۔ شکایات رحم: سفید رنگ۔

26۔ اسقاط حمل: سفید اور آسمانی رنگ۔

27۔ دوران سر: آسمانی رنگ۔

28۔ قے: آسمانی رنگ۔

29۔ زرد بخار: سفید اور گہرا نیلا رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔۔ارغوانی رنگ۔

30۔ مسے: زرد اور آسمانی رنگ۔شدید سخت مسوں کی صورت میں۔۔۔سرخ رنگ۔

31۔ کالی کھانسی: سبز رنگ۔

32۔ پیٹ کے کیڑے: ارغوانی اور زرد رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں آسمانی اور زرد رنگ۔

33۔ ضرب الشمس: آسمانی رنگ۔

34۔ سنگ رہنی: زرد اور آسمانی رنگ۔

35۔ تلی کا بڑھنا: زرد رنگ۔

36۔ نیند کی زیادتی: زرد رنگ۔

37۔ روہے: ہلکا اودا رنگ۔

38۔ خراش حلق: آسمانی رنگ۔

39۔ دانت درد: اودا اور آسمانی رنگ۔

40۔ ذات الجنب: سفید اور آسمانی رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔۔آسمانی رنگ۔

41۔ گردن کے امراض: گہرا نیلا رنگ۔

42۔ فالج: زرد اور سفید رنگ۔

43۔ موٹاپا: زرد رنگ۔

44۔ اختلاج قلب: آسمانی رنگ۔

45۔ یرقان: آسمانی رنگ۔

46۔ امراض گردہ: آسمانی اور زرد رنگ۔

47۔ انفلوئنزا: سبز رنگ۔

48۔ اخشاق الرحم: سفید اور آسمانی رنگ۔

49۔ بالوں کی سفیدی: آسمانی رنگ۔

50۔ بخار: آسمانی رنگ۔

51۔ ملیریا: زرد اور آسمانی رنگ۔

52۔ نارفارسی: آسمانی رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔۔سبز رنگ۔

53۔ چہرہ کا ورم: آسمانی رنگ۔

54۔ احتلام: آسمانی رنگ۔

55۔ استسقاء: زرد اور سرخ رنگ۔

56۔ اسہال: آسمانی رنگ۔

57۔ پیچش: زرد اور آسمانی رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔سبز رنگ۔

58۔ بہرہ پن: زرد رنگ اور آسمانی رنگ۔

59۔ ذیابطیس: زرد، سفید اور آسمانی رنگ۔

60۔ مرض سبز: سرخ یا ارغوانی رنگ۔شدید بیماری کی صورت میں۔۔بنفشی رنگ۔

☆☆ ☆☆ ☆☆

جواہرات اور تسبیحاں

ادارہ راہنمائے عملیات اصل جواہرات اور اصل پتھروں کی تسبیحاں ایک طویل عرصہ سے فراہم کر رہا ہے۔ یہ دراصل ادارہ راہنمائے عملیات پر اعتماد کی وجہ ہی ہے کہ ملک عزیز کے کونے کونے سے لوگ جواہرات اور تسبیحاں گھر بیٹھے طلب کرتے ہیں اور ادارہ بھی ان کے اعتماد پر پورا اترتا ہے۔ سو آپ بھی اصل جواہر و پتھر مناسب قیمت پر دفتر آ کر یا بذریعہ ڈاک طلب کر سکتے ہیں۔ جواہرات کی مزید تفصیل آپ ہماری ویب سائٹ پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

ذیل میں جواہرات کی کم سے کم قیمت دی گئی ہے۔ آپ ہمارے سے چاہے سستا سے سستا پتھر خریدیں یہ یقین رکھیں کہ ہوگا وہ اصل۔ جواہر کے اصل ہونے کی ہماری گارنٹی ہے۔ جو لوگ خود نہیں آسکتے وہ ہماری ویب سائٹ پر پتھروں کی تصویر اور قیمت دیکھ سکتے ہیں۔ آپ ادارہ سے اپنے پسندیدہ پتھر کی انگوٹھی یا لاکٹ وغیرہ بھی بنوا سکتے ہیں۔

جواہرات

نام پتھر	قیمت
عقیق	500
لاجورد	550
مرجان	1600
فیروزہ	2400
مون سٹون	1200
ریمومون سٹون	3600
اوپل	2200
زمرد	4200
یاقوت	2600
سنہلا پکھراج	950
پکھراج	2500
سنگ مریم	800
ایکوامرین	3200
گاڈ میڈک	1600

پیری ڈاٹ	1100
نیلم	2600
لہسنیا	900
ٹائیگر	900
گارنٹ	950
موتی	2000
فونکس/جیڈ	1500
زبرجد	1500
دانہ فرہنگ	1500
کوارڈز	2000
روز کوارڈز	1500
ایمے تھیسٹ (کٹیلا)	2000
موئے نجف	1100
درنجف	750
سنگ موسی	3000

بلڈ سٹون	1500
مقناطیس	1500
مانک	3000
سنگ یشب	4000
سنگ حدید	1250
زہر مہرہ	1000
ترملین	2200
اونیکس	1400
کنزائٹ	4000
جیسپر	1200
لیبروڈرائٹ	2100

پتھروں کے اصل ہونے کی گارنٹی ہے

جواہراتی تسبیحاں

ذیل میں مختلف جواہرات سے بنی تسبیحوں کا ذکر ہے۔ خیال رہے یہ سب اصل ہیں کوئی بھی تسبیح ان میں سے نقلی نہیں ہے۔ یہ کم سے کم قیمت ہے۔

تسبیحات	قیمت 33 دانے	قیمت 99 دانے
عقیق یمنی لال	1200	3000
عقیق سلیمانی	1500	4400
عقیق لال کٹنگ والی	5000	---
عقیق کالا	2000	4000
عقیق سبز سلیمانی	7500	---
موتی	1650	4000
صدف	2800	8000
ٹائیگر	2000	3000
لاجورد	2200	6500
جیڈ	2750	4000
دانہ فرہنگ	2500	4000
سنگ یشب	16,000	---
گارنٹ	12,500	---
پیری ڈاٹ	15,500	---
چاندی اللہ و محمد کندہ	8500	---

فون نمبرز: 0300-8442060 | 0321-4753240 | 0300-4783518 | 042-36293245 | 042-36374864

آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عبدالحئی راٹھور

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 جون

عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کریں، تھوڑا وقت لگے گا لیکن آخر کار معاملات حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی خواہش پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ ادھار یا قرضہ لینا چاہتے ہیں تو رواں دنوں میں ملنا مشکل ہے۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی دور ہو جائے گی۔ اولاد کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ لوگوں سے گفتگو کے دوران احتیاط کریں۔ آپ ایسے الفاظ کا استعمال کرتے نظر آ رہے ہیں جس سے معاملات خراب ہوں۔ داماد کے ساتھ تعلقات میں تھوڑی بہت خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے، اور اس کا فیصلہ کافی حد تک آپ کے حق میں ہوگا۔

9 تا 16 جون

کسی سے رقم یا اشیاء واپس لینی ہے تو نرم رویہ اختیار کریں آپ کو کامیابی ملے گی۔ خواہشات اور تمناء کی تکمیل نہ ہو سکے گی۔ قانونی معاملات احسن طریقے سے حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ حکام سے وابستہ کام کے حل کے لیے آپ کو سخت محنت کرنا ہوگی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبرز کھیلنے والے افراد کا ان دنوں میں انعام نکلنے کی امید ہے۔ شریک حیات کے ساتھ معاملات میں خرابی آئے گی۔ مذہبی کاموں کی طرف رجحان بڑھے گا۔ طالب علم بھی پڑھائی کی طرف خاصی توجہ دیں گے۔ غیر ضروری اخراجات میں کمی آئے گی۔ بینکوں سے قضہ لے رکھا ہے تو آپ کو رقم کی واپسی کے لیے تنگ کریں گے۔

17 تا 24 جون

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:.....

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

عددی جدول

ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ژ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ھ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ڑ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

آپ کے ذہن پر غصہ سوار رہے گا اور آپ اکثر فیصلے یا کام جلد بازی میں کریں گے۔ امتحانی نتائج کو لے کر پریشانی کی کوئی بات نہیں، انشاء اللہ بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کرسکیں گے۔ وراثتی مکان یا جائداد کا مسئلہ چلا آرہا ہے تو حل نہ ہوسکے گا۔ بیماری طوالت اختیار کرگئی تھی تو اب صحت میں بہتری کے اُمید پیدا ہوتی نظر آرہی ہے۔ رشتے کی تلاش میں ہیں تو رواں دنوں میں اچھا رشتہ ملتا نظر نہیں آرہا۔ مذہبی کاموں کی طرف توجہ رہے گی۔ نیز ان دنوں میں آپ دوسروں کو بھی تبلیغ کرتے نظر آرہے ہیں۔ مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان دنوں میں امیدیں پوری ہوتی نظر نہیں آرہیں۔ تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو کوشش جاری رکھیں کام بنتا نظر آرہا ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ان سے وابستہ کام بھی باآسانی حل ہوپائیں۔

25 تا 30 جون

اُمیدوں و خواہشات کے پورے ہونے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اندرون ملک سفر کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ خفیہ دشمنوں کو لے کر پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو مالی فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔ چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ بہو کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے کاروباری افراد کے روزگار میں بھی اضافہ ہوگا۔ قانونی معاملات کو حل کروانے کے لیے کی گئی کوششوں کے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ آپ کا رجحان خط و کتابت کی طرف کم رہے گا۔ آپ اکثر کام کرنے کا پلان بنائیں گے لیکن ان کو عملی شکل نہ دے پائیں گے۔

سعد تاریخیں	4-13-17-26
نحس تاریخیں	1-2-21-22-28

لکی نمبر	5-3-0

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 جون

عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہوجائیں گے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ آپ کے شریک حیات کو آپ کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے اگر کسی مسئلہ کا شکار ہیں تو وہ مسئلہ حل ہوجائے گا اور ان کی طرف سے بھی مزید کسی پریشانی کا سامنا نہ ہوگا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ آپ کا رجحان مذہبی کام کی طرف پہلے کی نسبت کم رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہوسکیں گے۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف پہلے کی نسبت زیادہ رہے گی۔

9 تا 16 جون

وہ افراد جو ملازمت تلاش کررہے ہیں ان کو کامیابی ملتی نظر نہیں آرہی۔ اشیاء کی خریداری کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ چند ایک خواہشات کی تکمیل ہونے کے امکانات ہیں۔ سفر کرنے کے لیے اچھا وقت ہے۔ پڑھائی اور عمرہ کے لیے بیرون ملک سفر کے لیے اپلائی کرتے ہیں تو کامیابی ملے گی۔ معاملات عشق و محبت کی طرف رجحان رہے گا۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے تنگی کا سامنا رہے گا۔ چھوٹی موٹی بیماری کا شکار ہوتے نظر آرہے ہیں۔ دشمن آپ پر حاوی رہیں گے۔ اور آپ ان کی سازشوں کا شکار ہوں گے۔ بانڈ، ریس سے مالی فائدہ ہوگا۔ شریک حیات سے چھوٹی چھوٹی باتوں پر تلخ کلامی ہوگی۔ وراثتی معاملات حل طلب ہیں تو اس کا فیصلہ آپ کی خواہش کے مطابق ہونے کی توقع ہے۔ ذہنی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

17 تا 24 جون

ساتھ کام کرنے والے اور دشمن آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنتے نظر آرہے ہیں۔ منگنی اور نکاح کی رسومات کی ادائیگی کے لے موزوں وقت نہیں ہے۔ اندرون ملک سفر کے لیے جانا ہوگا۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی کارکردگی متاثر کن نہ ہوگی۔ کسی کو ادھار دے رکھا ہے تو رواں دنوں میں مطالبہ کرنے پر واپس ملنے کے امکانات ہیں۔ قانونی۔۔۔۔ انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدے کی امید بھی ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز ان کے ساتھ گھومنے پھرنے کا پروگرام بھی بنائیں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو ان کو تھوڑا بہت کھلائیں پلائیں آپ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

25 تا 30 جون

انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدہ حاصل ہونے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ گھریلو معاملات میں بہتری آئے گی۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہوجائے گی۔ مالی معاملات کو لے کر تھوڑی بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو تلخ رہے گا۔ قرضہ لینے کی کوشش کررہے ہیں تو وہ ملنے کی توقع

ہے۔ وہ افراد جو بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے ہیں ان کو چاہیے کہ اپنی کوششیں تیز کر دیں، اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ان کو خوشخبری ملے گی۔ اولاد کے ساتھ معاملات میں خرابی آئے گی۔ شادی بیاہ اور تفریحی جگہوں پر جانے کے لیے مناسب وقت نہیں ہے نیز آپ کی لوگوں کے ساتھ گرما گرمی بھی ہوگی، سو مزاج پر قابو رکھنے کی کوشش کریں۔

سعد تاریخیں	10-15-19
نحس تاریخیں	4-23
لکی نمبر	0-6-1

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 جون

آپ کے تعلقات اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ اچھے رہیں گے۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ نیز آپ کا نوکری کے سلسلے میں اندرون ملک سفر بھی ممکن ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو نہ مل سکے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

9 تا 16 جون

بہو کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ بیرون ملک تجارت کے حوالے سے نقصان دہ وقت ثابت ہوگا۔ عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔ وہ لوگ جن کی ترقی رُکی ہوئی ہے۔ اس عرصے میں کوشش کریں بہتری کے امکانات ہیں۔ خفیہ دشمن آپ کی خواہشات کی تکمیل کی راہ میں رکاوٹ بنیں گے۔ دوسروں کو اپنی گفتگو سے متاثر کریں گے۔ مکان اور سواری کی لین دین کے دوران دستاویزات کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر کے دستخط کریں۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے فائدہ ہوگا۔ شریک حیات کا مزاج بہتر رہے گا۔ شریک حیات کی پوری کوشش ہوگی کہ ساس کے ساتھ بنا کر رکھے۔ جنسی قوت اور جنسی خواہشات میں اضافہ ہوگا۔ اولاد سے وابستہ توقعات پوری نہ ہو سکیں گی۔

17 تا 24 جون

شریک حیات کے ساتھ اچھا وقت گزرے گا۔ شراکتی کاروبار شروع کرنے کے لیے موزوں وقت ہے۔ انعامی سکیمیں کھیلنے کے لیے بہتر وقت ہی کامیابی کی امید نہیں ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام باآسانی طے پا جائیں گے۔ اپنی ذات پر خاصی توجہ دیں گے۔ قرضہ دے رکھا ہے تو رقم واپسی ملتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کا رجحان خط و کتابت اور فنون لطیفہ کی طرف بڑھے گا۔ امیدوں اور خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے موزوں وقت ہے لیکن اس کے لیے آپ کو محنت بہت زیادہ کرنا ہوگی۔ قانونی معاملات میں آپ کے دخل اندازی سے آپ کو پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہو گا۔ گھریلو حالات بہتر رہیں گے اور گھریلو سکون میسر آئے گا۔

25 تا 30 جون

ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے۔ گھریلو معاملات بھی خراب رہیں گے۔ وہ افراد جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے یا نوکری کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں ان کو کامیابی ملنے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا رہے گا۔ سیر و تفریح کریں گے۔ سواری یا جائیداد کی فروخت کرتے ہیں تو اُمید کے مطابق رقم ملنا مشکل ہے۔ آپ کا مزاج سخت رہے گا۔ گھر کی تزئین و آرائش کے حوالے سے پلان بنا رکھے ہیں تو ان کو عملی شکل دے پائیں گے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہونے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔

سعد تاریخیں	4-13-17-21-22
نحس تاریخیں	6-7-26
لکی نمبر	4-8-0

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 جون

آپ کے مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری حضرات کے کام میں خاص طور پر بہتری آئے گی اور ان کو منافع بھی ہوگا۔ لیکن اس کے لیے انہیں اکثر موقعوں پر اپنے غصے کو قابو میں رکھنا ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو فائدہ ہو گا لیکن اُمید کے مطابق نہیں۔ بڑے، بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا

کرنا پڑے گا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز اگر اولاد جوان ہے تو ان کی وجہ سے مالی حالات میں پہلے کی نسبت بہتری آئے گی۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت ہوگی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا۔

9تا 16جون

وہ لوگ جو اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کے لیے اچھا وقت ہے۔ پڑھائی کی طرف خاص توجہ دیں گے اور خاصی محنت کریں گے جس کی بدولت بہتر نتائج کی توقع ہے۔ رواں دنوں میں کسی بھی شخص کو ادھار نہ دیں، واپس لینا مشکل ہو جائے گا۔ بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔ یہ عرصہ گھریلو ماحول میں بے چینی اور ناخوشگواری کی نشاندہی کر رہا ہے۔ کاروباری حوالے سے پریشان رہیں گے۔ قانونی معاملات کے حل کی کوشش کریں، بہتر طریقے سے حل ہو جائیں گے۔ مال رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے۔ ویزے کے لیے اپلائی کرتے ہیں تو کامیابی ملے گی۔ مخالفین اور حکومتی افسران آپ کے اکثر کاموں میں رکاوٹ ڈالیں گے۔ گمشدہ چیز واپس ملنے کے امکانات ہیں۔ ساس کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ یار دوستوں سے وابستہ کام اور توقعات پوری نہ ہوں گی۔

17تا24جون

کرائے داروں کو مالک مکان کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں۔ ان کا سبب بنتا نظر آ رہا ہے۔ بیماری میں مبتلا افراد صحت یاب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ کسی شخص کو ادھار یا قرض نہ دیں، رقم کا واپس ملنا آسان نہ ہوگا۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو نقصان کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ بیرون ملک سفر کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ رواں دنوں میں کیا گیا سفر خوشگوار ثابت ہوگا اور اگر کسی خاص مقصد کے لیے سفر کرتے ہیں تو وہ مقصد بھی ضرور پورا ہوگا۔ چھوٹے بہن، بھائیوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ ملنا جلنا رہے گا۔

25تا30جون

چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا تو دور ہو جائے گی۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی، نیز گاہکوں کا آنا جانا رہے گا۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں خرچ کریں۔ علوم مخفی کے حوالے سے آپ کی دلچسپی میں اضافہ ہوگا۔ اندرون ملک سفر کرنا موزوں نہیں۔ سفر کے دوران اور بعد میں کسی نہ کسی قسم کی پریشانی رہے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام نکلنے کی توقع ہے، لیکن بکیہ آپ کے پیسے دبانے کی کوشش کرے گا۔ عدالت میں کیس چل رہا ہے تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں ہو گا۔

سعد تاریخیں	10-15-19
نحس تاریخیں	1-2-9-21-22-28
لکی نمبر	1-6-7

اسد

عرصہ حکومت	23جولائی تا23اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا8 جون

بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے تھے تو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں آپ کے گھر والے بھی آپ کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔ والدہ کے ساتھ ناراضگی تھی تو تعلقات میں اب بہتری آئے گی۔ کاروباری حضرات کو کام میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ اپنے غصے کو قابو میں نہ رکھنے کی وجہ سے آپ کا مسائل سے سامنا ہوگا۔ نیز آپ ذہنی پریشانی کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔ قانونی نوعیت کے کام درپیش ہیں تو کوشش کریں، حل ہو جائیں گے۔ انٹرلیول اور اس سے کم لیول کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف رہے گی۔ گاڑی موٹر سائیکل وغیرہ خریدنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو کوشش کریں کامیابی ملے گی۔

9تا 16جون

کھیل کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ پھنسا ہوا قرض واپس مل جائے گا۔ وہ لوگ جن کا اپنے عاشق و معشوق کے ساتھ جھگڑا تھا رواں دنوں میں منانے کی کوشش کریں۔ آپسی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں کھیلنے والے افراد رواں دنوں میں اچھا انعام حاصل کرنے میں کامیاب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ بیرون ملک مقیم رشتے داروں سے اگر کوئی توقعات وابستہ کر رکھی ہیں تو وہ رواں دنوں میں بھی پوری ہوتی نظر آتی ہیں۔ طالب علموں کے لیے اچھا وقت ثابت ہوگا۔ ان کی کارکردگی میں بہتری آئے گی، اور انہیں ان کی کارکردگی کا بہتر انعام بھی ملے گا۔ کاروباری افراد کے لیے مشکل وقت ثابت ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ ملازمین پر اعتبار نہ کریں۔ یہ بے ایمانی اور آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش میں رہیں گے۔ مال رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے۔

17تا24جون

یار دوستوں سے میل جول بڑھے گا اور چند ایک پرانے دوستوں سے بھی ملاقاتیں

کریں گے۔ اندرون ملک سفر کام کے سلسلے میں جاتے ہیں تو کام بنتا نظر نہیں آتا۔ ہمسایوں کے ساتھ آپ کو بول چال بند رہے گی۔ ماموں اور خالہ یا ان کے بچوں سے ملاقات ہو گی۔ مزدوری کرنے والے افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ کاروباری افراد کے کام میں مندی رہے گی۔ نیز سرمایہ کاری کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ سواری اور مکان کی خرید و فروخت کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ انعامی سکیمیں یا نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام نکلنے کی امید ہے۔ بہو کے ساتھ خوشگوار وقت گزرے گا۔ اگر کوئی آپسی ناراضگی ہے تو وہ بھی دور ہو جانے کے امکانات ہیں۔ نکاح یا منگنی کی رسومات کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔

25 تا 30 جون

مالی تنگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جس کی وجہ سے شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ خواہشات کے پورے ہونے کی توقع کرنا بے کار ثابت ہو گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، ملنے کی اُمید ہے۔ جس شخص سے قرضہ لینا ہے اس کی باتوں کو برداشت کریں، جتنا ہو سکے کم بولیں، کیونکہ آپ کے منہ سے ایسے الفاظ نکلیں گے کہ آپ کے اکثر ہوتے ہوئے کام رُک جائیں گے۔ طالب علموں کی تعلیم کی طرف توجہ بڑھے گی نیز ان کی سبق یاد کرنے اور تعلیم سے متعلق دوسرے کاموں کو کرنے کی صلاحیت میں بھی اضافہ ہو گا۔ ذہنی پریشانی کا شکار ہیں تو وہ دور ہو جائے گی۔

سعد تاریخیں	9-13-17-26
نحس تاریخیں	4-23
لکی نمبر	6-8-9

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 جون

آپ کے تعلقات اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، سفر ممکن ہے۔ اگر آپ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو آپ کی صحت میں بہتری آئے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، آپ کو کامیابی ملے گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہو گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل ہو جائیں گے۔ آپ کو اپنے دشمنوں سے خطرہ نہیں ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ سیر و تفریح کے لیے کم ہی جائیں گے۔ قریبی رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔ کسی مقدمے کا شکار ہیں تو کوشش کریں وہ مقدمہ حل ہو جائے گا۔

9 تا 16 جون

کاروبار میں بہتری آئے گی۔ کاروبار مزید بڑھے گا وہ افراد جو نیا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں یا کاروبار میں مزید پیسہ لگانا چاہتے ہیں وہ لوگ اس سلسلے میں ادارے سے ذاتی مشاورت لیں۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت سے منسلک لوگوں کے لیے بہترین وقت ثابت ہو گا۔ کچھ خفیہ دشمن آپ کو جسمانی طور پر نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ بیرون ملک سفر کے لیے کی گئی کوششوں کے بہتر نتائج رونما نہ ہو گے۔ رشتے اور منگنی کے لیے موزوں وقت ہے۔ ملازمین اور اپنے سے کم درجے کے لوگ محتاط رہیں۔ آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ خواہشات کی تکمیل ممکن ہے۔ بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ اچھا وقت گزرے گا۔ خریداری کے لیے جانا ہو گا۔

17 تا 24 جون

قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہونے کی توقع نہیں ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے وقت پریشانیاں لے کر آ رہا ہے۔ مکان، سواری کی خرید و فروخت کے لیے اچھا وقت ہے۔ ان دنوں میں عرصہ گزار سے نہ حل ہوئے کام بھی حل ہونے کی امید ہے۔ وہ طالب علم جو بیرون ملک جانا چاہتے ہیں۔ ان کا کام بنتا نظر نہیں آ رہا۔ ملازمین پر غیر ضروری اعتبار کرنا آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہو گا۔ مالی معاملات میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ادھار دی ہوئی رقم واپس ملنے کے امکانات نظر نہیں آ رہے۔ وراثتی معاملات بھی آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ یار دوستوں سے میل جول زیادہ ہو گا۔ پچھلے کچھ دنوں میں اگر کوئی چیز گم ہوئی تھی وہ واپس مل جائے گی۔

25 تا 30 جون

چوٹ لگنے کا خدشہ ہے۔ سامان کے معاملے میں احتیاط برتیں، چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔ گھر کی مرمت پر اخراجات ہوں گے۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو وہ ملنے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ گھریلو معاملات بہتر رہیں گے۔ حکومتی افسران کے پاس مسائل کے حل کے لیے جاتے ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے لیکن کسی قسم کا خوف وغیرہ تھا تو وہ ختم ہو جائے گا۔ منگنی یا نکاح کی رسومات کی ادائیگی کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ عزت و وقار میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بڑھے گی۔ ٹیسٹ یا امتحان کے نتائج بھی بہتر آئیں گے۔

سعد تاریخیں	10-15-19
نحس تاریخیں	6-7-26
لکی نمبر	6-5-2

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ژ، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 جون

لوگوں کے ساتھ اندازِ گفتگو میں پہلے کی نسبت بہتری آئے گی۔ جس کی وجہ سے آپ کے ان سے درپیش کام بھی باآسانی حل ہو جائیں گے۔ اگر آپ کو مالی حوالے سے پریشانی کا سامنا تھا تو وہ پریشانی بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس عرصہ میں نہ مل سکے گا۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں، پہلے کی نسبت بہتری آئے گی۔ شراکتی اکاونٹ کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ انعامی سکیمیں کھیلنا آپ کے لیے نقصان دے رہے گا۔ سیر و تفریح کے پروگرام بنائیں گے، لیکن جا نہ سکیں گے۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

9 تا 16 جون

وہ افراد جن کو صحت کے حوالے سے پریشانی کا سامنا ہے رواں دنوں میں صحت یاب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ عشق و محبت کے معاملات میں بگاڑ پیدا ہو سکتا ہے۔ وہ لوگ جو بڑا قرضہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں انہیں اس عرصے میں قرضہ ملنا مشکل ہے۔ بڑے، بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ جھگڑا ہو سکتا ہے۔ اچھا اور بہتر مشورہ دینے والے لوگ ملیں گے۔ بچوں کے حوالے سے گھر میں کافی پریشان کن ماحول رہے گا۔ انٹرلیول تک کے طالب علم پڑھائی پر پوری طرح توجہ نہ دے پائیں گے اور ان میں سستی کا عنصر موجود رہے گا۔ وراثتی معاملات کا حل نہ نکلے گا اور اگر نکلا بھی تو آپ کے حق میں نہ ہو گا۔ بیرون ملک لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہوں گی۔ سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو گا۔

17 تا 24 جون

اپنی ذات کی طرف کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ کچھ ان بن ہوتی نظر آ رہی ہے۔ سیر و تفریح کا پلان بنائیں گے لیکن جانا نہ ہو سکے گا۔ کاروبار کا آغاز کرنے کے لیے موثر تاریخیں نہیں۔ اگر کاروبار کی شروعات کی گئی تو فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہو گا۔ اندرون یا بیرون ملک کام کے سلسلے میں سفر کرنا پڑ سکتا ہے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کے حل کے لیے اچھا وقت ہے۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں۔ ان کا سبب بنتا نظر آ رہا ہے۔ عبادات کی طرف رجحان بڑھے گا۔ مالی معاملات کے سوائے سے دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہمسایوں سے میل ملاقات ہو گی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔

25 تا 30 جون

غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہو گا۔ بیرون ملک سفر کرنے کی خواہش پوری نہ ہو سکے گی۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ اپنی کوششوں کو جاری رکھیں، کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کافی محنت کریں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو کوئی انعام نہ نکلے گے۔ شریک حیات کے ساتھ خوشگوار وقت گزرے گا۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں گے۔ قانونی معاملات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوتا نظر نہیں آتا۔ ان دنوں میں کوشش یہی کریں گے قانونی معاملات سے دور رہیں اور ان کو آگے ملتوی کرنے کی کوشش کریں۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے میل جول رہے گا۔

سعد تاریخیں	4-13-17-26
نحس تاریخیں	1-2-9-28
لکی نمبر	4-8-9

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 جون

ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ نجیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو حل ہو جائیں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ معاشرے اور دوسرے لوگوں کی نظر میں آپ کی عزت برقرار رہے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ خراب رہیں گے۔ لڑائی وغیرہ ہوتی ہے تو آپ مخالفوں پر حاوی رہیں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔

9تا 16جون

ملازمین کے ذریعے فائدہ ہوگا۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ بہت سی اُمیدیں اور خواہشات پوری ہوں گی۔ بیرون شہر تجارت کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ عشق ومحبت کے معاملات پر توجہ دس گے۔ گھریلو ذمہ داریوں کو پوری طرح انجام دے پائیں گے۔ کچھ لوگ بھی آپ کے گھریلو معاملات خراب کرنے کی کوشش کریں گے۔ صحت اچھی رہے گی۔ یار دوست مددگار ثابت ہوں گے۔ دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ شریک حیات یا جنس مخالف کی وجہ سے اخراجات ہوں گے۔ جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو بڑا انعام نکلنے کی توقع ہے۔ کھیل کے میدان میں کامیابی ملے گی۔ ملازمت پیشہ افراد نوکری میں درپیش پریشانیوں اور دباؤ سے نجات حاصل کریں گے۔

17تا24جون

شریک حیات کے ساتھ کچھ ان بن ہوتی نظر آرہی ہے۔ اندرون ملک سفر کے لیے جانا ہوگا۔ خفیہ دشمن اور مخالف آپ کو نقصان پہنچانے اور آپ کے کاموں میں رکاوٹ بنتے نظر آرہے ہیں۔ گھریلو حالات خراب رہیں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلنے والے افراد کو مشورہ ہے کہ ان دنوں مت کھیلیں، نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔ خواہشات کی تکمیل میں مشکلات کا سامنا رہے گا۔ اعلیٰ افسران سے کام نکلوانے کے لیے آپ کو کافی تگ ودو کرنی پڑے گی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی کارکردگی بہتر رہے گی۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اخراجات میں اضافہ بھی ہوگا۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ عبادات کی طرف رجحان زیادہ رہے گا اور سکون بھی میسر آئے گا۔ شراکتی بنیادوں پر کرنے والے کاموں میں کامیابی کی امید نہیں ہے۔

25تا30جون

اُمیدوں کے پورے ہونے کی کوئی توقع نظر نہیں آرہی نہ ہی آپ اس کے لیے کوئی کوشش کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ وہ افراد جو نیا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں ان کے پاس سعد وقت ہے۔ کسی سے رقم لینی ہے تو وہ شخص آپ کے پیسے دبا کر بیٹھا رہے گا اور واپس نہ کرے گا۔ آپ کی توجہ عشق ومحبت جیسے کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو مالی فائدہ ملنے کی توقع ہے۔ گھر کے بڑے بزرگوں کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ ڈرائیونگ کرتے وقت اور سڑک پر پیدل چلتے ہوئے احتیاط کریں، حادثہ کا خدشہ ہے۔ علوم مخفی میں دلچسپی بڑھے گی نیز جواہرات پہننے کا شوق چڑھے گا۔ (قیمتی اور نایاب جواہرات آپ ہمارے ادارے سے حاصل کرسکتے ہیں)۔

سعد تاریخیں	15-19
نحس تاریخیں	4-23
لکی نمبر	6-0-1

قوس

عرصہ حکومت	23نومبر تا21دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا8 جون

آپ کو اپنے دشمنوں سے کوئی خطرہ نہیں آپ اپنے دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ آپ کے اخراجات بھی قابو میں آتے نظر آرہے ہیں۔ قانونی نوعیت یا مقدمہ وغیرہ جیسے مسائل ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ آپ کی اپنے داماد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ آتی رہے گی۔ آپ کو اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے زیادہ محنت کرنا پڑے گی۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہنا آپ کے لیے بہتر ثابت ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ اندرون ملک سفر کے بارے میں سوچ رہیں ہیں تو سفر ممکن نہیں ہے۔

9تا 16جون

کاروباری حوالے سے کوئی بڑی کامیابی مل سکتی ہے۔ کسی کو دیا ہوا قرض واپس مل جائے گا۔ آپ کے بچے آپ کی عادتوں کو تھوڑا بہت اثر لیں گے۔ موسیقی وغیرہ میں دلچسپی لیں اور ایسی چیزوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات زیادہ اچھے نہ ہوں گے۔ بیرون شہر جاتے وقت صحت کا خاص خیال رکھیں اور کھانا دیکھ کر کھائیں۔ ورنہ بیمار ہو سکتے ہیں۔

تحفظ سحر وجادو

لہسنیا کالا

جادو وسحر وغیرہ جیسے معاملات میں تحفظ وحفاظت کے لیے اونکیس کا استعمال مفید وموثر پایا گیا ہے۔ صرف اصل کالے رنگ کا اونکیس تو فائدہ دے گا۔ نقل یا پلاسٹک کا پتھر مفید نہیں ہوتا۔ جادو چاہے کالا ہو یا سرخ یا نیلا، پیلا اس کے تحفظ کے حوالے سے اونکیس اگر اصل مل جائے تو مفید ثابت ہوگا۔

والد یا سسر کی وجہ سے مالی فائدہ ملنے کی توقع ہے۔ عزت وشہرت اور اعلیٰ مرتبہ کے حصول کے لیے سخت کوشاں رہیں گے اور اسی حوالے سے کافی حد تک مثبت اثرات دیکھنے کو ملیں گے۔ قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت کے لیے موزوں وقت نہیں۔ سیر وتفریح کے لیے جائیں گے۔ افوائیں سننے کو ملیں گی اس لیے سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔

17 تا 24 جون

خواہشات کی تکمیل ہوتی نظر نہیں آرہی ہے۔ یار دوستوں کے ساتھ میل جول کم رکھیں۔ آپس میں تلخ کلامی ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں اپنی ذات پر خاصی توجہ دینے کی ضرورت ہیں۔ ساتھ کام کرنے والے افراد آپ کے لیے پریشانیاں پیدا کرتے نظر آرہے ہیں۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف رجحان رہے گا۔ حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی مسائل ہیں تو وہ ان دنوں میں حل ہو جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ اچھا وقت گزرے گا۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں۔ ان کو وہ بہتر رشتہ ملتا نظر آرہا ہے۔

25 تا 30 جون

کاروبار کے سلسلے میں یا کسی بھی اور کام کے سلسلے میں سفر کرنا موزوں ثابت نہ ہوگا۔ دوران سفر اور اس کے بعد بھی آپ کسی نہ کسی پریشانی میں گھرے رہیں گے۔ گھریلو معاملات میں بہتری آئے گی۔ گھر کی مرمت اور تزئین و آرائش کی طرف توجہ دیں گے۔ موسیقی اور نغمے سننے میں دلچسپی لیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ وہ طالب علم جنہوں نے امتحان یا ٹیسٹ وغیرہ دے رکھے ہیں، ان کے نتائج بھی بہتر آئیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ سیر وتفریح اور کھانے پینے کے لیے جائیں گے۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری کی کوئی اُمید نہیں، یہ عرصہ ان کے لیے مشکل ثابت ہو گا۔

سعد تاریخیں	4-9-17-21-22
نحس تاریخیں	6-7-23
لکی نمبر	9-8-2

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 جون

آپ کے اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں ملتا نظر آرہا ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں آپ کے کام ہو جائیں گے۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ انعامی سکیمیں لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے آپ کو فائدہ نہ ہوگا۔ کسی خطرناک بیماری شکار ہیں تو آپ کی صحت میں بہتری آئے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو اپنے کاروبار میں چند ایک مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ سیر وتفریح کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو اس عرصے میں ممکن نہیں۔

9 تا 16 جون

ذرائع رسل ورسائل کے شعبے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے لیے یہ وقت اچھا ثابت ہوگا۔ زمین و جائیداد کے معاملات بہتر طریقے سے حل کر سکیں گے۔ عقل اور دانائی میں اضافہ ہوگا۔ جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام حاصل نہ کر سکیں گے۔ شریک حیات اور جنس مخالف کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہوں گے۔ گھریلو ماحول اور گھریلو معاملات خوشگوار رہیں گے۔ کرایہ داروں کو اپنے مالک مکان سے وابستہ مطالبات پورے نہ ہوں گے۔ حکام اعلیٰ آپ کے کاموں کے حل میں رکاوٹ کا باعث بنیں گے۔ اخراجات پر کافی حد تک قابو پائیں گے۔ دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ کاروباری افراد اپنے منصوبوں کو مقررہ وقت پر حتمی شکل نہ دے سکیں گے۔

17 تا 24 جون

ان مین زیادہ گفتگو سے گریز کریں، کیونکہ لوگوں کو آپ کے الفاظ کی وجہ سے تکلیف ہوگی۔ ان دنوں میں مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ شریک کار / شراکتی کاروبار سے وابستہ مسائل کو مل بیٹھ کر حل کرنے کے اچھا وقت ہے۔ عشق ومحبت جیسے کاموں سے دور رہیں۔ بدنامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قانونی مسائل کا شکار ہیں تو کوشش کرنے پر یہ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ وہ افراد جو ملٹی نیشنل فرموں اور کمپنیوں میں نوکری حاصل کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں، ان کو کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کا دھیان تعلیم کی طرف کم رہے گا۔ دشمنوں کی طرف سے کسی قسم کی پریشانی کا اندیشہ نہیں۔ کتابیں، اخبار پڑھنے کا شوق اجاگر ہوگا۔

25 تا 30 جون

وہ افراد جو بیرون ملک سفر کے لیے کوششیں کر رہے ہیں ان کو چاہیے کہ صبر کریں، کیونکہ رواں دنوں میں سفر کرنا موزوں نہیں، حادثہ کا خدشہ ہے۔ مالی تنگی کا شکار رہیں گے۔ وراثتی معاملات کو مل بیٹھ کر حل کرنے کی کوشش کریں فیصلہ آپ کے حق میں بہتر ثابت ہوگا۔ بُرے خیالات یا خواب آرہے تھے تو وہ بھی آنا ختم ہو جائیں گے۔ خط وکتابت اور کمپیوٹر کے استعمال پر آپ کا رجحان زیادہ رہے گا۔ صحت

کے حوالے سے احتیاط کریں، صحت میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو پائیں گے۔ خفیہ دشمنوں سے کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے۔

سعد تاریخیں	10-19
نحس تاریخیں	1-2-9-21-22-28
لکی نمبر	1-4-0

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 جون

حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی مسائل ہیں تو وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروباری حضرات کے کاموں میں بہتری آئے گی۔ شراکتی اُمور تصفیہ طلب ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر نہیں آ رہے ہیں۔ آپ کو اپنے دشمنوں سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں سفر ممکن ہے۔ آپ کے اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ والدہ کے ساتھ تعلقات میں ان بن رہے گی۔ ملازمین سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے ہیں۔

9 تا 16 جون

شریک حیات کا مزاج کافی سخت رہے گا اور وہ جلد غصے میں آ جائے گا/گی۔ ساس کے ساتھ بھی تعلقات خراب ہوں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے اچھے تعلقات رہیں گے اور آپ کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔ بیرون ملک یا عمرہ پر جانے کی کوششوں میں رکاوٹیں آئیں گی۔ آپ اپنے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کا بھرپور استعمال کریں گے۔ اور آپ کے کئے گئے فیصلے درست ثابت ہوں گے۔ سواری وغیرہ کی خرید و خروخت کے لیے بہتر وقت نہیں ہے۔ دوست وغیرہ مددگار ثابت ہوں گے۔ قانونی لڑائی جھگڑوں کے سلسلے میں آپ کے اخراجات ہوں گے۔ ملازمین اور اپنے سے کم درجے کے لوگوں سے وابستہ کام باآسانی پوری ہو جائیں گے۔ سامان کی خریداری کرنے کے لیے بازار جانا ہوگا۔

17 تا 24 جون

اپنی ذات کی طرف کوئی خاص توجہ دیتے نظر نہیں آ رہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو ان دنوں میں مندی دیکھنے میں آئے گی۔ وہ طالب علم جو تعلیم کے حصول کے لیے بیرون ملک جانا چاہ رہے ہیں ان کا کام بنتا نظر نہیں آ رہا۔ پرانے یار دوستوں سے ملنے کا اتفاق ہوگا۔ ان کو اپنی پریشانیاں بیان کریں۔ قوی امکانات ہیں آپ کی مدد کریں گے۔ قرض دی ہوئی رقم واپسی کا مطالبہ کرنے میں ان دنوں میں ملنے کی امید ہے۔ انعامی سکیمیں کھیلتے میں تو ان سے انعام حاصل کر سکیں گے۔ گھریلو معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ مالک مکان سے مکان کی مرمت یا کرایہ کا مسئلہ چل رہا ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔

25 تا 30 جون

وراثتی معاملات مزید اُلجھنیں اختیار کر جائیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام نکلنے کی اُمید نہیں ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ انداز گفتگو میں بہتری آئے گی۔ لوگوں کو اپنی بات پر جلد قائل کر لیں گے۔ منگنی، نکاح کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ عشق و محبت جیسے کاموں سے دور رہیں، یہ آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ بہن بھائیوں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ سفر کرنے کے لیے موزوں وقت ہے۔ وہ افراد جو مستقل بیماری کا شکار ہیں ان کو چاہیے کہ صحت کے حوالے سے احتیاط برتیں۔ معاشرے میں آپ کی عزت اور مقام برقرار رہے گا۔ حکومتی افسران سے وابستہ کام کے حل کے لیے تھوڑی محنت کرنا ہوگی، کام حل ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	9-13-21-22-26
نحس تاریخیں	1-2-23-28
لکی نمبر	4-3-7

طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ جبکہ دوسرا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت، تسخیر، شادی، اتفاق، تفریق، الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کئے ہیں۔ اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسئلے کا حل لیے ہوئے ہے۔ نئے ایڈیشن میں چند اہم مضامین کا خصوصی اضافہ کیا گیا ہے۔ ایک جامع اور آسان فہم کتاب۔

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نپچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9،6،3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 جون

آپ کے مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو کوشش کرنے سے حل ہو جائیں گے۔ اس عرصے میں آپ کو چند ایک مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں سے محتاط رہنا ہوگا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کی اپنی ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ آپ کے انداز گفتگو میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔

9 تا 16 جون

اس عرصہ میں کوئی نیا دوست نہ بنائیں کیونکہ کوئی اچھا یار دوست ملنے کی توقع نہیں ہے۔ والد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے اور والد سے متعلق خواہشات پوری ہوں گی۔ آپ کے اخراجات کا تناسب کافی بڑھا رہے گا۔ آپ کا مزاج اچھا رہے گا۔ اور اپنی ذات پر خاصی توجہ دیں گے۔ جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام ملنے کا امکان ہے۔ شادی بیاہ اور تقریبات میں شرکت کریں گے۔ وراثتی معاملات طے نہ پا سکیں گے۔ لوگوں سے وابستہ اُمیدیں اور خواہشات پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ لیکن اس کے لیے آپ کو خود بھی ہاتھ پاؤں مارنے پڑیں گے۔ برے خواب آئیں گے۔ دشمن آپ کے لیے مسائل پیدا کرتے نظر آ رہے ہیں۔ دشمنوں سے مقابلے اور محفوظ رہنے کے لیے لوح تحفظ استعمال کریں۔ لوح ادارے سے حاصل کر سکتے ہیں۔ کاروباری افراد کے کام میں اضافہ ہوگا۔

17 تا 24 جون

بہن بھائیوں کے ساتھ کچھ ان بن ہوتی نظر آ رہی ہے۔ قانونی معاملات اور وراثتی معاملات مزید پیچیدگیاں لیتے نظر آئیں گے۔ اگر قانونی مقدمات کا حل نکلا بھی تو آپ کے لیے بہتر نہ ہوگا۔ اولاد کے معاملات توجہ طلب رہیں گے۔ ان دنوں میں سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ کاروبار سے وابستہ افراد کا کام چلتا رہے گا، لیکن ان کے لیے بہتر ہے کہ نئی سکیمیں بنائیں جس کے ذریعے ان کی دکانداری بڑھے گی۔ خاندان کے لوگوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ منگنی اور نکاح کی رسومات کی ادائیگی کے لیے اچھا وقت ہے۔ یہ وقت آپ کے غیر ضروری اخراجات میں اضافہ کو ظاہر کر رہا ہے۔ بیرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ خواہشات کی تکمیل کے لیے کافی محنت کرنا ہوگی۔ بازاری کھانا کھانے سے گریز کریں۔ اس عرصہ میں آپ کو صحت کے حوالے سے خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کے راستہ مین ان کے ساتھ کام کرنے والے افراد رکاوٹیں ڈالتے نظر آ رہے ہیں۔

25 تا 30 جون

منگنی یا نکاح کرنے کے لیے سعد وقت نہیں ہے۔ وہ افراد جو شراکتی کاروبار کا آغاز کرنا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ اس حوالے سے کوئی بھی بڑا قدم نہ لیں۔ کیونکہ شریک کار کی نیت صاف نہیں لگتی۔ سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ یہ پروگرام آپ یار دوستوں یا رشتے داروں کے ساتھ بنائیں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل کا شکار ہیں تو اس حوالے سے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ صحت میں بہتری آئے گی۔ خفیہ دشمن آپ کے خلاف سازشوں میں مصروف رہیں گے اور آپ کو نقصان پہنچاتے نظر آ رہے ہیں۔

سعد تاریخیں	10-15
نحس تاریخیں	6-7-26
لکی نمبر	0-5-6

☆☆☆

کتاب

مسائل کا روحانی حل

انسانی زندگی خوشی اور غمی کا امتزاج ہے۔ مسائل کا روحانی حل نامی یہ کتاب فرد کو پیش آنے والے مختلف قسم کے مسائل کا روحانی اور عملیاتی حل لیے ہوئے ہے۔ اس میں روزمرہ سے لے کر خصوصی نوعیت اور جسمانی و ذہنی ہر طرح کے مسائل کا روحانی حل شامل ہے۔

نقش اولاد نرینہ

(تحریر: شیخ عبدالخالق عباس، کراچی۔)

قارئین محترم کو السلام علیکم! آج آپ کے لیے ایک خاص مضمون کے ساتھ حاضر خدمت ہوا ہوں۔ انشاء اللہ آپ کو فیض حاصل ہوگا اور معلومات بھی۔ بہت عرصے سے میرے دوست اصرار کر رہے تھے کہ آپ اولادِ نرینہ جیسے اہم موضوع پر کچھ تحریر کریں لہذا ان کی فرمائش پر اپنی تحقیق پیش کر رہا ہوں جس سے الحمد اللہ فائدہ حاصل ہوگا۔ اولاد ایک بہت بڑی نعمت خداوندی ہے اولاد نہ ہونے کے تین اہم اسباب ہوتے ہیں۔

1۔ مرد و عورت میں پوشیدہ کمزوری۔

2۔ جناتی اثرات۔

3۔ جادو و بندش جن کی وجہ سے اولاد پیدا نہیں ہوتی۔

الحمد للہ قرآن مجید کے پاک کلام میں موت کے سوائے ہر چیز کا علاج و حل موجود ہے۔ بس ضرورت ہے غور و فکر کی، میں نے کافی ریسرچ کرنے کے بعد اس کے تینوں پہلوؤں کو سمجھ کر لوگوں کا علاج کیا اور کافی کامیابی ملی اور آج تھوڑا بہت تین اہم اسباب کے متعلق گہرائی سے بتاؤں گا۔

مرد:۔

1۔ مردانہ امراض آج کل بہت عام ہو گئے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ دین سے دوری ہے۔ لوگ دین سے دور اور شیطان کے نزدیک ہو گئے ہیں۔ انٹرنیٹ، موبائل فون نے شیطان کا کام آسان کر دیا ہے۔ بے حیائی اور فحاشی پھیلتی جا رہی ہے۔ جس کا انجام یہی ہوتا ہے کہ مردانہ کمزوری۔

2۔ مریخ کا زائچہ میں کمزور ہونا یا نحوست میں ہونا جنسی امراض پیدا کرنے کا اشارہ دیتا ہے۔

3۔ اگر مرد پر جنات کے اثرات ہوں یا جنات جسم میں قبضہ جمان ہو کر بیٹھا ہو، مرد کی مردانہ قوت ختم ہو جاتی ہے یا کمزور اور منی میں اولاد پیدا ہونے کے جراثیم بالکل صفر ہو جاتے ہیں اور ایسے مرد کی شادی ہو جائے تو یہ جناتی اثرات عورت کو منتقل ہو جاتے ہیں۔ ہم بستری کے دوران رحم میں آ جاتے ہیں اور پھر عورت بھی بانجھ ہو جاتی ہے۔

4۔ کوئی مرد کی مردانہ قوت کی جادو سے بندش کروا دیتا ہے اور اس کا توڑ اگر جلد نہ ہو تو مرد بانجھ ہو جاتا ہے۔

عورت:۔

1۔ وہ خواتین جن کی اولادِ نرینہ پیدا نہیں ہوتی اور کبھی لڑکیاں پیدا ہو کر مر جاتی ہیں، انہیں عقیمہ کہتے ہیں۔

2۔ عورت کو ام الصبیان ہو تو تب بھی اولاد پیدا ہو نہیں ہوتی۔

3۔ جس طرح مرد پر جادو کے اثرات ہوتے ہیں اور اس کی مردانہ قوت کی بندش کروائی جاتی ہے اسی طرح عورت کی کوکھ کی بھی بندش کروائی جاتی ہے۔

4۔ جنات اگر عورت پر ہوں تو اس کو لیکوریا ہو جاتا ہے، ماہواری بند ہو جاتی ہے کئی کئی مہینوں تک ماہواری نہیں ہوتی جسم پر کالے دھبے پڑ جاتے ہیں اور پیشاب میں سخت جلن پیدا ہو جاتی ہے۔

لوح شرف مریخ

دشمن سے حفاظت' انسانی ذہن کو طاقت اور ہمت دینے' مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے' دشمنوں کو شکست دینے، اِن کی تکلیفوں سے محفوظ رہنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی' صحت' سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ' تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے لوحِ شرف مریخ استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ مختلف مردانہ امراض، مسائل اور ازدواجی و جسمانی مسائل کے حل' مردانہ طاقت' صحت' جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لیے لوحِ شرف مریخ لاجواب ہے۔ کالا جادو ہو یا کالے جادو سے آپ متاثر ہوں یہ لوح آپ کو کالے جادو سے نجات دے گی' کسی بھی قسم کا کالا جادو ہو اس سے تحفظ اور کالے جادو کے اثرات کا خاتمہ ہوتا ہے۔

5۔ نظر بد سے بھی بندش لگائی جاتی ہے لہذا اگر نظر بد اتاری نہیں گئی تو سخت امراض میں مبتلا کر دیتی ہے۔ اس علاج کو کرنے سے پہلے عامل مریض کی مکمل تشخیص کرے۔

اگر خالی مرض ہے تو تب بھی اور اگر جادو یا جنات ہوں تب بھی میرا عمل کام آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نقش سے وہ خواتین جو بانجھ ہوگئی اور جن کے ہاں لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں ان کے لیے بھی ہے۔ انشاء اللہ فائدہ حاصل ہوگا۔ عقیدہ لازم کرنا ہے اور اپنے خاندان کے قیمتی نسخے اور عملیات آپ کو ہدیہ کر رہا ہوں۔ اس نقش کو عروج ماہ پہلی ساعت زہرہ جمعے کے دن میں 61 عدد تیار کریں۔ ایک گلے میں ڈالیں اور بقیہ حیض سے فارغ ہونے کے بعد عورت نہار منہ پئیں اور نیت یہ کرے کہ اللہ میرے گھر اولاد نرینہ پیدا فرما اور میں اس کا نام محمد رکھوں گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولو ان قرانا سیرت بہ الجبال او قطعت بہ

الارض او کلم بہ الموتی بل للہ الامر جمیعا

	کھیعص		۲۱۴۸		حمعسق	
	۲۱۴۷		۴۱۴		۳۱۴۹	
یامحمد		۲۱۴		۱۲۴۲		یامحمد
		۲۱۳۴		۲۱۴		
	۲۱۳۷		۲۱۴		۱۱۳۹	
★اللم		۲۱۳۸		#ااااھےما		

رب لا تذرنی فردا وانت خیر الوارثین

یہ نقش عورت کے لیے اور عورت ہر نماز کے بعد رب لا تذرنی فردا وانت خیر الوارثین 41 بار اور سورہ رحمن تین بار پڑھ کر دعا مانگے اولاد کے لیے 60 یوم تک لازمی حیض کے وقت نہیں پڑھنا۔

مرد کے لیے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا حی یا قیوم صلی اللہ علی محمد والہ اجمعین الہی بحرمۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللھم اعط ذکر ذریۃ بحق یا اللہ یا وارث یا حی یا قیوم یا احد یا صمد بحق سلام قولا من رب رحیم۔

اس نقش کو مریخ تسدیس زہرہ میں 90 عدد تیار کریں 90 دنوں تک صبح نہار منہ اور رات کو پلائیں انشاء اللہ عقل حیران ہو جائے گی۔ اللہ کے کرم سے اولاد نرینہ پیدا ہو جائے گی۔ مجھے اور ادارے کے تمام لوگوں کا اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھنا۔ شکریہ۔

★★★

السحر العجیب فی جلب الحبیب (دوم)

اس کتاب کے مصنف عبدالفتاح السید الطوخی ہیں۔ خالد اسحٰق راٹھور کی زیر نگرانی اس عربی کتاب کا اُردو ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب قدیم ترین اور عجیب و غریب عملیات و طلسمات لیے ہوئے ہے۔ محبت' حب' تسخیر' بغض' جنات اور دیگر مخلوق مثلاً ملک احمر' ملکہ عاینتہ سے کام لینے' دشمنی' صحت' ظالم کے قتل' غائب کی حاضری' چوری کے لیے' گاہکوں کو متوجہ کرنے' حمل ہونے اور بندش جیسے کم و بیش دو سو کے قریب لاجواب اور ایسے اعمال جو اس سے قبل کسی فرد کی نظروں سے نہ گزرے ہوں گے، اس کتاب کا حصہ ہیں۔ کتاب میں تمام عربی عبارت کو اعراب لگا دی گئی ہیں تاکہ پڑھنے میں آسانی رہے۔

خوشبویات

بخور، عطر، اگربتیاں، مومی خوشبویں، بخوردان

عام طور پر عملیات سے متعلق بخور وعطر وغیرہ زیادہ قیمتی ہونے کی وجہ سے بہت سے لوگوں کی پہنچ سے دور رہتے ہیں۔ کسی چھوٹے عمل یا وظیفہ یا زکات وغیرہ جیسے امور پر خرچہ اس قدر ہوتا ہے کہ بہت سے لوگ سوچتے ہیں کہ یہ خرچہ کس طرح پورا ہوگا۔ خاص کر طالب علموں کو زیادہ ایسے مسائل ہوتے ہیں۔ ان مسائل کو دیکھتے ہوئے ادارہ راہنمائے عملیات نے اپنے سال ہا سال کے تجربہ کی بنیاد پر مختلف بخور، عطر، اگر بتیاں اور مومی خوشبویں وغیرہ انتہائی کم قیمت میں فراہم کرنے کا بندوبست کیا ہے۔ آپ بھی ان کم قیمت عطریات، بخورات اور اگربتیوں سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

خیال رہے یہ کم قیمت ضرور ہیں لیکن موثر ہیں۔ کم قیمت ہونے کا مطلب ان کا بے مقصد اور غیر موثر ہونا ہرگز نہیں۔ یہ عملی لحاظ سے آپ کی تمام ضرورتیں پوری کریں گی اور آپ خود ان کی موثریت کے قائل ہوں گے۔

کواکبی بخور

مختلف کواکب کی نظرات یا شرف واوج کے دوران عاملین نے جو اعمال تیار کرنے ہوتے ہیں، ان کے لئے ہر کوکب سے متعلق خاص بخور درکار ہوتا ہے۔ آپ ادارہ سے کواکبی بخور انتہائی مناسب قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

نام بخور	قیمت 1/4 تولہ
قمر	275
شمس	275
عطارد	275
زہرہ	275
مریخ	275
مشتری	275
زحل	275

بخورات (عملیاتی)

ایک عامل نے متفرق اعمال سرانجام دینے ہوتے ہیں۔ ادارہ نے کوشش کر کے مختلف اعمال کیلئے خاص بخورات ترتیب دیئے ہیں۔ جو آپ اپنے عملیات میں مکمل اعتماد سے استعمال کر سکتے ہیں۔

قسم بخور	قیمت فی تولہ
بخور اعمال سعد (عام)	300
بخور سعد اعمال (خاص)	850
بخور نحس اعمال	400
بخور رد سحر و جادو	650
بخور نورانی	1500
بخور العرب	250
بخور الہند	250
بخور	225

بخوردان

بخورات کو استعمال کرنے یعنی جلانے کیلئے روایتی طور پر کوئلہ کا سہارا لیا جاتا ہے۔ تاہم بخور دان کی مدد سے آپ کو کوئلہ وغیرہ جلانے جیسا مشکل کام نہیں کرنا پڑے گا، کیونکہ یہ بخوردان بجلی سے چلتے ہیں اور سوئچ آن کرنے کے بعد آپ کی پریشانی ختم۔ آپ ان کو UPS پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

قسم بخوردان	قیمت
بخوردان (لکڑی)	800
بخوردان سادہ	1500
بخوردان فینسی	2500
بخوردان برائے عطر	2200

مومی خوشبویں

یہ عموماً کپڑوں یا جسم پر لگائی جاتی ہے ان کی خوشبو جہاں بہت سستی ہے، وہاں کافی وقت تک قائم رہتی ہے۔ عام استعمال کیلئے بھی مفید ہیں۔

قسم خوشبو	قیمت
مشک	75
عنبر	75
عنبر خاص	200

850 روپے

میں گھر بیٹھے 12 ماہ تک راہنمائے عملیات کا شمارہ بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک حاصل کریں۔

فون نمبرز | 0300-8442060 | 0321-4753240 | 0300-4783518 | 042-36293245 | 042-36374864

اگربتیاں

ہمارے ہاں گھر میں اگربتی جلانے کی روایت ہے۔ ذیل میں مختلف خوشبوؤں کی اگر بتیاں دی گئی ہیں۔ ان کو آپ عملیاتی اور عام گھریلو دونوں مقاصد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

نام اگربتی	تعداد	قیمت
صندل	ایک درجن	60
بخور	ایک درجن	60
غلاف کعبہ	ایک درجن	60
عود	ایک درجن	60
گلاب	ایک درجن	60
موتیا	ایک درجن	60
دربار	ایک درجن	60
لوبان	ایک درجن	60
مشک	ایک درجن	60
عنبر	ایک درجن	60
کیوڑہ	ایک درجن	60

خاص اگربتیاں

عاملین کی روزمرہ ضرورتوں اور عام لوگوں کے مختلف معاملات کے حل کیلئے یہ اگر بتیاں خصوصی طور پر تیار کی گئی ہیں۔ ایک طرف یہ سستی اور استعمال میں سادہ ہیں اور دوسری طرف اپنی تاثیر اور افادیت میں موثر ہیں۔

نام اگربتی	تعداد	قیمت
حب وسعادت	ایک درجن	300
بغض ونحوست	ایک درجن	300
شان اگربتی عملیاتی، روحانی وموکلاتی	ایک عدد	475
ردسحروجادو	ایک درجن	250

عطریات

خوشبو کا استعمال سنت نبویؐ ہے۔ ذیل میں دیئے گئے عطر آپ عام گھریلو استعمال اور عملیاتی مقاصد میں بھی کر سکتے ہیں۔ یہ عطر ہر طرح کے ممنوع اجزاء سے پاک ہے۔

نام عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
عطر گلاب	200	370	750
عطر روح گلاب	200	370	750
عطر مشک	300	570	1100
عطر عنبر	350	670	1300
عطر مشک عنبر مکس	330	630	1200
عطر چنبیلی	200	370	750
عطر صندل	200	370	750
عطر رات کی رانی	200	370	750
عطر موتیا	200	370	750
عطر خس	300	570	1100
عطر گل	2000	3900	7800
عطر زعفران	300	570	1100
عطر عود ہندی	750	1400	2800
عطر عود	1200	2300	4500
عطر دھن عود	1600	3000	5900
عطر نرگس	350	670	1300
عطر نسرین	500	950	1800
عطر کرنا	500	950	1800
عطر غلاف کعبہ	500	950	1800
عطر حجر اسود	500	950	1800
عطر زمزم	350	670	1300
عطر مکہ	350	670	1300
عطر بخور	300	570	1100
عطر اصیل	300	570	1100
مخلوط العرب	250	480	950
عطر شمامہ	550	1000	2000
عطر سلطان	260	500	1000
عطر مجموعہ	350	650	1300
عطر کیوڑہ	300	570	1100

خاص عطریات

مختلف اعمال روحانی کے مطابق عاملین کو خاص روحانی عطر درکار ہوتے ہیں۔ آپ کسی بھی عمل کے لیے حسب ضرورت یہ خاص عطریات استعمال کر سکتے ہیں۔

نام عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
عطر اعمال سعد	300	570	1100
عطر اعمال نحس	300	570	1100
عطر سبعہ کواکب	500	950	1800
عطر تسخیر ورجوع	500	1000	2000
عطر نورانی	350	670	1300
عطر ردسحروجادو	350	670	1300

کواکبی عطر

عاملین کو مختلف کواکب کے خاص اوقات اور نظرات وغیرہ کے اعمال میں کواکبی عطر درکار ہوتے ہیں۔ کواکبی عطر اور بخور دونوں عاملین اور شائقین عملیات کیلئے پیش کر دیئے ہیں۔

عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
قمر	230	400	800
شمس	230	400	800
عطارد	230	400	800
زہرہ	230	400	800
مریخ	230	400	800
مشتری	230	400	800
زحل	230	400	800

خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان۔

تھیامنڈی اور علم نجوم کے بنیادی تصورات

تحریر: سید عرفان، اسلام آباد

علم نجوم انتہائی قدیم علم جس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے قبل بھی کئی صدیوں سے تحقیق ہورہی تھی۔ یہ علم حکمران اپنے خاندان اور اپنی حکومت کی سلامتی اور امور حکومت مناسب طریقے سے چلانے کیلئے استعمال کرتے تھے اور کواکب کی چال کے مطابق فیصلے کرتے۔ اس کام کیلئے حکومت کے ملازم ماہر نجوم رات کو کواکب کی چال کا مطالعہ کرتے اور صبح اپنے مشاہدے کی رپورٹ بنا کر پیش کرتے۔ اس کی اہمیت کی وجہ سے اس پر تحقیق کا کام مختلف ادوار میں ہوتا رہا وقت کے ساتھ یہ علم ہر اس قوم کے استعمال میں رہا جس نے علم وتہذیب میں ترقی کی۔ اگر ہم اقوام کی تواریخ پر توجہ دیں تو معلوم ہوگا کہ مصر، روی، ایرانی تہذیب کے عروج اور مسلمانوں کے عروج کے ادوار میں باقی علوم کے ساتھ ساتھ علم نجوم پر بہت کام ہوا۔ مسلمانوں کے خلافت عباسیہ کے دور حکومت میں دور بغداد علم کا گہوارا بنا اور وہاں علم نجوم پر کافی تحقیق ہوئی خصاصاً آٹھویں اور نویں صدی میں، لیکن پھر اس علم کی طرف توجہ کم ہوگئی۔ اس کے بعد اس علم کا مرکز سپین میں بنا اور زمانہ قدیم کی کافی کتب وہاں جمع کی گئیں۔ موجودہ دور میں جنس تحقیق پر کام ہورہا ہے۔ اس کا زیادہ تر حصہ موجودہ یورپ سے آیا ہے کیونکہ تاتاری دور میں علم وادب سے متعلق بہت بڑا سرمایہ ضائع ہوگیا۔ صدیوں سے کی گئی بہت ساری تحقیق اگلے زمانوں تک نہ پہنچ سکی۔ اس وقت صاحب علم لوگ چن چن کر مار دیئے گئے۔ علم نجوم سے متعلق انتہائی پیش قیمت کتب تباہ ہو گئیں اور یہ علم بھی وقت کے ساتھ بہت محدود ہوتا گیا۔ اس کے بعد اس علم کی ترقی پر کام نہ ہوسکا۔ پچھلی چند صدیوں سے اس علم پر پھر سے توجہ دی جانے لگی ہے۔ تحقیق کے ادارے قائم ہوئے اور خاص طور پر زمانہ قدیم کی بچی کچی تحقیقات کو جمع کر کے ان کا ترجمہ کیا جارہا ہے۔ اس کام کے سلسلے میں جرمنی کے رابرٹ شمڈ (Robert Schmidt)، انگلینڈ کے نکولس کیمپیس (Nickolus Campion) اور امریکہ کے رابرٹ ہینڈ (Robert Hand) کے نام قابل ذکر ہیں۔

ہرمس ٹرمیگسٹس (Herms Trismegistus) (پہلی صدی قبل مسیح)، اسکلیپی اس (Asclepius) (پہلی صدی قبل مسیح)، نچسپو اور پٹوریس (Nechespo & Psetosiris) (پہلی صدی قبل مسیح)، ٹایمیس (Timaeus) (پہلی صدی قبل مسیح)، ٹیوسر (Teucer) (پہلی صدی قبل مسیح)، تھراسیلس (Thirasilus) (پہلی صدی قبل عیسوی)، مارکس میلینیس (Marus Malinius) (پہلی صدی قبل عیسوی)، اینٹی اوکس (Antiocus) (پہلی صدی قبل عیسوی)، سٹروڈیمس (Citrodameus)، کلوڈیئس پٹولومی (Claudius Ptolomy) (دوسری صدی قبل عیسوی)، ویٹیس ویلنز (Vattius Valens) (دوسری صدی قبل عیسوی)، پورفیری (Porphyry) (تیسری صدی قبل عیسوی)، فرمیکس میٹرنس (Firmicus Maternus) (چوتھی صدی قبل عیسوی)، ریٹوریس (Rhetorius) (چھٹی یا ساتھویں صدی قبل عیسوی)، اپنے اپنے دور کے چند مشہور محققین اور ماہر علم نجوم گزرے ہیں۔ جن کا ذکر صرف تعارف کے طور پر کیا جارہا ہے۔

ان تمام محققین نے اپنی تصانیف میں علم نجوم کے بارے میں تحقیق اور اس کے مختلف پہلوؤں پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے جو کہ آج تک مستند معلومات کا ذریعہ ہیں۔ اپنی ان کتب میں انہوں نے یہ فرض کیا ہے کہ ان کی کتب پڑھنے والے علم نجوم اور اس کی بنیادی تعریفوں اور تصورات سے واقفیت رکھتے ہوں گے۔ ان تمام محققین میں اینٹی اوکس پہلا فرد تھا۔ جس نے علم نجوم کے بنیادی خواص اور تعریفوں پر کام کیا جن کو انتہائی مستند مانا جاتا ہے۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ اینٹی اوکس کے کام کو محفوظ نہیں رکھا جاسکا اور بہت قدیم ہونے کی وجہ سے اس کی تحقیق اب باقی نہیں رہی۔ البتہ اینٹی اوکس کے بعد آنے والے محققین نے

اینٹی اوکس کے کام کے سے کچھ نمونے اپنی تصانیف میں استعمال کئے ہیں یا اس کے بتائے ہوئے تصورات کو دوبارہ لکھا ہے۔ جن میں ذیل میں دیئے گئے تحقیقین کا کام بہت اہم ہے:

(۱) اینٹی اوکس کی کتب کا خلاصہ لکھا گیا تھا۔ جس میں اینٹی اوکس کی کتاب نمبر۲ کا کافی مواد موجود ہے۔

(۲) پورفیری نے تیسری صدی عیسوی میں اپنی کتاب میں اینٹی اوکس کی بتائی ہوئی بہت ساری تعاریفوں کو شامل کیا ہے۔

(۳) رینوریس (چھٹی یا ساتویں صدی عیسوی) نے اپنی کتاب کمپنڈیم میں اینٹی اوکس کی بتائی ہوئی بہت ساری معلومات کو دوبارہ لکھا ہے۔

اینٹی اوکس کی طرف سے دیا گیا ایک تصور بنیادی اہمیت کا اس لئے حامل ہے کیونکہ یہ تصور علم نجوم کے بہت سارے تصورات کی وضاحت کرتا ہے اور ثابت کرتا ہے کہ علم نجوم کا ہر، اصول اور پہلو مقصدیت سے بھرپور اور منطقی ہے۔ یہ ایک سائنس کی طرح مضبوط بنیادوں پر مربوط ہے۔ اینٹی اوکس نے کائنات کی تخلیق کے وقت کا ایک خیالی زائچہ بنایا اور اس کو تھیما منڈی (Thema Mundi) کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے۔ لاطانی زبان میں اس کو کس موجینیسس کہتے ہیں جس کے معنی ہیں کائنات کی تخلیق یا دنیا کی پیدائش۔ وہ ماہر نجوم جو اس تصور کو تسلیم کرتے تھے۔ وہ کائنات کی تخلیق پر اور اس بات پر کہ یہ کوئی ساکن چیز نہیں ہے۔ یقین رکھتے تھے۔ ان کیلئے یہ علم خدا سے رابطے کا ذریعہ تھا۔ اینٹی اوکس نے اپنی مطبوعات میں کائنات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ عظیم کائنات اپنے آپ سے بڑی ہستی کا عکس ہے۔ جس کی خواہش سے ترتیب قائم ہے۔ اس کائنات میں وہی ہے جو اس ہستی سے آتا ہے اور کوئی چیز مردہ نہیں ہے۔ کیونکہ یہ اس ہستی کی خواہش ہے کہ جب تک یہ کائنات ہے یہ زندہ رہے۔ اینٹی اوکس نے اس ہستی کو فادر کے نام سے منسوب کیا۔

رابرٹ شمڈ نے ۱۰۲ میں اینٹی اوکس کے بچے کچے کام کا ترجمہ کیا ہے۔ جو اس نے ڈیلفینیشن اینڈ فاونڈیشن (Definitions And Foundations) کے نام سے کتاب کی شکل میں شائع کی ہے۔

فرمیکس میٹرنس کے مطابق تھیما منڈی کے تصور کو بروج کی حکمران جاننے، حکمران کی وجوہات اور ان کے درمیان نظرات کو سمجھانے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ سکندر اعظم کی وفات کے بعد دور میں کواکب کے منسوبات تھیما منڈی کے ذریعے معلوم کرنے کی کافی کوشش کی گئی۔ اس سے بروج کی حکمرانی، سعد اور نحس کوکب، زائچے کے سعد اور نحس گھر اور اس کے علاوہ بھی بہت سی بنیادی عقائد کو سمجھا جا سکتا ہے۔ تھیما منڈی میں کواکب کی ترتیب جس طرح سے رکھی گئی تھی وہ آپ ذیل میں دگئی تصویر (شکل نمبر ۱) میں دیکھ سکتے ہیں۔

شکل نمبر۱:



شکل نمبر۲:



تھیما منڈی سرطان سے شروع ہوتا ہے اور قمر کو اس کا حاکم بنایا گیا، شمس کو اسد میں، عطارد کو سنبلہ میں، زہرہ کو میزان میں، مریخ کو عقرب میں، مشتری کو قوس میں اور زحل کو جدی میں رکھا گیا ہے۔ ایک مفروضہ یہ بھی ہے کہ تمام کواکب پندرہ درجے کے زاویے پر تھے۔ عین ممکن ہے کہ اس کا مقصد معاملات کو سادہ اور شفاف رکھنے کی کوشش ہو۔ لیکن اس کے بارے میں مکمل یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا ہے۔ اس تھیما منڈی میں تمام عمومی کواکب کو جن بروج میں دکھایا گیا، کواکب ان بروج کے حاکم کہلانے لگے۔

اب پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ تھیما منڈی سرطان کو پہلے گھر میں کیوں رکھا گیا ہے۔ کوئی اور برج کیوں نہیں رکھا گیا؟ بدقسمتی سے اس بارے میں زیادہ معلومات نہیں مل سکیں۔ البتہ دو محققین کے نظریات اس سلسلے میں کچھ روشنی ڈالتے

ہیں۔

بیروسس جو تین صدی قبل مسیح کا محقق ہے کا ماننا تھا کہ جب تمام کواکب سرطان میں قران کی حالت میں آئیں گے تو یہ دنیا آگ سے تباہ ہو جائے گی اور تمام کواکب جدی میں قران کی حالت میں آئیں گے تو یہ دنیا پانی سے تباہ ہو جائے گی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ کرہ عرض کے شمالی حصے میں سرطان سال کے سب سے گرم حصے میں آتا ہے۔ جب کہ جدی سال کے سب سے سرد وقت میں آتا ہے۔ اسی وجہ سے نیرین یعنی شمس اور قمر کو شروع میں رکھا گیا ہے اور باقی تمام کواکب اس کے بعد آتے ہیں۔ شائد اس وقت تک کواکب اور بروج کی جنس کے متعلق کام مکمل ہو چکا تھا۔ اسی لئے قمر جو کہ مؤنث ہے۔ سرطان میں رکھا گیا جو کہ خود بھی جنسی لحاظ سے مؤنث ہے اور شمس کو اسد میں رکھا گیا۔

سنہلا پکھراج

روپیہ ہی روپیہ

وہ جو مالی معاملات میں بہتری چاہتے ہوں اور حصول دولت اور کشادگی کے طالب ہوں اِن کو سنہلا پکھراج کی انگوٹھی یا لاکٹ استعمال کرنا چاہیے۔ یہ اگر تین دانوں پر مشتمل ہوں تو زیادہ بہتر ہے۔ کاروبار، بزنس اور خوشحالی کے لیے اس کے اثرات موثر ثابت ہوئے ہیں۔

دوسرے نظریے کا تعلق مصر سے تھا۔ وہاں موسم گرما میں ایک ساکن کوکب، سیریس کی وجہ سے ہر سال دریا نیل میں سیلاب آتا تھا۔ جو کہ مصری سال کے شروع ہونے کی نشاندہی کرتا تھا۔ سیریس رات کا سب سے روشن ستارہ ہوتا تھا۔ سورج کے طلوع ہونے سے پہلے اور جولائی میں نظر آتا تھا۔ جس وقت شمس اسد میں ہوتا ہے۔ اس لئے قمر کو سرطان میں اور شمس کو اسد میں رکھا گیا۔ اس تھیوری سے سرطان کو پہلے اور شمس کو بعد میں رکھنے کی وجہ بھی سمجھ آتی ہے۔

دوسرا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کواکب کی ترتیب اس طرح کیوں رکھی گئی ہے؟ اس کی وجوہات کچھ اس طرح ہیں کہ زمانہ قدیم میں نجوم کی حرکت کو آسمان میں دیکھا جاتا تھا۔ علم نجوم کے ماہر ساری ساری رات کواکب کی چال اور آسمان میں ان کے راستوں کا مطالعہ کرتے تھے اور ان سے نہ صرف علم نجوم پر تحقیق کرتے بلکہ زائچہ سازی بھی کرتے۔ ان کے مشاہدات بعد میں جدید سائنس نے درست قرار دیئے۔ لہٰذا اپنے مشاہدات کی بنیاد پر کواکب کو ان کے شمس سے فاصلے اور ان کی رفتار کے مطابق ترتیب دی گئی۔ ان ماہر نجوم کے مشاہدے کے مطابق عطارد شمس کے قریب ترین کوکب تھا اور یہ کسی بھی حالات میں شمس سے ایک برج سے زیادہ دوری پر نہیں رہتا۔ چنانچہ شمس کے بعد پہلے برج (سنبلہ) میں عطارد کو رکھا گیا۔ شمس کی طرح عطارد بھی ایک سال میں دنیا کے گرد چکر لگاتا ہے۔ عطارد کے بعد شمس کے قریب ترین سیارہ زہرہ ہے جو کہ شمس سے دو بروج سے زیادہ دور نہیں ہوتا۔ اسی لئے اس کو شمس (اسد سے دو برج دور میزان میں رکھا گیا۔ اس کے بعد سب سے قریب نظر آنے والا کوکب مریخ ہے جس کو اگلے برج یعنی عقرب میں رکھ دیا گیا۔ اسی طرح مریخ کے بعد قریب ترین کوکب (مشتری) کو اگلے برج قوس میں اور آخری کوکب زحل کو جدی کا حاکم بنایا گیا (شکل نمبر ۱ میں دیکھیں)۔ اس طرح سے زائچے میں کواکب کی تقسیم کو مکمل بنا دیا گیا۔ اب اس عکس کو دیکھیں تو زحل دلو کا حاکم بنتا ہے اور مشتری حوت کا اور اسی طریقے سے مریخ، زہرہ اور عطارد بلترتیب حمل، ثور اور جوزا کے حاکم بن جاتے ہیں اور زائچے کے تمام بروج اور ان کے حاکم کوکب ترتیب سے آجاتے ہیں (شکل نمبر ۲)۔

تھیما منڈی میں زحل شمس سے دور ترین کوکب ہے اور علم نجوم میں سب سے ٹھنڈا کوکب مانا جاتا ہے۔ جبکہ شمس پورے نظام شمسی کے لئے روشنی اور حرارت کا سرچشمہ ہے۔ لہٰذا سائنسی اور منطقی طور پر بھی اس کو شمس سے دور ہونا ثابت ہوتا ہے اور اسی لئے اس کو زائچے میں شمس کے بالکل مخالف دکھایا گیا ہے۔ مشہور محقق اور ماہر علم نجوم پٹولمی کے مطابق دونوں نیرین کو سال کے گرم ترین اور روشن ترین حصے میں رکھا گیا ہے۔ جس وقت دن کا دورانیہ سال میں سب سے لمبا ہوتا ہے۔ جب کہ زحل کو سال کے سرد ترین حصے میں جس وقت دن کا دورانیہ سال میں سب سے کم ہوتا ہے۔

یہ سمجھنا کہ یہ کواکب کی ترتیب اور ان کے بروج سے تعلقات کی واحد وجہ ہے تو شائد یہ غلط ہوگا۔ لیکن اس بات سے ہمیں کواکب اور بروج کے تعلق سے متعلق بہت اہم معاملات حاصل ہوتی ہیں۔ اس سے ہمیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ قدیم میں علم نجوم میں موسموں کے اوقات کو کتنی اہمیت دی جاتی تھی۔

سعد اور نحس کوکب:

تھیما منڈی سعد اور نحس کواکب کے بارے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ آپ شکل نمبر ۲ پر غور کریں۔ آسانی اور اپنی بات سمجھانے کے لئے ہم نے شکل نمبر ۲ میں دیئے گئے زائچے کو تھوڑا سا گھما دیا ہے اور آپ اس کو شکل نمبر ۳ میں دیکھ سکتے ہیں۔ ہم نے زائچے کو ایک عمودی لائن سے دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ اس تقسیم کے بعد ہر حصے میں دونوں نیرین میں سے ایک کوکب آتا ہے۔ ایک میں قمر اور ایک میں شمس۔ اسی طرح ہر حصے میں نیرین کے علاوہ کوکب ایک ایک برج کا مالک ہے۔ اب اس تقسیم کے بعد نظرات کے ذریعے سعد اور نحس کواکب کی ترتیب بنائی گئی۔

عطارد شمس سے دوسرے گھر میں ہے اور اس کی شمس کے ساتھ نظر نہیں بنتی۔ یہی حالت قمر اور عطارد کے درمیان بھی ہے۔ اس لئے عطارد کو غیر جانبدار

کوکب بھی کہا جاتا ہے۔ زہرہ دونوں حصوں میں (شمس اور قمر کے ساتھ بلترتیب میزان اور ثور) تسدیس کی نظر بنا رہی ہے۔ جب کہ مریخ تربیع کی نظر بنا رہا ہے۔ (شمس اور عقرب کی نظر اور قمر اور حمل کی نظر)۔ اس لئے زہرہ کو سعد اور مریخ کو مشکل کوکب مانا جاتا ہے۔ شکل نمبر ۳ کے مزید مطالعے سے معلوم ہوگا کہ مشتری قوس میں شمس کے ساتھ اور حوت میں قمر کے ساتھ تثلیث کی نظر قائم کر رہا ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ تثلیث کی نظر سب سے سعد نظر ہے اسی لئے مشتری کو سعد ترین کوکب تسلیم کیا جاتا ہے۔ زحل دلو میں شمس سے اور جدی میں قمر سے مقابلے کی نظر بنا رہا ہے۔ اس وجہ سے اس کو نحس کوکب قرار دیا گیا۔

شکل نمبر ۳:



بروج کے حاکم اور مہمان کوکب (کواکب کی طاقت):

بالا میں دی گئی بحث سے آپ کو بروج کی حکمرانی کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی۔ اب کچھ بات کوکب طاقت کی ہو جائے۔ کواکب ہر وقت حرکت میں رہتے ہیں اور اس حرکت کے دوران وہ دوسرے برج میں بھی جاتے ہیں۔ جن کے حاکم دوسرے کوکب ہیں۔ جب ایک کوکب کسی ایسے برج میں جاتا ہے جس کا مالک کوئی دوسرا کوکب ہو تو وہ کوکب مہمان کوکب کہلاتا ہے اور حکم کا کب میزبان کوکب اپنے گھر میں طاقتور ہوتا ہے، اس کی مثال ایسے ہے کہ جب ایک فرد اپنے گھر میں ہوتا ہے تو وہ گھر کی تمام اشیاء کو استعمال کر سکتا ہے اور کیونکہ اس کا اپنا گھر ہوتا ہے تو اس کو گھر کی تمام چیزوں اور ان کی موجودگی کے بارے میں علم ہوتا ہے۔ لہٰذا وہ اپنی مرضی کرنے کیلئے آزاد ہوتا ہے اور طاقتور کہلاتا ہے۔ یہ زائچے میں بہتری لاتا ہے۔ جب کہ مہمان اپنے میزبان کا پابند ہوتا ہے۔ اگر میزبان اچھا اور قریبی ہے تو مہمان کو کافی آزادی ہو سکتی ہے۔ اسی طرح اگر میزبان خوش ہے تو وہ اپنے مہمان کو بھی خوش رکھے گا اور میزبان پریشان ہے تو اس کا اثر اس کی میزبانی پر بھی پڑے گا۔ اس بات سے یہ اُصول سامنے آتا ہے کہ کوکب کسی دوسرے برج کے مقابلے میں اپنے برج میں خوش یا طاقتور ہوتا ہے اور دوسری بات یہ کہ اگر کوکب کسی دوسرے کے برج میں مہمان ہے تو اس کی صحت پر میزبان کی حالت کا اثر پڑے گا۔

کواکب کے منسوبات:

تھیما منڈی سے ہمیں کواکب کے منسوبات کے بارے میں بھی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ منسوبات کی تفاصیل کو بعد میں مکمل ہوئیں۔ لیکن تھیما منڈی سے صرف بنیادی منسوبات ہی سامنے آتے ہیں۔ اس سلسلے میں رینوریپس کا ماڈل کافی مشہور ہے۔ اس کے بعد پلاٹو نے اس پر کام کیا۔ بیسویں صدی کے اواخر میں رابرٹ شمڈ نے رینوریپس کے ماڈل کا ترجمہ کیا اور اس میں کچھ تبدیلیاں کیں گویا کہ یہ ماڈل بھی مکمل نہیں تھا۔ لہٰذا اس میں مزید کچھ تبدیلی کے بعد یہ کافی بہتر ہو گیا۔ اس ماڈل کا خلاصہ کچھ یوں ہے۔

شمس اپنی روشنی دوسروں کو دیتا ہے۔ یہ دینے والا بن گیا۔ (اس کے منسوبات میں بادشاہ اور صاحب حیثیت لوگ جو دوسروں پر خرچ کرتے ہیں شامل ہیں)۔ قمر شمس کی روشنی وصول کرتا ہے۔ وصول کرنے والا بن گیا۔ (قمر گھر اور گھر کی خواتین کو ظاہر کرتی ہے)۔ زحل کیونکہ ان دونوں کے مقابلے کے بروج میں آتا ہے تو خارج اور مسترد کرنا اس کے منسوبات میں شامل ہو گیا۔ عطارد کیونکہ شمس اور قمر دونوں سے کوئی نظر نہیں بنا رہا۔ عدم استحکام سنبلہ سے اور بحث جوزا سے۔ اس کی حکومت میں ہیں۔ منسوب کر دیئے گئے۔ مشتری جو کہ عطارد کے مقابلے کے بروج کا حاکم ہے اور دونوں نیرین سے تثلیث کی نظر بناتا ہے۔ حوت میں استحکام اور قوس میں مثبت پسندی اور اعادہ سے منسوب ہے۔ زہرہ، میزان اور ثور کی حاکم ہے۔ میزان میں یہ معاملات کو سلجھانے اور ثور میں لوگوں کو اکٹھا رکھنے سے منسوب ہے۔ زہرہ کے مخالف میں مریخ، عقرب اور حمل کا مالک ہے۔ لہٰذا یہ عقرب میں علیحدگی اور حمل میں جھگڑے سے منسوب ہو گیا۔

جیسا کہ میں دوران مضمون بھی ذکر کر چکا ہوں کہ اس قدیم دور میں اس علم کو سائنس کے طور پر تسلیم کیا جاتا تھا۔ کچھ ماہر نجوم اس علم کو کائنات اور اس کے خالق کے بارے میں تحقیق کرنے میں جذباتی اور فلسفیانہ پہلو بھی دیکھتے تھے۔ تھیما منڈی اس محنت کی ایک مثال جس کی تاریخ بہت طویل ہے۔ بالا میں دیئے گئے بنیادی ضوابط کے علاوہ بھی کافی سارے اصولوں کی وضاحت اور ان کی پشت پر کی گئی تحقیق کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔ جس میں قابل ذکر شرف و ہبوط، کواکب کی آپس کی دوستی یا دشمنی اور کواکب کی عنصری اور مابیتی تقسیم جیسے موضوعات بھی شامل ہیں۔ لیکن وقت کی کمی اور بحث کو مختصر رکھنے کے لئے ان تفاصیل سے اجتناب کیا گیا ہے۔ اُمید ہے کہ اس سے متعلق مزید معلومات آئندہ پیش کر سکوں گا۔ اس مضمون کا مقصد آپ قارئین کو علم نجوم کے ایک تاریخی اور اہم بنیادی اصول سے تعارف کرانے کی کوشش کرنا مقصود تھا۔ اُمید کرتا ہوں کہ میں اپنی اس محنت سے آپ کی معلومات میں کچھ اضافے کا باعث بن سکا ہوں۔ شکریہ۔

آخری قسط

تسخیر جنات

مصنف کتاب:۔ مولوی سید علی۔

باب ہفتم متفرقات

اس مختصر رسالہ میں مختصراً میں نے تسخیر اجنہ کے عمل کو شائقین کے شوق کا لحاظ رکھتے ہوئے جو موثر اور آسان بھی ہیں تحریر کر دیے ہیں۔ ہر ایک عمل اپنی جگہ پر مجرب ہے اگر شائقین کے ذوق کی تسکین نہ ہوئی ہو تو وہ بڑی بڑی عملیات کی اور دوسری کتابوں کی سیر فرمائیں غنچہ مراد ہاتھ آئیگا لیکن اس قدر ضرور عرض کروں گا کہ وہ اس مختصر رسالہ میں مندرجہ ہدایات کو ملاحظہ کرنے اور اس پر عمل کرنے کے لیے اس رسالہ کو اپنے پاس ضرور رکھیں۔ اس لیے کہ آپ کو یکجائی طور پر اتنی جامع اور مفصل ہدایات جو میرے نزدیک اس چلہ کشی کے لیے انتہائی ضروری ہیں کسی دوسری کتاب میں نہیں ملیں گی۔ ناشر کے اصرار پر کہ بہت سے شائقین ایسے بھی ہیں کہ وہ خسوف وکسوف کے بابتہ بھی معلومات بہم پہنچانا چاہتے ہیں۔ لہذا ان کی اس خواہش کی بھی تکمیل ہونی چاہیے لہذا جب اصرار نے شدت اختیار کی تو ہر دو عنوان کے بابتہ اختصاراً معلومات کو سپرد قلم کر رہا ہوں۔ بشرط حیات اس کے متعلق اگر حالات کے اجازت دیے تو ایک علیحدہ کتاب لکھوں گا۔

بیان خسوف یعنی چاند گرہن

ان ساری باتوں سے قطع نظر کرتے ہوئے کہ علماء علم نجوم کی آراء کہ چاند گرہن میں کب اور کیسے آتا ہے نیز دوسرے سیارگان اور بروج پر اس کا کیا اثر ہوتا ہے صرف اس بات پر اس جگہ اکتفا کرتا ہوں کہ اس گرہن کا عالم سفلی اور اس کے ساکنین پر کیا اثر ہوتا مہینوں کا لحاظ رکھتے ہوئے تحریر کر رہا ہوں اور فی الحال اسی کی ضرورت ہے۔ اگر محرم کے مہینے میں چاند گرہن ہو تو اس بات کی علامت ہے کہ خلقت میں خصومت اور لڑائی بہت زیادہ ہو۔ دوسرے مغرب میں کسی بڑے آدمی کا انتقال ہو۔ میوہ جات کی پیدائش کم ہو۔ اشیاء صرف وخوردنی گراں ہوں۔ جلدی امراض مثل خارش وغیرہ کا زور ہو اور اگر ماہ صفر میں چاند گرہن ہو تو بارش بہت کم ہوگی اور دلیل ہے کہ بیماری کا غلبہ ہو۔ گیاہ بہت زیادہ پیدا ہو۔ البتہ خلائق آخر سال میں خوش رہے گی اور بیچ بلاد جبل کے میوہ جات زیادہ ہوں گے اور اگر ماہ ربیع الاول میں چاند گرہن ہو تو بیماری بہت زیادہ ہو۔ شہروں میں خرابی واقع ہونے کا امکان ہو اور کشش وکوشش خلق میں بہت ہو۔ مرض یرقان کی کثرت ہو۔ بیچ بلاد جبل کے مٹھائی میں کیڑے بہت پڑیں اور اگر ربیع الثانی میں چاند گرہن واقع ہو تو غلہ اس سال بہت زیادہ پیدا ہو اور علامت ہے اس بات کی کہ کوہساروں میں بارش بہت زیادہ ہو۔

تمام دنیاوی ملکوں میں سامان صرف وخورنی کی ارزانی ہو۔ زیادتی نعمت اور خیر وبرکت کے اسباب پیدا ہوں اور مغرب کے بادشاہ غالب رہیں اور اگر چاند گرہن ماہ جمادی الاول میں ہو تو برف باری زیادہ ہوگی اور بہت زیادہ خونریزی کی بھی علامت ظاہر کرتا ہے اور اگر چاند گرہن ماہ جمادی الثانی میں ہو تو غلہ کے زیادہ پیدا ہونے کی خبر ہے لیکن حوالی کوفہ میں قحط سالی کی علامت ہے اور بلائے عظیم کا نزول بادشاہ بابل پر ہے اور اگر رجب میں چاند گرہن ہو تو علامت ہے اس باست کی کہ غلہ گراں ہوگا اور وبا وطاعون ایسے

امراض کی مغربی ممالک میں کثرت ہو زیادہ حد تک مشرقی ممالک محفوظ رہیں گے۔ نیز مغربی ممالک کو قحط کا بھی سامنا کرنا پڑے گا۔ درد چشم سے امان رہے گی اور اگر ماہ شعبان میں چاند گرہن ہو تو علامت ہے اس بات کی کہ خلائق میں دوستی بہت پیدا ہوگی۔ جنگ وجدل کا بازار سرد ہوگا۔ لیکن کسی ملک کا کوئی بڑا امیر مارا جاوے گا۔ چیزیں مہنگی ہوں گی اور اکثر ممالک مغربی میں قحط عظیم پڑنے کی خبر دیتا ہے اور اگر ماہ رمضان المبارک میں چاند گرہن ہو تو علامت ہے اس بات کی کہ غلہ کم پیدا ہو اور مفلسی کا دور دورہ ہو اور بیچ بلاد جبل کے برف باری اور ٹھنڈک زیادہ ہوگی جس سے اموات انسانی اور حیوانی پہاڑی ممالک میں زیادہ ہوں گی۔ انسانوں میں بچوں کی موت زیادہ ہوگی اور ملک فارس میں حشرات الارض اور درندے زیادہ پیدا ہوں گے اور اگر چاند گرہن ماہ شوال میں واقع ہوا تو خستگی اور رنج کے اسباب خلق میں بہت زیادہ پیدا ہوں گے اور زیادتی بلا فتنہ وفساد اور اضطراب خلق میں زیادہ پیدا ہوگا اور اگر چاند گرہن ماہ ذیقعد میں واقع ہوا تو ہوا بہت تیز وتند چلے گی اور دلیل ہے دفینوں اور معدنیات کے پیدا ہونے کی نیز دشمن ممالک پر فتح پانے کی اس ملک کے جو حملہ آور نہ ہو اور صرف مدافعانہ جنگ کرتا رہا ہو اور اگر چاند گرہن ذی الحجہ کے مہینے میں واقع ہو تو علامت ہے اس بات کی کہ غلہ اس سال ہر دو فصلوں میں بہت زیادہ پیدا ہوگا اور پورا سال اس عنوان کے تحت مسرت وانبساط میں گزرے گا۔ اب میں یہاں سے بیان الکسوف یعنی سورج گرہن کا شروع کرتا ہوں جو اسی سلسلہ کی دوسری کڑی ہے۔

بیان الکسوف یعنی سورج گرہن

جس طرح چاند گرہن کے اثرات عالم سفلی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ بالکل اسی طرح سورج گرہن کے اثرات کو بھی نمایاں طور پر قبول کرتا ہے۔ جس کا اختصاراً تذکرہ ضبط تحریر میں لایا جارہا ہے۔ اگر سورج گرہن ماہ محرم میں واقع ہو تو ارزانی ہوگی۔ لیکن حادثات بیماری سے زیادہ ہوں گے۔ زمین زلزلہ کی آمد سے تھرانے لگے گی۔ لیکن نشان سلامتی اہل شہر ہے اور اگر ماہ صفر میں سورج گرہن واقع ہو تو برص زیادہ ہو۔ خلقت اناج کی کمی کی وجہ سے بھوکی مرے۔ مغربی ممالک میں جنگ وجدل ہوگی اور اگر ماہ ربیع الاول میں سورج گرہن بڑے تو اختلافات صلح صفائی سے بدل جائیں۔ گائے، بیل اور بکریوں وغیرہ کی تعداد میں کمی ہوگی۔ اونٹوں میں وبا کی کثرت ہوگی۔ بیچ جنگل کے مگر آخری سال میں فروانی ہوگی اور اگر ماہ ربیع الآخر میں سورج گرہن واقع ہوا ہے تو علامت ہے اس بات کی کہ خلقت میں اختلافات پیدا ہو اور بعضے بعضوں پر خروج کریں گے۔ مار پیٹ لڑائی دنگا اور فتنہ وفساد زیادہ ہوگا۔ جرائم کی رفتار بڑھ جائے گی قتل کی وارداتیں زیادہ ہوں گی اور اگر ماہ جمادی الاول میں سورج گرہن ہو تو دلیل ہے اس بات کی کہ اس سال رزق وروزی میں فراخی پیدا ہو اور سربراہ مملکت کی شفقت اور اس کا احسان اس ملک کے باشندوں پر ہوگا اور اگر سورج گرہن ماہ جمادی الآخر میں واقع ہو تو دلیل ہے اس امر کی کہ ملک مصر میں جنگ وجدال اور فتنہ وفساد کی آگ بھڑکے اور کرانی بلاد مغرب میں واقع ہو لیکن سال آخر میں اور اگر سورج گرہن ماہ رجب میں واقع ہو تو دلیل ہے اس امر کی کہ بہ نسبت اموات کے پیدائش میں اضافہ ہو اور کوہستانی علاقوں میں برشگال کی بہت زیادتی ہو جو تقریباً تباہی کی منزل میں داخل کردے لیکن اس کے ناقص اثرات سے مشرقی ممالک وبلاد فارس محفوظ رہیں گے اور اگر ماہ شعبان میں سورج گرہن واقع ہو تو علامت ہے اس بات کی کہ سال کے آخری حصہ میں پہاڑی ملکوں میں اموات بکثرت واقع ہوں گی بقیہ ممالک میں آفات سماوی سے خلقت خدا کی محفوظ رہے گی اور اگر ماہ رمضان میں سورج گرہن واقع ہوا تو دلیل ہے۔

اس امر کی کہ اہل عرب اہل روم اور یہودی ممالک پر برتری حاصل کریں گے لیکن پہلے غلبہ روم کا ہوگا جو عارضی ہوگا اور اگر ماہ شوال میں سورج گرہن لگا تو علامت ہے اس بات کی کہ ہندوستان میں اندرون ملک رنجش اور کش مکش زیادہ ہوگی۔ حکومت اور عوام کے مقابلے میں حکومت کو سرنگوں ہونا پڑے گا بیرونی ممالک سے اس کے تعلقات اچھے رہیں گے۔ ناقدری ہوگی اور تمام سال اس پر گراں گزرے گا اموات اور جرائم کی رفتار میں زیادہ اضافہ ہونا چاہیے۔ بلاد مشرق میں چارے یعنی گھاس کی زیادتی ہوگی مویشیوں کی پیدائش میں اضافہ ہوگا اور اگر ماہ ذیقعدہ میں سورج گرہن ہو تو علامت اس بات کی ہے کہ اس سال عالموں میں فتور جاری رہے گا اور آخر سال میں بیماری کا بہت زور ہوگا۔ ہوا بہت چلے گی اور زراعت میں کچھ نقصان ہوگا۔ امیروں، سرداروں اور بھائیوں میں سختی اور نقصان خیز لڑائیاں ہوں گی۔ حق تعالیٰ برائیوں سے محفوظ رکھے اور اگر ذی الحجہ کے مہینے میں سورج گرہن واقع ہو تو دلیل اس امر کی ہے کہ باران رحمت الٰہی بہت اچھا رہے گا اور سال بھی بہت ہنسی خوشی سے گزرے گا خلقت شادمان رہے گی۔ البتہ ہوائے تند کی کثرت رہے گی۔ لیکن نقصان رساں نہ ہوگی۔ مغربی ممالک میں میووں کی کمی ہوگی۔ نیز انہیں اطراف میں گندم اور جو کے بھاؤ تیز رہنے کی امید ہے۔

واللہ اعلم بالصواب۔

تمت بالخیر

آج ہی اپنی کاپی طلب کریں۔



ہر استاد اور طالب علم کی ضرورت

ہر استاد اور طالب علم کی ضرورت

آج ہی اپنی کاپی طلب کریں۔

مداح و قداح

از قلم: ماسٹر فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ

پیارے قارئین کرام! اسلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ یہ فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب کا نہ مداح ہے اور نہ قداح ہے۔ مداح خواں وہ آدمی ہوتا ہے جو کسی کی تعریف پڑھتا ہے۔ تعریف کرتا ہے۔ اگر میں مداح ہونے کا اقرار کروں تو کچھ لوگ مجھے خواہ مخواہ کا خوشامدی تصور کریں گے۔ اور قداح اس لیے نہیں ہوں کہ میں جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب کی علمیت اور قابلیت کا قائل ہوں۔ چونکہ آپ ایک ادارے کے مالک ہیں۔ جو آپ کا ذریعہ معاش ہے۔ اور علمی خدمت کا ذریعہ بھی ہے چنانچہ جو شخص آپ کی ذات سے یا آپ کے ادارہ سے کسی وجہ سے ناخوش ہے یا آپ کی علمیت و قابلیت کا منکر ہے تو وہ قداح ہے۔ فی الحال مداحت اور قداحت کی صفات فضل محمود نقاش اپنے اندر رکھتا ہے۔ تاکہ کوئی قاری مضمون دوسرا یا تیسرا آدمی ناراض نہ ہو جائے۔ خود جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب بھی ناراض نہ ہوں۔ کیونکہ یہ رمز تحریر ہے۔ حالانکہ جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب سے یہ احقر العباد ماسٹر فضل محمود نقاش احترام رکھتا ہے۔ کیونکہ آپ کی ذات اس فقیر احقر العباد کا تعارف اپنے رسالہ راہنمائے عملیات سے سب سے پہلے کرایا تھا۔

پیارے قارئین کرام امتاثر ہونا۔ دو معانی رکھتا ہے۔ عام طور پر لوگوں میں اسے مثبت معنی دیئے جاتے ہیں کہ جب کوئی ایسے بولے کہ جناب میں آپ سے بڑا متاثر ہوا ہوں۔ دوسرا آدمی پھولے نہیں سماتا۔ تیسرا آدمی تجسس میں پڑ جاتا ہے۔ متاثر ہونا کیا ہوتا ہے۔ جب کہ کسی آدمی کے اخلاق، عظمت یا قابلیت دیکھ یا سن کر اچھا تاثر لینا اسے بھی متاثر ہونا کہتے ہیں۔ اور اس کا دوسرا منفی معنی یہ ہے کہ کسی کی بداخلاقی سے یا کسی دیگر عمل سے متاثر ہونا۔ یا جیسا کہ متاثرین سیلاب اور متاثرین زلزلہ ہوتے ہیں۔ اس منفی معنی میں کسی کی ذات کو نقصان پہنچتا ہے۔ گویا کہ کوئی بھی آدمی دو طریقے سے متاثر ہوتا ہے۔ اس لیے متاثر ہونا ذو معنی لفظ قرار پاتا ہے۔ آپ کیا تاثر لے رہے ہیں۔ یا آپ کیا تاثر دے رہے ہیں۔ آپ کا کیا تاثر ہے۔ یا آپ اپنے تاثرات بیان کریں۔ چنانچہ اس بات کو سمجھنے کے لیے ہم دو قارئین کرام کے تاثرات آپ تک پہنچاتے ہیں۔ تاکہ آپ اچھی طرح سمجھ جائیں۔ رسالہ راہنمائے عملیات شمارہ اپریل 2018ء صفحہ نمبر 40 تا 42 پر جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب کی ذات پر چند سطور ماسٹر فضل محمود نقاش کی قلم سے پیش بحضور قارئین کرام ہوئیں تھیں۔ اس مضمون کو اکثر قارئین کرام نے غور سے پڑھا بلکہ بار بار پڑھا کسی نے فون پر کتاب اعمال فریدی کی تلاش میں مدد کے لیے معلومات لیں اور کچھ حضرات نے مضمون پر اپنے تاثرات پیش کرتے ہوئے تبصرہ کیا۔ چنانچہ گوجرانوالہ سیالکوٹ روڈ پر جگنا محلہ سے ایک شیعہ عالم فاضل جناب محمد کاظم ترابی صاحب اس مضمون کو پڑھ کر بہت متاثر ہوئے۔ آپ اس احقر العباد فقیر فضل محمود نقاش کے غریب خانہ پر ترنڈہ محمد پناہ میں 24 اپریل کو تشریف لائے۔ اور شرف عزت بخشا۔ آپ جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب سے بہت اچھے متاثر تھے۔ آپ حجرات و جواہرات کے بارے میں تفصیل سے معلومات رکھتے تھے۔ جانچ پرکھ رکھتے تھے۔ چنانچہ آپ کے پاس حجریات کے اعتبار سے تمام نگینے محفوظ باقری تھے۔ یعنی چاندی میں جڑے ہوئے تھے۔ پھر میں نے جناب کاظم ترابی صاحب سے باری باری تمام نگینوں کے بارے میں پوچھا تو آپ نے سب کچھ بتا دیا۔ ان کے نام اور ان خواص سب کچھ ایک تجربہ کار ماہر حجریات اور ماہر عملیات کی طرح بتا دیا۔ فرمایا کہ یہ سرخ مرجان ہے۔ یہ خون کی جملہ بیماریوں کا علاج ہے۔ فشار الدم والوں کے لیے تو خاص طور پر مجرب مؤثر ہے۔ پھر فرمایا یہ گارنٹ ہے۔ خرابی جگر اور خون میں شامل فاسد اور زہریلے مادوں کے اخراج کے لیے بڑا سریع الاثر پتھر ہے۔ اس کے بعد حجر القمر امون سٹون دکھایا کہ اس کی تاثیر یہ ہے کہ مرد خود انتہا درجہ کا بدصورت اور کریہہ ہو۔ اگر حجر القمر اس کے جسم کے ساتھ چسپاں حالت میں ہے تو عورت کو مجال نہیں ہے کہ آنکھ بچا کر ادھر ادھر دیکھ سکے۔ بس دم دم دیدم +دم نہ کشیدم والا معاملہ ہو جاتا ہے۔ عورت خواہ حسن و جمال میں قلوپطرہ یا مونا لیزا گیوں نہ ہو۔ وہ اس مرد پر ہزار جان سے نثار ہو جائے گی۔ گویا مرد تسخیر خلائق اور تسخیر مستورات و عورات ہو جاتا ہے۔ اگر عورت کے پاس ہے تو مرد اس عورت کا دم بھریں گے اور جان نثاری کریں گے۔ بلڈ سٹون کے بارے میں فرمایا کہ اس پتھر کی تاثیر یہ ہے کہ اگر یہ کسی کے پاس

ہوتو اس آدمی میں مخصوص جوش، جذبہ اور طاقت آجاتی ہے۔ سستی کو بھگا کر چستی لاتا ہے۔ ایک اور پتھر کے متعلق بتایا کہ یہ پکھراج کی خاص قسم سنہلا ہے۔ تسخیر زر، مال و دولت میں مجرب المجرب ہے۔ فرمانے لگے کہ اکثر مرد حضرات عورتوں کی طرح چاہے جانے کی خواہش قلبی رکھتے ہیں۔ اور محبوب بننے کی خواہش رکھتے ہیں۔ چنانچہ اوپل کے بارے میں فرمایا کہ یہ محبت، محبت اور محبوب کے عملیات کے لیے اور محبت کے جذبات کے لیے اوپل سریع الاثر ہے۔ اس کے علاوہ ایسی انگوٹھیاں دکھائیں جس پر ہیرا، یاقوت، زمرد، نیلم وغیرہ جڑے تھے۔ عقیق زرد، سلیمانی، اناری اور کالے عقیق کی الگ الگ انگوٹھیاں تھیں۔ لاجورد، مرجان اور فیروزہ کی الگ الگ انگوٹھی تھی۔ فیرزوہ والی انگوٹھی کی شان اور ڈھال بڑی خوبصورت تھی۔ ان کے خواص بھی الگ تھے۔ پھر جناب کاظم ترابی صاحب نے ایک طلسم دکھایا جو کہ سنگ یشیب پر کندہ تھا۔ فرمایا یہ عاملوں کے خطیر رقم میں دستیاب ہوتا ہے۔ مگر ہمارے آبائی وطن سکردو میں باآسانی ملتا ہے۔ بلکہ سڑکوں پر پایا ملتا ہے۔ موتی، درنجف اور موئے نجف دکھاتے ہوئے فرمایا کہ آج کل جعل ساز لوگ ہمارے اہل تشیع کو بالخصوص لوٹ رہے ہیں۔ بلور کو مخصوص انداز میں تراش کر درنجف اور موئے نجف بنا کر بیچ رہے ہیں۔ عقیدت مند حضرات تو آنکھیں بند کر کے منہ مانگے داموں میں خرید لیتے ہیں۔ اس دوران مجھے فرمانے لگے۔ میں قیمتی حجرات / نگینوں کی خرید میں نولاکھ روپے خرچ کر چکا ہوں۔ اس فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش نے دل میں سوچا کہ جناب کاظم ترابی صاحب نے ان قیمتی پتھروں کو اپنی جان کی حفاظت کے لیے خریدا ہوگا۔ مگر اب جناب کاظم ترابی صاحب کی جان ان پتھروں کی حفاظت کرتی رہے گی۔ کیونکہ قیمتی پتھر جس انداز میں جڑے ہوئے تھے اور تراشے ہوئے تھے وہ نوادرات سے کم نہ تھے۔ اور قابل دید تھے۔

پیارے قارئین کرام! میں نے جناب کاظم ترابی صاحب سے پوچھا کہ یہ قیمتی پتھر کہاں کہاں سے لائے ہو۔ تو فرمانے لگے کہ اس میں ایک میرے دوست کا ساتھ تھا۔ جو میرے استاد بھی ٹھہرے تھے۔ انہوں نے آخری زمانے میں مجھے کافی مالی نقصان بھی پہنچا گئے۔ ان کی باتوں سے معلوم ہوا کہ وہ صاحب کرہ ارض سے کہیں باہر چلے گئے ہیں۔ یعنی فوت ہوئے ہوں گے۔ یا انتقال فرما گئے ہوں گے۔ ان قیمتی پتھروں کے بارے میں فرمایا کہ ان میں اکثر قیمتی پتھر جناب خالد اتحق راٹھور صاحب کے پاس دستیاب ہیں۔ اور آپ کے ادارہ راہنمائے عملیات سے خریدے گئے ہیں اور کچھ بیرون ممالک سفر کے دوران خریدے تھے اور کچھ عراق و ایران کی زیارات کے دوران ایران سے خریدیں تھیں۔ جناب راٹھور صاحب کو ان حجرات کے بارے میں کافی شناسائی اور پرکھ ہے۔ یعنی اصلی اور نقلی حجرات کے بارے میں خوب جانتے ہیں۔ میں جناب کاظم ترابی صاحب کی حجرات / قیمتی پتھروں کے حصول میں جو جدوجہد کی تھی۔ سنتار ہا اور خود حجر / پتھر بن گیا۔ سوچ رہا تھا۔ یہ شخص کسی بادشاہ سے کم نظر نہیں آرہا۔ جن کے کپڑوں اور تاج میں قیمتی جواہرات جڑے ہوتے تھے۔ اسی سوچ میں گم تھا کہ اس دوران انہوں نے کسی عامل یا عمل بے عمل کا حجراتی نقش دکھایا جو نقش مثلث کے انداز میں وضع تھا اور انگوٹھی کی شکل میں تھا۔

پکھراج	مرجان	موتی
نیلم	ہیرا	زرقون
روبی یاقوت	لہسنیا	زمرد

جب اس کے پہننے کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا کہ اسے شمسی انگشت میں پہنیں اور نیلم کے خانہ کو ناخن کی پور کی طرف کر لیں۔ گویا کہ یہ طلسم زحل ہو گیا اور زحل کی ساڑھ ستی، ڈھایا اور نظراتی یا ادواری نحوست کو ٹالنے، دفع کرنے یا زحل کی خاص نحوست سے بچانے کے لیے ہو گیا۔ شمسی انگشت فراست الید / پامسٹری والے حجرات چھنگلی انگلی کے ساتھ والی کو کہتے ہیں۔ عربی زبان میں اس کا نام بنصر ہے۔ اس مقام پر میں نے عرض کیا کہ زحل کی انگلی تو ہاتھ کی درمیانی انگلی کو کہتے ہیں۔ شہادت کی انگلی مشتری سے منسوب کی جاتی ہے اور انگوٹھا مریخ کی علامت ہے۔ جب کہ چھنگلی انگلی عطارد ہے۔ انگوٹھے کے نیچے ابھرا ہوا گوشت زہرہ سے اور اس سے نیچے دوسرا بھرا ہوا گوشت قمر سے ہے۔ گویا یہ طلسم عطارد، قمر اور زہرہ کے متعلق نہ ہے۔ یا ان میں جو جواہرات جڑے ہوئے تھے۔ وہ ان کواکب کے مطابق نہ تھے۔ یہ طلسم حمل، سرطان، میزان اور جدی کے چاروں منقلب اوتادوں کے مطابق تھا۔ جس میں شمس، مریخ، مشتری اور زحل شرف پاتے ہیں۔ اگر نیلم کے خانہ کو انگلی کی نوک یا ناخن کی طرف کرنے سے یہ انگوٹھی زحل کی بن جاتی ہے۔ تو مرجان مریخ سے ہوگا۔ باقی دو زرقون اور لہسنیا شمس اور مشتری کے ہو جائیں گے۔ نیلم والی انگوٹھی جو تین نگینوں سے بنائی گئی تھی وہ جناب جام مہتاب صاحب اوباڑہ کے ہاتھ میں دیکھی تھی۔ ان طلسماتی انگوٹھیوں کو اس طرح پہنا جا سکتا ہے کہ مریخ کی انگوٹھی کو انگوٹھے میں پہنا جائے۔ مشتری کی انگوٹھی کو شہادت کی انگلی میں، شمس کی انگوٹھی کو چھنگلیا اور درمیانی انگلی کے درمیان والی انگلی میں پہنا جائے۔ قمر اور زہرہ کے طلسمات کو چھنگلی انگلی (جس کو سرائیکی میں چچی کہا جاتا ہے) میں پہنا جائے۔ چونکہ خود عطارد زوجسدین ہے۔ اس لیے یہ قمر اور زہرہ کے طلسمات کے لیے موزوں انگلی ہے۔ اس طلسم کی اربعہ عنصری تقسیم اس طرح ہے جس طرح نقش مثلث کی ہوتی ہے۔ ترتیب یا سمت بدلنے سے نقش کی تاثیر بدل جاتی ہے۔ نیلم کی سمت لینے سے طلسم چال آتشی، بادی، آبی اور خاکی بھی ہوگئی ہے۔ جو کہ علم الاعداد کے مطابق بھی ہے یا علم نجوم کے نو گرہوں / اجرام کے مطابق بھی نیلم نقش کی باقی چالیں اس طرح وضع کی جائیں گی۔

یاقوت نیلم پکھراج	زمرد لہسنیا یاقوت	موتی زرقون زمرد
لہسنیا ہیرا مرجان	زرقون ہیرا نیلم	مرجان ہیرا لہسنیا
زمرد زرقون موتی	موتی مرجان پکھراج	پکھراج نیلم یاقوت

اس طلسم میں ہیرا مرکزی نگینہ ہے۔ جیسا کہ شمس کو مرکزیت ہے۔ مرجان، نیلم، لہسنیا اور زرقون کو اوتادی حیثیت حاصل ہے۔ یاقوت، پکھراج، موتی اور زمرد مائل اوتادی اور زائل اوتادی حیثیت میں ہیں۔ گویا یہ طلسم شمس، قمر، راس،

ذنب، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری اور زحل کے لیے ہے۔ یا شمس، مریخ، مشتری، زحل، زہرہ، عطارد، قمر، راس، اور ذنب کے مطابق ہے۔ یا پھر طلسم شمس، عطارد، زہرہ (قمر، راس، ذنب) مریخ، مشتری اور زحل کے مطابق ہے۔ جناب کاظم ترابی صاحب فرمارہے تھے کہ یہ نو نگینے جواہرات حجرات میں سب سے زیادہ طاقتور اور درجہ اول کے سمجھے جاتے ہیں۔ یہ طلسم موجودہ زمانے کے نہایت ذہین اور فطین عامل جفار و منجم کی ذہنی اختراع ہے۔ اس طلسم سے عامل نے جہاں سائل کو فائدہ پہنچانے کی کوشش کی ہے۔ وہاں اپنی ذات کو بھی فائدہ پہنچایا ہے۔

پیارے قارئین کرام! جناب کاظم ترابی صاحب نے راہنمائے عملیات اپریل 2018ء میں جو باتیں اہل تشیع کے بارے میں درج تھیں۔ ان پر تبصرہ فرمایا اہل تشیع کے بارے میں بہت کچھ علمی اور فقہی باتیں ہوئیں تھیں جو شامل مضمون نہیں کی جاری ہیں۔ کیونکہ وہ نقش مضمون کے مطابق نہ ہیں۔ البتہ جناب کاظم ترابی صاحب سے کتب اربعہ اور نہج البلاغہ کی تمام جلدیں مطالعہ کے لیے مانگی تھیں۔ جن کا وعدہ فرما کر گئے تھے۔ جناب کاظم ترابی صاحب نے ضلع رحیم یار خان کی اہم روحانی شخصیت حضرت خواجہ غلام فرید رحمت اللہ علیہ کے سلسلہ کے بارے میں مزید معلومات لیں اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمت اللہ علیہ کے بارے میں سوال پوچھا کہ کیا علماء دیوبند آپ کی ذات کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔ کیا یہ حضرات آپ کو مانتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ دیوبندی اکثر سلسلہ چشتیہ میں داخل ہیں۔ حکیم الامت حضرت اشرف علی تھانوی صاحب بھی سلسلہ چشتیہ میں خلافت رکھتے تھے۔ عملیات کی معتبر کتب اعمال قرانی، نقش سلیمانی اور حرز سلیمانی آپ کی طرف منسوب ہیں۔ سلسلہ چشتیہ ہندوستان متحدہ کا سب سے بڑا سلسلہ ہے۔ دین اسلام میں بڑی خدمات کا سلسلہ ہے۔ اسی لیے حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمت اللہ علیہ کو سلطان الہند کہتے ہیں۔ اور آپ ہی کو خواجہ غریب نواز بھی کہتے ہیں۔ یہ روحانی سلسلے حضرت خواجہ حسن بصری رحمت اللہ علیہ کی نسبت سے حضرت علی رضی اللہ عنہ امام الاولیاء تک پہنچتے ہیں۔ جبکہ اہل تشیع روحانیت میں اثناء عشری ہیں۔ روحانیت اور علم باطنی کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ (اول العلم معرفة الجبار) پھر اس کی شرح فرمادی۔ جناب کاظم ترابی صاحب جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب کی تعریف فرماتے ہوئے ان کے علم نجوم، علم جفر اور دیگر علوم میں رسالہ راہنمائے عملیات کی تعریف فرمائی۔ مزید یہ فرمایا کہ کاغذ رسالہ کا اچھا نہیں ہے۔ البتہ مضامین معیاری ہوتے ہیں۔ جب کہ اس احقر العباد فضل محمود نقاش کو نصیحت فرمائی کہ آپ کا ایک صفحہ رسالہ آئینہ قسمت میں پرائز بانڈ کے سلسلہ میں چھپ رہا ہے۔ پہلے یہ صفحہ آپ کے نام پر براہ راست تھا۔ اب یہ زنجانی برادران میں سے سید مصور علی زنجانی صاحب کی تصویر کے ساتھ چھپ رہا ہے۔ آپ (مجھے مخاطب ہو کر فرمایا) اس نمبر الوجی سلسلہ سے توبہ کریں۔ آپ نے اس روحانی رسالہ میں غلط بنیاد ڈالی تھی۔ پھر باقی لوگ بھی آگئے۔ اب یہ رسالہ صرف پرچی جوا والوں کے لیے ہو گیا ہے۔ صرف یہی لوگ خریدتے ہیں۔ اس بات پر ماسٹر فضل محمود نقاش بہت نادم ہوا۔ بتایا گیا کہ

میں نے اس سلسلے کی بنیاد ضرور ڈالی تھی۔ مگر اب اس سلسلہ سے کنارہ کش ہو گیا ہوں۔ اس سلسلہ کو اب زنجانی برادران خود چلا رہے ہیں۔ جناب کاظم ترابی صاحب عالمی مجلس ادیان پاکستان کے رکن خاص ہیں۔ اس مقام پر میں عرض کیا کہ کیا پاکستان، افغانستان اور ایران باہم مل کر (عظیم عجم) بنالیں۔ ایک بڑے رقبے کے ساتھ بڑی معاشی اور عسکری قوت کے ساتھ ابھریں۔ تو جواب میں فرمایا ایرانی اپنے آپ کو شاہی خاندان کی قوم سمجھتی ہے۔ ایرانی نسلی تفاخر میں ڈوبی ہوئی قوم ہے۔ وہ ایسا نہیں کرے گی۔ اپنے آپ کو آریا قوم سمجھتی ہے۔ آریا قوم یعنی پارس کی قوم عربوں پر بھی فوقیت دیتی رہی ہے۔ ایران سے مراد آریا قوم کی سرزمین ہے۔ ایران زمانہ ماضی میں افغانستان اور پاکستان کی سرزمین پر بھی حاکم رہا ہے۔ شمال میں بھی کافی علاقے زیر قبضہ رہے ہیں۔

پیارے قارئین کرام! عاصم موبائیل سنٹر نہر بازار سمندری ضلع فیصل آباد سے جناب محمد ندیم اشرف صاحب نے ماسٹر احقر العباد فضل محمود نقاش سے احتجاج کیا ہے۔ انہوں نے رسالہ راہنمائے عملیات شمارہ اپریل 2018ء صفحہ نمبر 41 کے دوسرے کالم میں لفظ اپریل 2018ء کے عین نیچے علم فراست الید (پامسٹری یعنی ہاتھ کی ریکھا) کے بارے میں لکھا ہے کہ جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب مخفی وسری علوم (علم الجفر، علم الاعداد، علم الرمل اور علم فراست الید میں کامل مہارت رکھتے ہیں۔) چونکہ جناب محمد ندیم اشرف صاحب علم فراست الید (پامسٹری) میں خاص شغف رکھتے ہیں۔ ماضی میں اس فقیر احقر العباد ماسٹر فضل محمود نقاش نے جناب محمد ایاز نزل صاحب (رسالہ تحفہ روحانیت) کے دفتر ملتان میں موصوف جناب محمد ندیم اشرف صاحب کی سفارش کی تھی کہ ان کا مضمون پامسٹری پر اپنے رسالہ تحفہ روحانیات میں شائع فرمادیں انہوں نے سفارش مان کر انکاری سے اقراری ہو گئے۔ پھر مضمون شائع ہو گیا۔ رسالہ تحفہ روحانیات میں اس فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش کے مضامین بھی شائع ہوتے رہے ہیں۔ تو کسی مضمون میں جناب ندیم اشرف صاحب کے بارے میں ذکر ہو گیا۔ چنانچہ اس فقیر احقر العباد ماسٹر فضل محمود نقاش کی قلم سے ایک فقرہ میں کوئی ایک لفظ جناب محمد ندیم اشرف صاحب کی شان میں لکھا گیا۔ جو ذو معنی انداز میں تھا اس مضمون کے پڑھنے کے بعد جناب ندیم اشرف صاحب بہت

ناراض ہوئے۔ جواب طلبی فرمائی۔ معذرت بھی کی مگر غصہ کم نہ ہوا۔ پھر اپنے دوستوں سے گوشمالی کرائی۔ چنانچہ جناب ندیم اشرف صاحب کے مداح خواہوں نے اس لفظ پر میری بہت مٹی پلید کی تھی۔ حالانکہ ان کے پاس میرے فون نمبرز نہیں تھے۔ صاف ظاہر ہے کہ میرے نمبرز دیئے گئے تھے۔ اور احتجاج کرایا گیا تھا۔ آپ کے مداحوں نے نہال، طلال، دانیال کی طرح جلال کی زبان سے مجھے مخاطب ہوتے رہے۔ اس مرتبہ اب صاحب موصوف کو لفظ فراست الید پر اعتراض ہوا ہے۔ گویا کہ جناب ندیم اشرف کی نگاہ میں جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب پامسٹری (فراست الید) میں کمال نہیں رکھتے۔ خود کو بڑا باکمال اور ماہر مانتے اور خود کو تسلیم کرتے ہیں۔ بلکہ تسلیم کروانا چاہتے ہیں۔ لیکن کچھ حضرات کا خیال ہے کہ جناب ندیم اشرف صاحب بشیر احمد نامی ایک ماہر پامسٹ کی کتب سے مضامین لکھتے تھے۔ اور ان کی کتب سے استفادہ فرماتے تھے۔ یہ بات ان کے کسی حاسد نے کہی ہوگی۔ البتہ مجھے حسد نہ ہے۔ کیونکہ میں پامسٹری میں متعلق جاہل اور لاعلم ہوں۔ جو لوگ پامسٹ کو نجومی یا نجوم کو پامسٹ بولتے ہیں وہ بالکل غلط بولتے ہیں۔ دونوں الگ الگ ماہر ہوتے ہیں۔ جناب ندیم اشرف صاحب نے اس فقیر احقر العباد ماسٹر فضل محمود نقاش سے علم نجوم کی روح سے پوچھا ہے کہ مجھے پامسٹری کے ذریعے عزت، شہرت اور دولت کب ملے گی۔ موصوف کی تاریخ پیدائش (3 اگست 1974ء بروز ہفتہ) سے اسی سوال کے مطابق موصوف کے 21 مزید سوالات ہیں۔ جس سے پورا معاشرتی علوم کا پرچہ امتحانی بن جاتا ہے۔ جناب محمد ندیم اشرف صاحب نے انہیں سوالات کے تحت کراچی میں جناب لیاقت منجم صاحب اور جناب سید انور فراز صاحب سے رجوع فرمایا۔ ٹھٹھہ جنگ شاہی کے ماسٹر شوکت علی بروہی مرحوم صاحب سے رابطہ فرمایا تھا۔ جناب منجم ماہر فلکیات غلام رضا عسکری اعوان صاحب نواب شاہ سے اپنا زائچہ بنوایا۔ رحیم یار خاں کے جناب رفعت شیخ صاحب کے سامنے اپنا سوال رکھا۔ ملتان کے محترم ایاز نرمل صاحب کی خدمت میں یہی سوال رکھا۔ جناب رشید منجم صاحب مرحوم اسلام آباد کی خدمت میں بھی یہی سوال دہرایا گیا۔ ان حضرات میں سے جو حضرات ہندی نجوم پر عمل کرتے تھے۔ انہوں نے موصوف کا طالع وقتی میزان بنایا اور جو یونانی نجوم کی طرف مائل ہیں۔ انہوں نے طالع وقتی عقرب بنایا ہے۔ البتہ ان کی درجات میں فرق ضرور ہے۔ موصوف نے اپنی پیدائش 13 تا 14 بجے درمیان بتاتے ہیں۔ اس لیے تمام حضرات نے درمیانی وقت مختلف چاہے۔ درمیانی وقت 13 بجے، 13 بجکر 30 منٹ یا مکمل 14 بجے لینے سے طالع وقتی کے درجات یونانی عقرب میں 18 یا 24 وغیرہ لیئے ہیں۔ اس طرح ادوار سیارگان میں فرق آگیا ہے۔ جناب سید انور فراز صاحب اور غلام رضا عسکری اعوان صاحب موصوف صاحب کو ہندی زائچہ بنا کر بڑی تفصیل سے زائچہ کے احکامات لگا کر سمجھائے ہیں۔ مگر موصوف کو سمجھ میں نہ آئی ہے یا وہ جس طرح چاہتے ہیں۔ اس طرح کے جوابات نہیں دیئے گئے۔ موصوف چاہتے ہیں کہ تسخیر عوام ہو جائے بڑے بڑے مکانات ہوں۔ اعلیٰ قسم کے لوگ آکر قدم بوس ہوں۔ لکھ پتی اور کروڑ پتی بن جاؤں۔ بہت شہرت ہو بہت زیادہ مال وزر ہو۔ بیرون ممالک میں آمد و رفت ہو۔ پامسٹری کے علم و فن میں شہرہ آفاق ہو جاؤں چنانچہ یہ سوال اس فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش کے سامنے رکھ دیا۔ اسے آپ میرے لیے امتحان سمجھ لیں۔ آپ کا سوال کچھ اس انداز کا تھا کہ فن دست شناسی اور روحانیت میں مقامی سطح پر عزت، شہرت مل سکتی ہے یا نہیں اگر مل سکتی ہے تو کب تک؟ دولت کے لحاظ سے سنہری دور کب شروع ہوگا اور کتنا عرصہ رہے گا؟ عزت و شہرت کے لحاظ سے سنہری دور کب ہوگا۔ اور کتنا عرصہ رہے گا۔ کیا بڑھاپے میں دولت، عزت و شہرت کے ساتھ زندگی بسر ہوگی یا نہ؟ ان سوالات کے جوابات اس احقر العباد ماسٹر فضل محمود نقاش نے بھی دیئے تھے۔ آپ نے انہیں سوالات کے تحت ماضی میں رابطہ کیا تھا۔ ان کے جوابات بھی دیئے تھے۔ مگر صاحب کی دلی تسلی نہ ہوئی تھی۔ چونکہ میرے پاس کمپیوٹرائزڈ کی سہولت میسر نہ تھی۔ اس لیے کچھ سوالات کے جوابات دینے سے قاصر تھا۔ خاص طور پر ادوار سیارگان میں مشکل پڑتی تھی۔ اپنی قلبی تسلی کے لیے یا پامسٹری کے مطابق جوابات کو اپنے دست کی ریکھاؤں سے اخذ کر کے نجوم کے مطابق مطابقت پیدا کرنے کے لیے مختلف منجم حضرات سے رابطہ کیا۔ جو رسالہ راہنمائے عملیات، تحفہ روحانیات، رسالہ آئینہ قسمت وغیرہ میں لکھ رہے تھے۔ یا صاحب ادارہ حضرات تھے۔ مضامین نگاروں میں سے جناب ندیم اشرف صاحب کو جناب سید انور فراز صاحب اور جناب غلام رضا عسکری اعوان صاحب نے ہندی نجوم اور منجم لہری کے قواعد کے مطابق زائچے بنا کر احکامات لگا دیئے۔ باقی حضرات نے یونانی قواعد سے اور گرین وچ رصدگاہ کے نجوم سے جوابات دیئے۔ تو جناب ندیم اشرف صاحب عجیب کش مکش میں مبتلا ہو گئے۔ جو زائچہ اس فقیر احقر العباد نے بنا کر دیا۔ اس میں ادوار سیارگان استخراج کر کے دیئے تھے۔ اور جو احکامات لگائے تھے۔ اگر دیکھا جائے تو سب محترم منجم حضرات نے درست احکامات لگائے تھے۔ میری طرف سے ایک حل یہ تھا کہ ندیم اشرف صاحب اپنی جائے پیدائش کے عرض بلد اور طول بلد سے ہجرت کر لے تو سب کچھ مل سکتا ہے۔ چنانچہ لاہور کی طرف ہجرت کرنے کی تجویز دی تھی۔ جس پر عمل نہ کیا گیا۔ نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات والا ہوا۔ یہ صاحب چاہتے ہیں کہ سمندری میں سمندر جتنا مال و زر مل جائے۔ جو کہ محض خواب و خیال بات ہے۔ یا پھر ناجائز ذرائع استعمال کرے تو یہ خواب اور خیال پورے ہو سکتے ہیں۔ مگر آپ نے اس پر عمل نہ کیا یا عمل نہ کر سکے۔ پیارے قارئین کے لیے۔ اس فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش نے جناب ندیم اشرف صاحب سے عرض کیا کہ یہ بندہ تو نجوم و فلکیات میں بالکل بے بس ہے۔ نجوم کے قواعد سے نابلد ہے۔ نجوم جفر کے رسالوں سے کچھ سوجھ بوجھ پڑی ہے۔ آپ کے فن دست شناسی میں کیا آپ کے ۲۲ سوالات کے جوابات حل نہیں ہیں۔ تو فرمایا کیوں نہیں ہیں اگر پوچھیں کہ آپ کا انگوٹھا کیا کہتا ہے؟ ان کی پوریں، گرہیں کیا کہتی ہیں؟ آپ کی انگلیاں کیا کہتی ہیں؟ آپ کے ناخن کیا کہتے ہیں؟ آپ کا ہاتھ کس قسم کا ہے؟ آپ کے سوالات تو فلاسفروں کی طرح ہیں۔ آپ کی کس انگلی کا ابھار نمایاں ہے۔ ابھار مشتری اور ابھار زحل دونوں مل کر کیا کہتے ہیں؟ ابھار شمس اور ابھار عطارد کیا کیا کہتے

ہیں؟ آپ کا خط حیات آپکی زندگی کو کس طرح بسر کرتا بتاتا ہے اور کتنی بتاتا ہے؟ ابھار زہرہ کیا کہتا ہے؟ قوت حیات کتنی ہے؟ عرصہ حیات کتنا اچھا ہے؟ خط تقدیر کس انگلی کی طرف رجوع کرتا ہے؟ خط قلب وخط دماغ کیا کیا بتاتے ہیں؟ کیا آپ کے ہاتھ میں خط شہرت ہے یا نہ ہے؟ خطوط گہرے ہیں یا ہلکے ہیں؟ جوش نما ہیں یا نہ ہیں؟ شکستہ ہیں یا نہ ہیں؟ ان خطوط پر کوئی مربع، مثلث یا مزید کوئی ریکھا/خط تو نہیں نکلتا؟ آپ کے ہاتھ میں جو کچھ لکھا ہوا ہے۔ وہی آپ کو ملے گا۔ آپ کے ہاتھ کو تاریخ پیدائش عیسوی، بکرمی یا ہجری قمری کی ضرورت نہیں ہے۔ نہ وقت پیدائش اور مقام پیدائش کی ضرورت ہے اور نہ آپ کے نام اور آپکی والدہ کے نام کی ضرورت ہے۔ آپ کے ہاتھ میں آپ کے سب سوالوں کے جوابات ہیں۔ عرصہ ابتداء تا انتہا موجود ہے۔ بچپن، جوانی اور بڑھاپے کے ادوار بھی موجود ہیں۔ آپ خواہ مخواہ نجومیوں کے پیچھے پھر رہے ہیں۔ اگر یہ بات درست نہ ہے۔ ہاتھ کی لکیروں میں درج بالا سوالات کے جوابات نہیں مل سکتے۔ محض اجمالی اور مجموعی طور پر کیا جاسکتا ہے کہ یہ آدمی امیر ہوگا یا غریب ہوگا۔ شہرت ملے گی یا نہ ملے گی۔ بچپن، جوانی اور بڑھاپا کیسے گزرے گا۔ اولادیں کتنی ہوں گی۔ شادیاں کتنی ہوں گی۔ اگر ان سوالوں کے جوابات پامسٹری دیتی ہے۔ تو نجوم بالکل غلط علم ہے۔ کیونکہ یہ جنتری کا محتاج ہے۔ جنتری سیارگان کی محتاج ہے۔ اگر رصدگاہ سے رفتار سیاگان میں فرق پڑ جائے تو سارا زائچہ غلط ہو جاتا طالع وقتی اور درجات کے فرق سے سارا حساب غلط ہو جاتا ہے۔ طالع شمسی اور طالع قمری کے الگ حسابات ہیں۔ جب کہ پامسٹری ایسے جھنجھٹ سے پاک وصاف ہے۔ پامسٹری یعنی دست شناسی میں ایک اور اہم بات ہے کہ مرد حضرات ہاتھ دکھائیں یا نہ دکھائیں خواتین ضرور ہاتھ دکھاتی ہیں۔ اگر انہیں زائچہ بنا کر سمجھائیں تو انہیں کچھ سمجھ میں نہیں آتا جب تک ان کا ہاتھ پکڑ کر یہ نہ بتائیں کہ آپ کا ہاتھ بہت نرم اور خوبصورت ہے۔ آپ کے ہاتھ میں امیری ہے۔ بہت اچھے اور اعلیٰ آدمی سے شادی ہوگی۔ بہت مال دار ہو جاؤ گی۔ یہ سوال اکثر امیر گھرانے کی عورتیں اپنی بچیوں کے لیے پوچھتی ہیں۔ جن کی شادی کے لیے خاص طور متفکر ہوتی ہیں۔ مگر رشتہ نہیں آرہا ہوتا یا۔ پھر وہ کسی امیر زادے کو پھنسا رکھا ہوتا ہے۔ ان کو ڈر ہوتا ہے کہ کہیں یہ لڑکا بھاگ تو نہ جائے گا۔ ہر دو صورت میں وہ امیر خاتون اپنی بیٹی کے لیے ایسے سوالات کرتی ہیں اور اپنی بچی کا ہاتھ بھی دکھاتی ہیں۔ زائچہ پر اعتبار اور اعتماد کم کرتی ہیں۔ چنانچہ دست شناسی سے اپنی بچی کا ہاتھ دکھاتے ہوئے یہ سوال بھی کیا جاتا ہے کہ خاوند ہر وقت آپ کی خدمت داری کرتا رہے گا۔ غلام بن کر زندگی گزارے گا؟ ساس اور نندیں بھی منہ دیکھ کر جیتی رہیں گی؟ چنانچہ جب نجومی ایسی عورت کو خراب وقت کی خبر سناتا ہے تو نجومی اسے بڑا برا لگتا ہے۔ بلکہ جھوٹا لگتا ہے۔ اگر کوئی عورت کسی ایسے خراب وقت کا شکار ہو جائے۔ جس پر زحل کی نحوست یا ساڑھ ستی یا کسی دیگر وجہ سے نحوست کے اثرات پڑنے لگیں۔ باقی دیگر سیارگان کی نحوست آجائے۔ تو نجومی کی یہ بات اس عورت کو سمجھ میں نہیں آتی۔ البتہ جفار ایسی عورت کو جلدی اپنا شکار بنالیتا ہے۔ بولتا ہے کہ تم واقعی امیر اور سردار عورت تھی مگر آپ کے دشمنوں اور حاسدوں نے آپ پر کالا جادو کر دیا ہے۔ آپ پر بندش کر دی گئی ہے۔ پھر اس کا حل نورانی علم سے کرتا ہے۔ جب اس میں ناکام ہو جاتا ہے۔ تو خود کالے علم سے کام کرانے کی دعوت دے دیتا ہے۔ یا پھر کسی کالے علم والے عامل کا در دکھاتا ہے۔ جہاں عورت اپنی ذاتی دولت (عصمت) دے کر کام کراتی ہے۔ اس طرح عورت ساری زندگی کے لیے برباد ہو جاتی ہے۔ بلکہ ''سرعام'' ذلیل وخوار ہو جاتی ہے۔ اور کچھ خواتین کو ''سرعام'' والے سرعام رسوا کر دیتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہمارا پروگرام اچھا ہے۔ بے شک پروگرام اچھا ہے۔ مگر اصلاح کا انداز غیر اسلامی ہے۔ اسی طرح اگر جناب محمد ندیم اشرف صاحب پامسٹری (دست شناسی) کو روحانیت سمجھتے ہیں یا روحانیت کی شاخ سمجھتے ہیں۔ تو آپ روحانیت کو نہیں سمجھتے۔ نہ پامسٹری روحانیت کا حصہ ہے۔ اور نہ روحانیت پامسٹری کا حصہ ہے۔ اگر ندیم اشرف صاحب ایسا سمجھتے ہیں تو جاننا چاہیے۔ کہ آپ گمراہ ہیں۔ یا مخصوص فکر کے تحت بدراہ ہو چکے ہیں۔ اگر تمام پامسٹ حضرات روحانی بزرگ ہیں تو ایسے بزرگوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔ پامسٹری/دست شناسی علم قیافہ کا حصہ ہے۔ جس طرح علم الاعداد علم الجفر کا حصہ ہے۔ جب کہ علم نجوم ایک بنیادی علم ہے۔ علم جفر، علم اعداد، علم رمل اور علم پامسٹری میں منسوبات علم نجوم کے مطابق ہیں۔ ماشاء اللہ جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب علم نجوم میں ماہر اور یکتا اور لاثانی ہیں۔ لیکن لاثانی سرکار نہیں ہیں۔ یہ لاثانی سرکار بریلویت کے مسلک کا لباس پہن کر اس زمانہ کے غلام احمد قادیانی ہیں۔ جب کہ جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب پکے اور سچے مواحد مسلمان ہیں۔

پیارے قارئین کرام! جناب محمد ندیم اشرف صاحب نے فرمایا ہے کہ کوئی ایسا عمل بتائیں جس سے غیبی مالی فتوحات اور تسخیر خلائق بے تحاشہ ملے۔ اس سوال کے بارے میں جناب سید انور فراز صاحب کے متعلق فرمایا کہ وہ فرماتے ہیں کہ کوئی ایسا عمل نہیں ہے۔ جس سے تسخیر خلائق ہو اور تسخیر مال وزر ہو۔ حالات اس وقت بدلتے ہیں۔ جب آدمی کے زائچہ جات پیدائشی کے سیارے بدل کر سعد حالت میں آجاتے ہیں۔ رجعت سے استقامت میں آتے ہیں۔ وبال، زوال، حضیض، ہبوط، سقوط، غروب اور خانہ دشمن سے نکل کر طالع، عروج، اوج شرف، طلوع اور خانہ دوست میں آتے ہیں۔ یا نحس ومنحوس سیارگان کی بجائے سعد ومسعود سیارگان سے قران کرتے ہیں۔ تثلیث وتسدیس بناتے ہیں۔ تربیع ومقابلہ میں نہیں ہوتے۔ تب عزت وشہرت ملتی ہے۔ مال ودولت ملتی ہے۔ یاد رکھیئے یہ عقیدہ نمرود کے زمانہ میں آذر کا تھا۔ جس کے خلاف حضرت ابراہیم علیہ السلام آواز حق بلند فرمائی۔ عرب و فارس کی اقوام میں صابی اور مجوسی اقوام کا یہی نظریہ وعقیدہ تھا۔ مجوسی خیر کے لیے یزدان کو خدا مانتے تھے۔ جن کا حاکم مشتری تھا۔ شر کے لیے ہرمن خدا تھا۔ جس کا حاکم زحل تھا۔ اسی لیے منجم حضرات آج بھی سعادت ونحوست کے لیے یا امارت و غربت کے لیے زائچہ میں مشتری اور زحل کو خاص طور پر دیکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ علماء اسلام نے کسی مسلمان کو نجومی کے پاس جانے سے منع کرتے ہیں۔ کیونکہ ایسے

بلڈ سٹون
دلیری بہادری
آپ میں یا آپ کے بچہ میں چاہے لڑکا ہو یا لڑکی یا کسی اور فرد میں دلیری اور بہادری کی کمی ہے تو اس کو بلڈ سٹون استعمال کروائیں۔ دماغ سے خوف دور ہوگا۔ یہ پتھر گو زیادہ قیمتی نہیں لیکن ہے کم یاب، توجہ سے خریدیں۔

عقائد کی وجہ سے مسلمان کے کافر ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ ہندوستان میں نجوم مذہب میں شامل ہے۔ ہندو جنم کنڈلی کے مطابق زندگی گزارتا ہے۔ ہندو سیارگان کے ساتھ ساتھ چلتا رہتا ہے۔ اس طرح وہ کبھی خوشحال نظر آتا ہے تو کبھی بدحال نظر آتا ہے۔ بے شک جناب سید انور فراز صاحب ہندی نجوم پر یقین رکھتے ہیں۔ مگر آپ کا عقیدہ مندرجہ بالا مذکورہ بات کے مطابق ہرگز نہ ہوگا۔ بات سمجھانے میں یا بات سمجھنے میں جناب محمد ندیم اشرف صاحب کو غلط فہمی ہوتی ہوگی۔ جناب سید انور فراز صاحب قرآن مجید کی کسی سورت یا آیت مبارکہ یا اسم الٰہی کی تاثیر سے انکاری نہ ہوں گے۔ کیونکہ خود شارح اعظم حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بھوک وافلاس یا تنگ دستی کو دور کرنے کے قرآن مجید کی سورہ پڑھنے کا حکم فرمایا ہے۔ کشائش رزق کے لیے اولیاء کرام کے بہت سے عملیات منقول ہیں۔ سلسلہ چشتیہ، قادریہ، نقشبندیہ، سہروردیہ اور خواجگان اور ادیسہ میں کشائش رزق اور افزائش رزق کے لیے اورا دووظائف موجود ہیں۔ ان سلاسل کے لوگ وظائف پر مداومت کر کے امیر کبیر ہوئے ہیں اور کچھ حضرات نے تعویذات ونقوش کی برکت سے مالا مال ہوتے رہے ہیں۔ اگر تعویذات پر اعتراض کیا جائے تو اورادووظائف پر اعتراض کرنا صحابہ کرام کے عمل اور اولیاء کرام کے عمل پر اعتراض بنتا ہے۔ یہ سب منتر نہیں ہوتے تھے۔ بلکہ قرآن مجید کی سورتیں اور آیات ہوتی تھیں یا اسماء الحسنیٰ میں سے چند اسماء الحسنیٰ ہوتے تھے۔ بعض جعلی پیر یا بے عمل پیر تسخیر اور فتوحات کے لیے ایک اور راستہ نکالتے رہے ہیں۔ وہ یہ کہ خود بزرگوں والی شکل اختیار کر کے اپنی نظریں جھکا کر قلب پر مرکوز رکھتے تھے۔ اپنے مریدین کو دکھاوے کے لیے الگ کمرہ یا حجرہ میں مقیم ہو جاتے (آپ اس سے حجرہ مقیم شاہ شہر یا علاقہ مراد نہ لیں) پھر باہر پیر صاحب کا خلیفہ اپنے پیر ومرشد کی کرامات، ولایات اور کرشمات میں غلو کر کے بیان کرنا شروع کر دیتا۔ عورتوں میں اسے پہنچی ہوئی سرکار (خدا رسیدہ پیر) بیان کرتا۔ ان سے من کی مرادیں پوری کرانے کی ترغیب دیتا تھا۔ اس طرح پیر خود نہ اڑتا تھا۔ بلکہ اسے اس کا خلیفہ پر لگا کر اڑاتا تھا۔ پیر کو کافی بھاری بوہل یعنی نذرانہ دلاتا تھا۔ بعد میں خلیفہ ان نذرانوں میں برابر کا شریک ہو کر مساری الحصہ تقسیم کر کے لیتا تھا۔ یہ مسخرات اور فتوحات کا آسان ترین طریقہ کار ہوا کرتا تھا۔ چونکہ عورت شیطان کا جال ہے۔ خود عورت حرص وہوس اور حسد یا عناد وفساد کا شکار ہے۔ عورت ایسے خلیفوں کی ترغیب میں جلد آجاتی ہے۔ عورت بھی مال وزر کی طلب گار ہے۔ دوسرے کی خوشحالی سے حسد کر کے بدحالی وبربادی کی خواہاں رہتی ہے۔ یا دو میاں بیوی کا پیار ایک آنکھ بھاتا تو ان کے درمیان بغض وعناد یا فساد ڈالنے کے لیے تعویذات لیتی پھرتی ہے۔ یا کرتی پھرتی ہے۔ چنانچہ ہوس کی شکار عورت کبھی خلیفہ کی ہوس کا شکار ہو جاتی ہے اور کبھی جعلی پیر کی ہوس کا شکار ہو جاتی ہے۔ اس ترغیب پر کہ اس طریقہ کار سے عمل سریع الاثر ہو جاتا ہے۔ پھر یہی عورتیں یا ایجنٹ عورتیں ایسے عاملوں کی ایسی بے پر کی اڑاتیں ہیں کہ وہ پیر آناً فاناً علاقوں میں مشہور ہو جاتا ہے۔ شہرت بھی مل جاتی ہے۔ عزت بھی ملنا شروع ہو جاتی ہے۔ اور مال ودولت بھی ملنا شروع ہو جاتا ہے۔ کچھ لوگ اس کو بھی روحانیت اور بزرگی کہتے ہیں۔ یا فتوحات ومسخرات بھی اسی قاعدہ وعمل کے ذریعہ حاصل کرتے ہیں۔ بعض عامل حضرات تسخیر خلائق میں عورتوں کو مسخر کر کے ان سے دونوں کام لیتے ہیں۔ مال ودولت بھی بٹورتے ہیں اور اپنی ہوس بھی پوری کرتے ہیں۔ مسخرات کے عمل سے عورتیں ہر دو عمل کے لیے تیار ہو جاتی ہیں۔ جناب محمد ندیم اشرف صاحب کے زائچہ پیدائش میں یہ بات عیاں کھڑی ہے کہ آپ کی ذات بیوکات میں جنس ثانی اور جنس ثالث کی طرف رجحان ہے۔ طالع عقرب سے تسخیر مستورات وخواتین با آسانی ہو سکتی ہے۔ پامسٹری بھی اسی طالع کے تابع ہے۔

پیارے قارئین کرام! یہ فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش نہ تو ماہر نجوم ہے اور نہ ہی ماہر عملیات ہے۔ البتہ سلسلہ روحانیت میں سلسلہ چشتیہ کے بزرگ خواجہ غلام فرید رحمت اللہ علیہ کوٹ مٹھن والی سرکار کے سلسلہ فریدیہ سے تعلق ہے۔ فرید آباد شریف میں سانول کریم سائیں کے خانوادہ میں جناب عبدالرسول سائیں سے دست بیعت کی تھی۔ میرے والد ماجد حاجی غلام محمد صاحب مرحوم کو فیض اسی آستان سے ملا تھا۔ عملیات کی دنیا میں عزت اور شہرت اس احقر العباد فضل محمود نقاش کو کچھ وراثت میں ملی ہے اور کچھ خود کمانے کی کوشش کی ہے۔ چونکہ یہ فقیر اپنے والد کی طرح پورا با عمل تو نہ ہو سکا۔ البتہ نام اور کام کو باقی رکھا ہوا ہے۔ اگر چہ روحانیت تو نہیں ہے۔ البتہ عملیات کا علم وفن ضرور جانتا ہوں۔ ایک سیدھا سادہ سکول ماسٹر ہوں۔ سکول ماسٹر کے انداز میں بود وباش رکھتا ہوں۔ ترنڈہ محمد پناہ میں ادنیٰ لوگوں کی طرح رہائش رکھتا ہوں۔ اساتذہ کرام کی از حد عزت کرتا ہوں۔ میرا عقیدہ اس طرح ہے کہ مشرق، شمال اور جنوب کی طرف آدمی بیٹھے ہوں اور قبلہ وکعبہ کی طرف جگہ خالی ہو۔ منہ میں ایسی تھوک آجائے جس کو گرانا یعنی تھوکنا پڑ جائے۔ تو اس کو نگلنا کراہت کا عمل ہے۔ جو باعث نفرت ہو سکتا ہے۔ آدمی اور انسانوں کی تکریم کی وجہ سے قبلہ رخ تھوکنا مباح سمجھتا ہوں۔ زمین پر تھوکنے سے منہ کسی سمت ضرور ہو جاتا ہے۔ البتہ آسمان کی طرف منہ کر کے نہیں تھوکنا کیونکہ آسمانی پر تھوکنا منہ کی طرف آتا ہے۔ یعنی صاحب علم وعالم وفن پر اعتراض کرنا یا اس کی شان کم کرنا آسمان پر تھوکنے کے مترادف ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

☆☆☆

برج سرطان

تحریر: سید عرفان، اسلام آباد۔

مختصر منسوبات

جنسی خواص	عنصری خواص	جسدی خواص
مونث	آبی	منقلب
حاکم کوکب	مخصوص دن	مخصوص حروف
قمر	پیر، منگل، جمعہ	ح، ھ
جسم کا حصہ	مخصوص رنگ	مخصوص پتھر
معدہ	سفید، نسبتی، پیلا	موتی، ہیرا، مرجان

موزوں کھانے:۔

دودھ، کھیر، شیرینی۔

موزوں کھیل/شوق:۔

کھانا پکانا، جہاز رانی، سلائی، پانی سے متعلق کھیل، ایسے کھیل/معمے جن میں یاداشت کا استعمال ہو۔

موزوں جڑی بوٹیاں اور پودے:۔

گوبھی، زیتون، سلاد، کدو، شلجم، مشروم۔

پیشہ:۔

زمین کی خرید وفروخت، نرسنگ۔

ڈاکٹر خصوصاً بچوں کے، نرسنگ، ادویہ سازی، ہوٹل، بیکری، ڈیری فارمنگ، تجارت، نوادرات، آثار قدیمہ، سماجی بہبود، باغبانی، پودوں سے متعلق کام، تصنیف و تالیف، تعلیم و تدریس، مشروبات، مچھلی کا کام، ملاح، شہد کا کام، اور فارمہ، مصوری، شاعری، موسیقی، آرٹ، گھریلو ضرورت کی اشیاء فرنیچر، آرائش کا سامان وغیرہ، جانوروں کی پرورش۔

عام خصوصیات

برج سرطان کے افراد حساس، رحم دل، ہمدرد اور مہربان ہوتے ہیں۔ یہ اپنے گھر اور خاندان کے لوگوں کی پرورش صحت یابی اور نگہداشت کا بہت خیال کرتے ہیں اور ان کے لیے بہت نرم گوشہ رکھتے ہیں۔ اپنے قریبی لوگوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ اگرچہ باہر سے صحت مند لگتے ہیں۔ لیکن نرم دل ہوتے ہیں، وجدان کے حامل ہوتے ہیں۔ تخیلی خیالات رکھتے ہیں۔ حاضر دماغ ہوتے ہیں اور جانتے ہیں کہ کب دوسروں سے رابطہ رکھنا ہے اور کب نہیں۔ احتیاط پسند اور دفاعی طبیعت کے حامل ہوتے ہیں۔

موزوں حالات/منسوبات:۔

مائع اشیاء، پانی، دریا سمندر اور پانی سے متعلق اشیاء، انسانوں اور جانوروں کے شیر خوار بچے، شراب خانے، فلاحی ادارے، لیبارٹری، ہوٹل، بچوں کے ڈاکٹر، ملازم، گھریلو ملازم، جائیداد کی خرید وفروخت کرنے والے۔

موزوں اشیاء:۔

کشمش، پکانے کے برتن، باغبانی کے آلات، گھر میں استعمال کے آلات، تیرنے کا سامان، تحفے، گملوں میں لگے پودے۔

صحت:۔

سرطان افراد بہت حساس ہوتے ہیں اس لیے وہ چھوٹی چھوٹی باتوں کی ٹینشن لیتے ہیں اور اس کا اثر ان کی صحت پر آتا ہے۔

محبت کے معاملات:۔

محبت میں یہ دل و جان سے چاہتے ہیں۔ سچے دل سے پیار کرتے ہیں اور کبھی فلرٹ نہیں کرتے۔

مثبت خصوصیات

گھر اور خاندان کا خیال رکھنے والے رحمدل اور شفیق انسان وجدانی کے حامل افراد ہوتے ہیں۔ گھر اور اس کی افراد کی حد درجہ حفاظت کرتے ہیں۔ جذبات ان کی زندگی میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اگرچہ حساس اور اندر سے ڈرے ہوئے ہوتے ہیں۔ لیکن حد درجہ وفادار ہوتے ہیں۔ یہ لوگ گھر کے کھانوں کے شوقین ہوتے ہیں۔ یہ لوگ وفادار، وطن دوست، دوسروں کے لیے مدد کرنے والا، کفایت شعار، زیرک اور سمجھ دار ہوتے ہیں اور گھر کو بنا کر رکھنے والے ہوتے ہیں۔

صحت کی بہتری کے لیے ان کو چھوٹی چھوٹی باتوں کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے اور کھانا پینے کے معاملے میں احتیاط سے کام لینا چاہیے۔

یہ محبت میں اپنے جذبات کا اظہار ٹھہر ٹھہر کر کرتے ہیں حالانکہ ان کا دل محبت سے لبریز ہوتا ہے اور کوئی بھی رشتہ قائم کرنے سے پہلے خوب سوچ لیتے ہیں۔ ان کی زندگی میں رشتوں اور محبت کی بہت اہمیت ہوتی ہے۔

جواہر الماۃ

